روئداد - اجلاس پنجم

(36)

JAMIA LIB

اس اعطاف والطاف شاہنشاہی کی بابت محسوس کرتی ہے جو جشن تاجپوشی دہلی کے مقررہ تاریخ کو عشرۂ محرم مین ملتوی کرنے سے ظاہر ہوئی نہایت خلوص اور وفاداری کے ساتھ شکریہ ادا کرتی ہے۔

محرک۔ سید صادق حسین صاحب سکرٹری انجمن ناصر الاخلاق جونپور۔

موید۔ مولوی سید وزیر حسین صاحب بی۔ اے۔ ایل۔ ایل بی۔ ضلع سارن۔

رزولیوشن نمبر (۶)

یہ کانفرنس تجویز کرتی ہے کہ پیسہ فنڈ کے جنرل سکرٹری کی ماتحتی مین جن اضلاع مین ممکن ہو ایک ایک آنریری سکرٹری اسی وقت معین کیا جاوے اور ما بقی دیگر اضلاع کے لیے جنرل سکرٹری سال بھر کے واسطے سکرٹریان معین کرتے رہین۔

محرک۔ چودھری سید نظیر الحسن صاحب رئیس مہابن۔

موید۔ سید وقار حسین صاحب سب انسپکٹر۔

رزولیوشن نمبر (۷)

چونکہ دفاتر سرکاری وعدالتہائے دیوانی ومال وفوجداری وسکول وکالج مین زمانۂ عشرۂ محرم مین صرف یوم عاشورہ تک تعطیل رہتی ہے اور تمام اہل تشیع شب عاشورہ بیداری تمام روز عاشورہ مراسم عزاداری وفاقہ مین مصروف رہنے کی وجہ سے اس قابل نہین ہوتے کہ وہ دوسرے روز باوجود موجودگی ضلع بھی باطمینان حاضر دفتر ہوسکین چہ جائیکہ دور و دراز مقامات کے سفر اختیار کرکے دفاتر مین حاضر ہوسکین لہذا بلحاظ تکلیف اہل مقدمہ وملازمین سرکاری یہ کانفرنس گورنمنٹ ہند اور مقامی گورنمنٹون سے استدعا کرتی ہے کہ ۱۱ محرم کو بھی عام تعطیل قرار دیجائے۔

[library stamp]

محرک - مولوی شیخ محمد احسین صاحب پنشنر ہیڈ ماسٹر اسکول ہردوئی -

موید - مولوی سید غلام مرتضیٰ صاحب جونپوری -

رزولیوشن نمبر (۸)

حضور پرنور کرنل ہزہائینس عالیجاہ فرزند دلپذیر دولت انگلشیہ مخلص الدولہ ناصر الملک امیر الامرا نواب سر محمد حامد علی خانصاحب بہادر مستعد جنگ جی سی ای ای فرمانروا رامپور اینڈ ینگانگ تو رجیسٹی وی کنگ امپررنے جو خسروانہ ہمدردی شیعہ کانفرنس کے ساتھ فرمائی ہے کہ باوجود بعض عذرپیش آجانے اور اجلاس پنجم مین شرکت نہ فرما سکنے کے دار الریاست سے اپنی رکن ریاست یعنی جناب شیر زمان خانصاحب کے ہمراہ اپنی اسپیچ جسکے حرف حرف سے کانفرنس کی سرپرستی کے آثار ظاہر ہو رہے ہین روانہ فرمائی لہذا تمام کانفرنس حضور پرنور کا تہ دل سے شکریہ ادا کرتی ہے -

ازطرف صدارت -

موید - کل جلسہ -

رزولیوشن نمبر (۹)

یہ کانفرنس تجویز کرتی ہے کہ مسئلہ وقف علی الاولاد کی بابت جو بل پیش ہوا ہے اوسمین مسائل مذہب امامیہ کی مطابقت کا اطمینان کر کے بتوسط جناب مولانا السید محمد حسین صاحب قبلہ پریسیڈنٹ کانفرنس تائید کیجاوے -

محرک - نواب مرتضیٰ حسین خان صاحب لکھنؤ

موید - جناب مولوی سید سبط حسین صاحب ممتاز الافاضل لکھنؤ

رزولیوشن نمبر (۱۰)

یہ کانفرنس تجویز کرتی ہے کہ امامیہ مشن کا کام اس سال شروع کر دیا جاوے۔

محرک۔ پروفیسر مرزا احمد ہادی صاحب بی۔ اے۔ لکھنؤ

موید۔ مولوی سید قاسم علے صاحب ایڈیٹر العوارف لکھنؤ

رزولیوشن نمبر (۱۱)

یہ کانفرنس گورنمنٹ آف انڈیا و لوکل گورنمنٹ کی ممنون ہے کہ اوسنے از راہ مراحم خسروانہ انجمن خاندان شاہی لکھنؤ کی تحریک پر جو ممبران خاندان شاہی اودھ کی اولاد کی تعلیم کے واسطے وظایف مقرر فرماکر اونکی تعلیم کیطرف خاص توجہ فرمائی۔

محرک۔ سید مظفر علے خاں صاحب جائنسؔ۔

موید۔ پروفیسر مرزا احمد ہادی صاحب بی۔ اے لکھنؤ۔

رزولیوشن نمبر (۱۲)

یہ کانفرنس تجویز کرتی ہے کہ سکریٹری صاحب دار الترجمہ کو اونکی ذمہ داری پر کام کرنے اور کمیٹی منعقدہ اجلاس گذشتہ میں ممبران کی حسب ضرورت وقتاً فوقتاً اضافہ کرنیکی اجازت دیجاوے اور اونسے جلد کام کرنے کی استدعا کیجاوے۔

محرک۔ مرزا احمد ہادی صاحب بی۔ اے پروفیسر لکھنؤ۔

موید۔ سید مظفر علے خان صاحب جائنسؔ۔

رزولیوشن نمبر (۱۳)

رپورٹ سکریٹری اوقاف سے ظاہر ہوا کہ متولیان وقف منصبیہ میرٹھ کیجانب سے باوجود وعدہ کے کوئی صورت اصلاح وقف کی ظہور میں نہیں آئی لہذا یہ کانفرنس

جناب ممدوح نے فرائض صدارت کانفرنس کو ادا فرما کر کانفرنس کی عزت افزائی فرمائی۔

محرک۔ سید مظفر علے خان صاحب جائنٹ مجسٹریٹ۔

موید۔ حکیم سید فضل علے صاحب لکھنؤ۔

رزولیوشن نمبر (۱۷)

یہ کانفرنس عالیجناب آنرایبل نواب سید محمد صاحب بہادر مدراس ممبر امپیریل کونسل ہند کا نہایت تہ دل سے شکریہ ادا کرتی ہے کہ جناب ممدوح نے اپنی تشریف آوری سے کانفرنس کو ممنون کیا اور کانفرنس کو بہت مدد پہونچائی۔

محرک۔ نواب مرتضی حسین خانصاحب۔

موید۔ مولوی سید مبارک علی صاحب۔

رزولیوشن نمبر (۱۸)

یہ کانفرنس تجویز کرتی ہے کہ سال اول کے رزولیوشن نمبر ۳ و نمبر ۴ و نمبر ۹ و نمبر ۱۱ و سال دوم کے رزولیوشن نمبر ۹ و نمبر ۱۱ و نمبر ۲۳ کیجانب عملی توجہ کیجائے۔

محرک۔ صدارت۔

موید۔ کل جلسہ۔

آنریری سکریٹری وقف کو اختیار دیتی ہے کہ فراہمی سرمایہ کرکے جہانتک جلد ممکن ہوسکے بمقابلہ متولیان وقف مذکور چارہ جوئی بذریعہ مقدمہ نمبری عدالت دیوانی سے کریں۔

محرک۔ مولوی سید مبارک علی صاحب لکھنؤ۔

موید۔ نواب سید محمد زکی علی خان صاحب لکھنؤ۔

رزولیوشن نمبر (۱۴)

دستورالعمل کے گیارہ دفعات نہایت غور و فکر کے ساتھ طے ہوئے ہین لیکن باقی مین بحث کافی کا موقع نہین ملا اور نہ اب وقت ہے لہذا دستورالعمل کو ملتوی نرکھا جائے بلکہ مرکزی کمیٹی کے سپرد کیا جائے کہ وہ نظرثانی کرے اور اوسکے بعد دستورالعمل بالکل مکمل اور پاس شدہ سمجھا جائے۔

محرک۔ جناب مولانا السید نجم الحسن صاحب قبلہ۔

موید۔ جناب مولوی سید قاسم علے صاحب اڈیٹر العوارف۔

رزولیوشن نمبر (۱۵)

یہ کانفرنس انجمن تہذیب الاخلاق بنارس کا شکریہ ادا کرتی ہے کہ انجمن مذکورہ نے کانفرنس کو بنارس مین مدعو کیا اور اوسکی مہمان نوازی مین کوئی دقیقہ فروگذاشت نہین کیا۔

محرک۔ نواب مرتضیٰ حسین خانصاحب لکھنؤ۔

موید۔ سید مظفر علے خانصاحب جالندھر۔

رزولیوشن نمبر (۱۶)

یہ کانفرنس جناب مولانا السید محمد حسین صاحب قبلہ مجتہد العصر کا شکریہ ادا کرتی ہے کہ

اور کئی ہزار روپیہ یا خود یا چندہ سے فراہم کر کے اس قومی و مذہبی جلسہ مین صرف کیا محض بعض انتظامی مدارج مین مثل فراہمی پلنگ وغیرہ اکثر حضرات مومنین شہر کو تکلیف دی گئی اور زمانہ اجلاس کانفرنس مین معزز مہمانون کی خدمت گذاری جو تمام مومنین بنارس کا فخر و شرف تھا انجمن کے ساتھ اس خوشگوار فرض کے ادا کرنے کا وعدہ لیا گیا مگر بعض مقامی مشکلات ناگفتہ بہ سے (جسے اکثر ہمدردان لیڈران قوم جانتے ہین) اس ارادہ مین بھی انجمن کو پوری پوری کامیابی حاصل نہ ہوسکی اور بروقت ضرورت وقت و ہرج کار کا سامنا ہوا جن حضرات مومنین نے اس گران قدر خدمت مین اپنے قومی ہمدردی و دینی جوش سے حصہ لیا ہے اور انجمن کو شکر گذار فرمایا ہے اونکے اسمائے گرامی مندرج رپورٹ ہذا ہین—

فی الواقع لکھنؤ جیسے ممتاز اور امروہہ جیسے عالی ہمت و خوش انتظام مقامات کے بعد اوس پر آشوب زمانہ مین جبکہ کانفرنس کی زندگی مسئلہ صدارت کیوجہ سے خطرناک حالت مین آگئی تھی اور تمام ہندوستان مین ایک شورش اور اخباری دنیا مین بدامنی پھیلی تھی بنارس جیسے شہر مین جہان ایک تہائی مین تعداد مومنین کی نسبتاً بہت کم ہے آل انڈیا شیعہ کانفرنس کو مدعو کر دینا ایک اہم امر تھا خصوصاً اسی حالت مین جبکہ اس شورش و مخالفت کا اثر بعض حصہ بنارس مین بھی سرایت کر چکا تھا مگر محض بفضل خدا و ذات بابرکات عالی جناب تقدس مآب مرکز دائرہ اجتہاد مولانا سید علی جواد صاحب قبلہ مدظلہ سرپرست انجمن اعتماد کر کے انجمن سے مطمئن بٹھایا گیا اور یہ نہ دیکھا گیا کہ کانفرنس جیسی کارآمد و گرانقدر زندگی جس پر قومی ترقی کا دار و مدار ہے ایسی خطرناک حالت و کس مپرسی کے عالم مین رہی اس امر عظیم پر سب سے پہلے جناب فضیلت مآب مولانا سید محمد سجاد صاحب پریسیڈنٹ انجمن و جناب میر عطا حسین صاحب رکن انجمن و جناب میر تفضل حسین صاحب و جناب حاجی شیخ محمد محسن صاحب و جناب میر نجم الدین صاحب و جناب حکیم محمد صاحب اراکین انجمن و جناب نواب اسد اللہ خانصاحب ممبر انجمن و حکیم شیخ محمد تقی صاحب سکریٹری انجمن نے

باسمہ سبحانہ

رپورٹ کمیٹی انتظامیہ اجلاس پنجم آل انڈیا شیعہ کانفرنس مقام بنارس مرتبہ و مرسلہ شیخ محمد عاقل سکرٹری انجمن تہذیب الاخلاق بنارس کمیٹی انتظامیہ شیعہ کانفرنس

حامداً علی افضالہ و مصلیاً علی رسولہ و آلہ

ہزار ہزار شکر و فخر کا مقام ہے کہ درخواست انجمن تہذیب الاخلاق بنارس نسبت دعوت اجلاس پنجم آل انڈیا شیعہ کانفرنس جسے خود سکرٹری انجمن نے مرکزی کمیٹی شیعہ کانفرنس لکھنؤ منعقدہ ۲۷- نومبر ۱۹۱۰ء مین پیش کیا تھا منظور ہوئی اور انجمن تہذیب الاخلاق بنارس کو مرکزی کمیٹی سے بحیثیت کمیٹی انتظامیہ کانفرنس تمام اختیارات انتظامی و مقامی عطا ہوئے انجمن نے جلسہ منعقدہ ۳۰- ذیحجہ ۱۳۲۸ہجری مین اپنے کل ممبران انجمن کو جنکی فہرست منسلک پوشت ہذا ہے کمیٹی انتظامیہ کانفرنس کا ممبر و عہدہ دار مقرر کیا تاریخ انتخاب سے برابر ہفتہ واری جلسہ کمیٹی انتظامیہ کا تمام مدارج انتظامی و ضروری طے کرنے کے لیے منعقد ہوتا رہا اور قریب زمانہ کانفرنس برابر روزانہ اجلاس کمیٹی کا ۵- ستمبر ۱۹۱۱ء تک ہوا۔

کمیٹی انتظامیہ نے سب سے پہلے مقامی و انتظامی مصارف کانفرنس کے لیے بجٹ طیار کر کے فہرست چندہ کی ممبران و ہمدردان انجمن کی خدمت مین پیش کی حضرات موصوفین نے اپنی عالی ہمتی و فراخ دلی و ہمدردی دینی سے کافی و معتدبہ رقمین چندہ کی عطا فرمائیں اور اپنی ہمت و دریا دلی سے بعض مقامی مصالح پر نظر کر کے اس چندہ مین اپنے اہل شہر کو بھی تکلیف نہ دی اور اتنے بڑے عظیم الشان جلسہ کے مصارف کو اپنے دائرہ انجمن مین محدود و مخصوص رکھا

کمال ہمت و مستعدی سے پیش قدمی کی اور آنحضرات کی مستعدی پر جناب حاجی سید علی صغر صاحب تحصیلدار مہاراجہ ہز ہائنس صاحب بہادر بنارس و جناب خانصاحب سید حسین علی صاحب تحصیلدار ہز ہائنس ممدوح و جناب سید محمد مصطفےٰ صاحب بی۔اے رئیس ضلع جونپور و ممبر و معیان انجمن و جناب مرزا محمد محمود صاحب و جناب مرزا ابو حسین صاحب رئیسان بنارس و ممبران انجمن نے پوری ہمدردی و مستعدی سے ساتھ دیا جو کمال قدر و شکر گذاری کے قابل ہین

انجمن نے بعد منظوری کل ممبران مزید اطمینان و مشورہ اہل شہر و استصواب رای حضرت سرپرست انجمن اجلاس پنجم کانفرنس کو مدعو کیا اور اوسوقت سے تا وسط ستمبر ۱۹۱۱ع علاوہ مقامی و انتظامی خدمات کے نفس کانفرنس کے بقا و کامیابی و رفع اختلافات و صلاح باہمی مین غیر معمولی کوششین کین اور برابر سکرٹری انجمن کو اپنے مصارف سے فیض آباد و لکھنؤ و گونڈہ و بہرائچ و عظیم آباد و کلکتہ و حسین آباد بھیجا شکر ہے خدا کا کہ بہ برکت حضرات علماے کرام ادام اللہ فیوضہم و حسن توجہ و نیک نیتی و ہمدردی قومی حضرات مصلحان لیڈران قوم یہ تمام کوششین انجمن کی و نیز سرپرستان قوم کی بارآور و نتیجہ خیز ہوئین اور خدا نے انجمن اور شیعہ پبلک کو سرخروئی و نیکنامی اور کانفرنس کو بقا و کامیابی عطا فرمائی۔ اور اجلاس پنجم شیعہ کانفرنس ۳۰ ستمبر ۱۹۱۱ع لغایت ۲- اکتوبر ۱۹۱۱ع نہایت عظمت و شان و کامیابی سے بنارس مین ہوا۔

انجمن نے اپنے معزز مہمانون کی آسائش مین کوئی دقیقہ فروگذاشت نہین کیا کئی سو روپیہ خرچ کر کے علاوہ صد ہا خیمہ کے جو بکرایہ وغیرہ فراہم کئے گئے تھے پچاس بنگلے سرکی کے بنوائے مگر کثرت بارش و ہوائے تند کے اثر سے وہ محفوظ نہ رہ سکے اور کئی مرتبہ درست کئے گئے بالآخر زمانہ کانفرنس مین جسقدر طیار ہو سکے اوسمین حضرات مہمانان فروکش ہوئے کثرت و سلسلہ بارش سے خیمے مناسب وقت پر نصب نہ ہو سکے وقت کے وقت نصب خیمہ مین دقت ہوئی فصل کی نامناسبت و سکرٹری و بعض

ممبران انجمن کی عدم موجودگی جو اہم خدمات ڈیپوٹیشن سفارت کانفرنس اضلاع جون پور وغازی پور و اعظم گڈھ و بلیا و مرزا پور و چھپرا و گونڈہ و بستی وغیرہ جون سنہ ۱۹۱۱ع تک مسلسل ہوتے رہے اُتنے انتظامی و مقامی خدمات کی انجام دہی مین انجمن کو بڑی دشواریان پیش آئین مگر انجمن نے اپنے مقامی انتظامات و خدمات و نیکنامی پر نفس کانفرنس کی کامیابی کو مقدم رکھا۔ اور اوس سچی کوشش و خدمت کا نتیجہ کانفرنس مین سب کے پیش نظر تھا۔ انجمن کی خاص کوشش سے بنارس کو یہ اعزاز و امتیاز بھی حاصل ہوا کہ جلاس پنجم شیعہ کانفرنس مین عالیجناب حضور معلے القاب ہز ہائینس مہاراجہ صاحب بہادر والی بنارس تشریف لائے اور جلسہ سے محظوظ و مسرور واپس تشریف لے گئے اور کانفرنس مین پانچسو روپیہ عطا فرما کر انجمن کو بھی شکر گذار فرمایا اور کل حکام کی شرکت جلسہ و انتظامی امور مین ہمدردی و اعانت بھی قابل قدر و شکر گذاری ہے خصوصاً جناب صاحب مجسٹریٹ بہادر ضلع بنارس کی مخصوص توجہ و ہمدردی پر شکریہ خاص ادا کیا جاتا ہے۔

حضرات علماے کرام ادام اللہ فیوضہم و سربرآوردہ گان قوم کی تشریف آوری و شرکت جلسہ بنارس و انجمن کے لیئے خاص اعزاز و شرف کا باعث ہوا۔ جسکے لیے تمام معزز مہمانان کانفرنس کا عموماً و عالیجناب مستطاب سرکار شریعت مدار صدر المحققین ناصر الملتہ والدین مولانا سید ناصر حسین صاحب قبلہ و عالیجناب تقدس مآب سرکار شریعت قدوۃ العلما مولانا سید آقا حسن صاحب قبلہ و عالیجناب قدسی خطاب نجم العلما مولانا سید نجم الحسن صاحب قبلہ و عالیجناب سرکار شریعت مدار مولانا سید محمد حسین صاحب قبلہ پریسیڈنٹ کانفرنس و عالیجناب زبدۃ المحققین فخر المدرسین مولوی سید ظہور الحسن صاحب قبلہ و عالیجناب مستطاب عمدۃ المتکلمین فخر الحکما مولانا حکیم سید علے اظہر صاحب قبلہ و عالیجناب مولانا شاہ مرزا صاحب قبلہ و دیگر فضلاے کرام ادام اللہ فیوضہم و عالیجناب آنریبل نواب سید محمد صاحب رئیس مدراس ممبر کونسل وایسراے بہادر بالقابہ و عالی جناب

خان بہادر نواب نصیر الممالک مرزا شجاعت علے صاحب جنرل سفیر ایران پریسیڈنٹ کمیٹی استقبالی اجلاس پنجم شیعہ کانفرنس و عالیجناب پرنس غلام محمد شاہ صاحب رئیس کلکتہ و دیگر عمائدین و معززین کا شکریہ ادا کیا جاتا ہے کہ آنحضرت کی تشریف آوری انجمن کے لیے اعزاز و کانفرنس کیلئے بقاء و کامیابی کا باعث ہوا۔ مجمع کانفرنس مین بھی امسال کسیطرح کم نہ تھا قابل قدر و لائق ذکر مہتم بالشان مسئلہ صدارت بھی ہے جسپر کانفرنس کی زندگی کا مدار قرار پاگیا تھا و حضرات علمائے کرام و نواب صاحب رئیس مدراس و دیگر مصلحان قوم کی حسن سعی و ہمدردی دینی سے نہایت خیر و خوبی و لطف کے ساتھ طے ہوگیا اور ہمدرد قوم جناب سید وزیر حسن صاحب بی ۔ اے ایل ۔ ایل بی وکیل لکھنؤ کے پرجوش و با اثر تقریر کے بعد تمام و کمال مسئلہ صدارت طے ہوگیا اور جانبین مین اطمینان و مسرت کا پہلو پیدا ہوگیا کمیٹی انتظامیہ نے انریری خدمات سفارت پر اضلاع ذیل مین حضرات ممبران انجمن کو جنکے اسمائے گرامی مندرج رپورٹ ہذا مین روانہ کیا اور یہ ڈیپوٹیشن سفارت کا ہر ہر مقام سے کامیابی کے ساتھ اپنے فرائض ادا کرکے واپس آیا۔

نمبر ۱ ضلع غازی پور۔ نواب سید محمد اسد اللہ خان صاحب جائنٹ سکرٹری سید اسد اللہ صاحب اسسٹنٹ سکرٹری ۔ میر رضا حسین صاحب شیخ محمد عاقل سکرٹری ۔ یہ ڈیپوٹیشن خاص شہر و تمام مواضعات و مفصلات مین دورہ کرتا رہا چونکہ اس ضلعمین کثیر التعداد بستیان مومنین کی ہین لہذا زیادہ حصہ وقت کا صرف ہوا۔ اس ڈیپوٹیشن کے ساتھ جناب نواب علے سجاد حسن صاحب بی ۔ اے ڈپٹی کلکٹر غازیپور و سید حامد حسین صاحب سکرٹری و جناب شیخ محمد حسن صاحب وکیل و رئیس غازیپور و سرپرست انجمن و اکثر ممبران و عہدہ داران انجمن جعفریہ مثل شیخ صادق حسین صاحب وائس پریسیڈنٹ و شیخ قاسم حسین صاحب پریسیڈنٹ و شیخ علے اکبر صاحب تحویلدار انجمن جعفریہ غازی پور و جناب مولوی سید محمد صالح صاحب رئیس پارہ و جناب

سید محمد قاسم صاحب رئیس نونہرہ وسید محب الحسن صاحب سکرٹری انجمن سادات ضلع غازی پور نے خاص ہمدردی فرمائی اور ادائے خدمات وکامیابی ڈیپوٹیشن مین کانفرنس کو قابل قدر مدد دی جسکے لیے ان تمام حضرات کا دلی شکریہ ادا کیا جاتا ہے۔ فے الواقع ڈیپوٹیشن کو پہلے کامیابی کمشنری بنارس مین اس ضلع مین اعلی درجکی ہوئی ضلع غازی پور کے تعداد چندہ سالہائے گذشتہ کبھی سو روپیہ تک نہین پہونچے تھے مگر امسال بوجوہات خاص بہت زیادہ کامیابی حاصل ہوئی اور سبب کامیابی محض یہی امر نہ تھا کہ غازی پور کو بنارس سے قرب ہے بلکہ مومنین کو اغراض ومقاصد کانفرنس پر مطلع کرکے آمادہ وہمدرد بنایا گیا۔

نمبر ۲ ضلع جون پور حاجی وحکیم مولوی شیخ محمد تقی صاحب۔ شیخ عباس حسن صاحب قاضی ابوالقاسم صاحب۔ محمد عاقل سکرٹری۔ حکیم سید مہدی حسن صاحب۔ میر مہدی حسن صاحب رئیس سرائمیر ضلع اعظم گڈھ۔

سب سے پہلے ڈیپوٹیشن ظفرآباد گیا جسمین صرف سکرٹری شیخ عباس حسن صاحب تھے یہان شیعون کے چند گھر ہین اور وہ حوادث وتغیرات زمانہ سے محفوظ نہین ہین اسلیے اسمقام پر بالکل کامیابی نہین ہوئی۔

سید گانون جو ضلع جونپور مین ایک ممتاز بستی سادات عظام کی ہے اس چھوٹی سی بستی مین بڑے بڑے صاحبان علم وکمال و با اقتدار حضرات۔

مثل جناب مولانا حاجی گلشن علے صاحب قبلہ مغفور دیوان مہاراجہ صاحب بنارس وجناب حاجی مولوی سید محمد حسن صاحب قبلہ مرحوم وجناب مولوی سید علے احمد صاحب مرحوم وکیل ہائی کورٹ وافسر اعلے ریاست مہاراجہ صاحب بنارس وجناب مولوی سید محمد مجتبی صاحب مرحوم کلکٹر سابق ریاست بندیلکھنڈ گذرے ہین اور اب بھی یہ بستی امتیازی واعزازی حالت رکھتی ہے۔ اور اکثر حضرات عمائدین اس بستی کے

اس انجمن کے ممبر و حامی بھی ہین مثل جناب مولوی سید محمد صادق صاحب و جناب مولوی حاجی سید محمد نجم الدین صاحب پنشنر نائب دیوان مہاراجہ صاحب بنارس و جناب حاجی سید علے اصغر صاحب تحصیلدار و جناب خانصاحب سید حسین علے صاحب تحصیلدار ریاست مہاراجہ صاحب ممدوح و جناب مولوی سید محمد مصطفے صاحب بی۔اے ان حضرات سے کمیٹی انتظامیہ کو خاص مدد ملی۔ مگر ڈیپوٹیشن کے ساتھ بباعث اپنی عدم موجودگی کے یہ حضرات کوئی خاص خدمت و ہمدردی نہ فرماسکے مگر قابل قدر ہمدردی اداے خدمات و کامیابی ڈیپوٹیشن مین جناب مولوی سید محمد حیدر صاحب و جناب مولوی سید حسن صاحب و جناب فضیلت مآب سید محمد حسین صاحب دام ظلہم نبیرہ گان فخر الحاج مولانا سید گلشن علے صاحب مغفور و موصوف نے فرمائی اور اس چھوٹی سی بستی سے بڑی کامیابی حاصل ہوی یہی حضرات بنارس مین بھی کمیٹی انتظامیہ کے دست و بازو رہے اور مثل ممبران انجمن قابل ہمدردی و مستعدی سے ہر چھوٹے بڑے کام مین ساتھ دیا جسکے لیے انجمن مخصوص شکرگذار ہے شہر جونپور مین ڈیپوٹیشن سفر کا ہمراہ جناب مولوی سید محمد حیدر صاحب و میر محمد کامل صاحب سکرٹری انجمن ناصر الاخلاق جونپور کے گیا حضرات موصوفین نے شہر کے خدمات مین بھی قابل قدر حصہ لیا اور بعض ممبران و ہمدردان انجمن موصوف نے بھی مثل مرزا مظفر حسین صاحب مترجم ججی و میر محمد شفیع صاحب و میر صادق حسین صاحب ممبران انجمن ناصر الاخلاق جونپور و شاہ ابوالحسن صاحب و ہاشم علے خان صاحب روساے جونپور مستعدی و ہمدردی سے ساتھ دیا اور اس شہر مین جو ایک تاریخی شہر ہے اور یہان بھی بڑے بڑے صاحبان علم و کمال و با اقتدار بزرگ گذرے ہین اور اب بھی یہ شہر شیعون کی آبادی و اعزاز کے اعتبار سے ایک ممتاز جگہ ہے یہانکے مومنین کو کانفرنس سے قدیم ہمدردی ہے اور دینی کا مومنین یہان کے مستعدی و ہمت و جوش قابل فخر ہے۔ ایک خاص درجہ کی کامیابی حاصل ہوی بعض مفصلات کی

خدمت سفارت انجمن موصوف جون پور نے اپنے ذمہ لیکر ادائے خدمت سے کمیٹی انتظامیہ کانفرنس انجمن کو شکر گذار فرمایا متصلات مین بڑے گاؤن و شاہ گنج بہادی مین ہمراہی جناب میر مہدی حسین صاحب رئیس سرامیر و حکیم مہدی حسن صاحب ممبران انجمن گیا اور بڑے گاؤنکے مشہور رئیس سید علے حسین صاحب کا مہمان ہوا سید صاحب موصوف کی روشن خیالی وہمدردی سے ڈیپوٹیشن کو امید سے زیادہ کامیابی حاصل ہوئی شاہ گنج بہادی مین بوجوہات خاص اور بعض مقامی تردداتِ و مواقعات سے نہ مجھے قیام کا موقع ملا نہ مین وہان کام کرسکا مگر وہانکے حضرات مومنین دیندار و ہمدرد کانفرنس ہین جناب مولوی مبارک علے صاحب لکھنوی کے توسط سے وہان کے سفارت کا کام ہوتا ہے امید ہے کہ حسب معمول قدیم اس سال بھی کامیابی ہوئی ہوگی قصبہ کراکٹ ضلع جون پور مین حکیم شیخ محمد تقی صاحب ممبر انجمن نے بڑی مستعدی اور کامیابی سے تنہا خدمت سفارت انجام فرمائی۔

(۳) ضلع مرزاپور مین مین تنہا گیا مگر سکرٹری صاحب کانفرنس نے وہان و نیز اور بعض مقامات متعلقہ کمشنری بنارس مین اپنے جانب سے بھی سفیر مقرر فرما دیا تھا لہذا وہانکے مومنین مداخلت غیر ضروری سمجھی گئی اور مین واپس آیا مگر مرزاپور خاص مین ایک مجلس کی بناکر کے ہتنے مومنین کو پورے طور پر مستعد کر دیا جس سے وہانکے سفیر کو بہت مدد ملی۔

(۴) ضلع بلیا و غازی پور مین میر رضا حسین صاحب ممبر انجمن تنہا بھیجے گئے موصوف نے ضلع غازی پور اور نیز بلیا مین بڑی مستعدی و جانفشانی سے خدمت سفارت انجام دی۔

(۵) ضلع بنارس مین خدمت سفارت حکیم سید محسن علے صاحب و شاہزادہ مرزا نادر بخت صاحب و نواب اسد اللہ خانصاحب و حکیم شیخ محمد تقی صاحب و میر رضا حسین صاحب و پروفیسر صاحب سید جلال الدین حیدر صاحب ایم اے ممبران انجمن و ذاکر حسین صاحب و شیخ عبد اللہ صاحب ہمدردان انجمن نے نہایت مستعدی سے انجام دیا۔

(۶) ضلع اعظم گڈھ مین ہمدرد قوم شیخ باسط علے صاحب رئیس دیوگام ضلع اعظم گڈھ

انریری سفارت کی خدمت کئی سال سے نہایت حسن وخوبی وکامیابی کے ساتھ انجام دیتے ہین نفس الواقع اگر ایسے کام کرنے والے انریری سفارت پر تیار ہون تو بیشک ضرورت پیڈ سفیر کی نہین ہے جس وقت اجلاس پنجم شیعہ کانفرنس مین پیڈ سفیر کا مسئلہ نامنظور ہوا تو مجھے امید ہوی کہ جلسہ مین اکثر اضلاع ہندوستان کے باثر قائم مقام موجود ہین کم سے کم دس بیس سفیر آمادہ ومنتخب ہو جائنگے مگر شائد دو چار بھی نہو سکے مدار کامیابی وترقی کانفرنس سفیرون کی مستعدی وقابلیت پر ہے اسکی جانب قوم کو خاص توجہ فرمانی چاہیے امسال بھی حسب معمول شیخ صاحب موصوف ضلع اعظم گڈھ مین کام کر رہے تھے مگر بضرورت حسب مشورہ شیخ صاحب موصوف مین قصبہ محمد آباد ضلع اعظم گڈھ مین ایسے مبارک موقع پر گیا جبکہ عالیجناب قدسی خطاب مولانا السید علی جواد صاحب قبلہ مدظلہ سید زین العباد صاحب رئیس محمد آباد کے یہان ایک خاص مجلس کے موقع پر تشریف لے گئے تھے یہ بستی ضلع اعظم گڈھ مین خاص امتیازی حالت رکھتی ہے یہان اکثر حضرات اہل علم وصاحبان کمال وعالی ہمت روساء گزرے ہین اب بھی یہ بستی امتیازی حالت رکھتی ہے اوسی مجلس مین جس مین علاوہ مومنین محمد آباد کے اکثر برادران ایمانی مبارکپور وغیرہ کے موجود تھے مین نے ایک مختصر تقریر اغراض ومقاصد وفوائد کانفرنس کا پہلو لیے ہوے کی۔ مومنین محمد آباد مین سب سے پہلے سید زین العباد صاحب موصوف نے کمال جوش سے آمادگی فرمائی اور مومنین محمد آباد کے خاص ہمدردی سے بہت زیادہ کامیابی ہوئی جسپر کمیٹی انتظامیہ شکریہ ادا کرتی ہے مبارکپور مین ایک مجلس کی بنا قائم کرکے مین بہمراہی شیخ باسط علی صاحب موصوف کے گیا اس بستی سے ایک ٹکٹ ممبری کا سال گذشتہ مین لیا گیا تھا مگر امسال اوس مجلس مین مینے بضرورت کانفرنس پر تقریر کی اور انتیس روپیہ چندہ ممبری وغیرہ وصول ہوا جسکے لیے مین تمام مومنین محمد آباد کا خصوصیت کے ساتھ اور مومنین مبارکپور کا شکریہ ادا کرتا ہون۔

محمد آباد میں موجودگی جناب قبلہ وکعبہ ممدوح نہایت سعید و مبارک موقع پر بتحریک میر زین العباد صاحب موصوف وبتائید جناب میر علے جعفر صاحب رئیس کرباو دیگر مومنین چند ضروری و مفید اغراض کے ساتھ ایک انجمن کی بنا قائم ہوئی جسکا نام انجمن جوادیہ رکھا گیا خداوند کریم اسکے اغراض و مقاصد مین کامیابی عطا فرمائے اور اسی کانفرنس کا دست و بازو بنا دے۔

(۷) ضلع چھپرا مین کوئی ڈیپوٹیشن کانفرنس کا نہین گیا تہا اسوجہ سے انجمن نے اپنے معزز او محترم ممبر جناب قاضی سید عبدالحسین خانصاحب کو روانہ کیا قاضی صاحب موصوف کے کامون مین سید علے عباس صاحب سکرٹری انجمن امامیہ چھپرا و بعض ارکین شہر نے قابل قدر مدد فرمائی اور انھین حضرات کے حسن سعے سے پوری پوری کامیابی حاصل ہوئی اور ایک معتد بہ رقم چندہ کانفرنس کی وصول ہوئی اور اکثر حضرات مومنین چھپرا شریک اجلاس کانفرنس ہوے۔

(۸) ضلع گونڈہ و بستی مین مرزا محمد باقر صاحب ممبر انجمن روانہ کئے گئے ممبر موصوف کو ان مقامات پر اچھی کامیابی ہوئی۔

(کمیٹی انتظامیہ)

اسمائے گرامی ممبران و عہدہ داران کمیٹی انتظامیہ شیعہ کانفرنس و انجمن تہذیب الاخلاق بنارس

جناب فضیلت مآب مولوی سید محمد سجاد صاحب پریسیڈنٹ ۔ حاجی شیخ محمد محسن صاحب جنوئنسپل کمشنر رئیس بنارس وائس پریسیڈنٹ ۔ شیخ محمد عاقل سکرٹری ۔ نواب سید محمد اسد اللہ خان صاحب جائنٹ سکرٹری ۔ شیخ افضل حسین صاحب جوائنٹ سکرٹری

میر اسد اللہ صاحب اسسٹنٹ سکرٹری ـ شیخ عباس حسین اسسٹنٹ سکرٹری ـ سید محمد
نجم الدین صاحب تحویلدار ـ قاضی سید ابو القاسم صاحب نائب تحویلدار ـ قاضی
بندہ حسین خانصاحب ـ میر عطا حسین صاحب ـ میر تفضل حسین صاحب ـ
خان بہادر مفتی سید حیدر حسین صاحب وائس پریسیڈنٹ میونسپل بورڈ و رئیس جونپور
سید محمد مصطفے صاحب بی اے ـ حاجی سید علے اصغر صاحب تحصیلدار ـ خانصاحب
سید حسین علے صاحب تحصیلدار ـ پروفیسر حاجی سید جلال الدین حیدر صاحب ایم اے
مرزا انور حسین صاحب نبیرہ جناب راے صاحب مرحوم رئیس بنارس ـ مرزا محمد محمود صاحب
نبیرہ جناب راے صاحب مرحوم رئیس بنارس ـ حکیم مولوی محمد حسین صاحب طبیب خاص
راجہ صاحب شیوپوری ـ حکیم ملا محمود الحسن صاحب ـ حکیم محمد جعفر صاحب شیخ ولایت حسین
صاحب رئیس دیوگام ـ میر محمد جواد صاحب رئیس سراے میر ـ حاجی حکیم مولوی شیخ محمد تقی
صاحب ـ مفتی محمد قاسم صاحب وکیل ـ میر مہدی حسین صاحب رئیس سراے میر
سید رضی الدین حیدر صاحب بی اے ـ مولوی سید محمد صاحب پنشنر نائب دیوان ـ
حاجی مولوی سید محمد نجم الدین صاحب پنشنر نائب دیوان راجہ صاحب بنارس ـ
ڈاکٹر سید حامد حسین صاحب ـ ڈاکٹر شیخ مرتضی حسین صاحب ـ شیخ حسن احمد صاحب
منشی فدا حسین صاحب ـ میر باقر حسین صاحب انسپکٹر ڈاکخانہ ـ قاضی سید
عبد الحسین خانصاحب ـ مولوی سید محمد مرتضے صاحب ـ شاہزادہ مرزا احمد زاہد بخت صاحب
میر رضا حسین صاحب ـ مولوی سید حسین رضا صاحب مدرس مدرسہ ایمانیہ بنارس ـ
حکیم سید محسن علے صاحب ـ شیخ سبط احمد صاحب ـ شیخ فیاض حسین صاحب ـ
قاضی مولوی سید مظفر حسین صاحب ملا فاضل ـ سید محمود صاحب ـ میر لیاقت علے
صاحب ـ حکیم سید مہدی حسین صاحب ـ شیخ مقصود علے صاحب ـ مرزا محمد باقر
صاحب ـ شیخ نجابت حسین صاحب ـ منشی محمد عبد الغفور صاحب ـ میر امجد حسین صاحب

حکیم سید حسن ابراہیم صاحب ۔ سید علی جعفر صاحب ۔ نواب سید احمد رضا صاحب ماسٹر سید محمد محسن صاحب ۔ نواب سید مظفر علی خانصاحب رئیس نانپارہ ۔

حضرات ذیل ممبران اپنی عدم موجودگی وغیرہ وغیرہ سے کسی خدمت مین حصہ نہ لے سکے

جناب فضیلت مآب مولوی سید ہارون صاحب ممتاز الافاضل ۔ حکیم مرزا عابد حسین صاحب شیخ امداد حسین صاحب جنرل سپرنٹنڈنٹ مال جونپور ۔ سید مرتضی صاحب سیٹی مجسٹریٹ ریاست بھوپال ۔ میر حیدر حسین صاحب بی اے ۔ سید محمد مہدی صاحب رئیس کانپور ۔ شیخ محمد محسن صاحب رئیس نظام آباد ۔ حکیم ابو الحسن صاحب ۔ میر باقر حسین صاحب ایم اے ۔ پرنس مرزا منعم بخت صاحب بیرسٹرایٹ لا ۔ شیخ ابو الحسن صاحب شیخ علی ہادی صاحب ۔

ممبران کمیٹی انتظامیہ مین خصوصیت کے ساتھ کارگذاری وہمدردی ومستعدی حضرات ذیل کی قابل ذکر ہے کہ ان حضرات ممبران نے دسمبر ۱۹۱۱ء سے ختم کانفرنس تک مسلسل خدمات متعلقہ کو انجام دیا خصوصا جناب پریسیڈنٹ صاحب کی زحمتین باوجود مشاغل علمیہ ودرس تدریس بےحد قابل شکر گذاری ہے ایسے حضرات قومی و مذہبی خدمات کے لیے شایان ہین ۔

جناب فضیلت مآب مولوی سید محمد سجاد صاحب پریسیڈنٹ ۔ حاجی شیخ محمد محسن صاحب وائس پریسیڈنٹ ۔ نواب سید محمد اسد اللہ خانصاحب جوائنٹ سکرٹری شیخ افضل حسین صاحب جوائنٹ سکرٹری ۔ حاجی حکیم مولوی شیخ محمد صاحب ۔ قاضی سید ابو القاسم صاحب ۔ شیخ حسن احمد صاحب ۔ شیخ عباس حسین صاحب

سکریٹری کمیٹی انتظامیہ۔

ممبران و معینان انجمن مین حضرات ذیل نے انتظامی مصارف کے چندہ مین اپنی فراخ دلی و عالی ہمتی سے قابل قدر و معتدبہ رقمین عطا فرمائین خصوصاً جناب مرزا انور حسین صاحب و جناب مرزا محمود صاحب نبیرگان جناب رائے صاحب مرحوم نے اپنی عالی ہمتی و فراخ دلی سے بیحد شکرگزار فرمایا۔

جناب میر عطا حسین صاحب رکن انجمن۔ جناب مرزا انور حسین صاحب معین انجمن۔ جناب مرزا محمد محمود صاحب معین انجمن ۔ جناب حاجی شیخ محمد محسن صاحب ۔ جناب حاجی میر علے اصغر صاحب۔ جناب سید محمد مصطفےٰ صاحب بی اے ۔ جناب سید رضی الدین حیدر صاحب بی اے ۔ جناب مولوی حکیم محمد حسن صاحب جناب ملا حکیم محمود الحسن صاحب ۔ جناب خانصاحب سید حسین علے صاحب ۔ خان بہادر منشی حیدر حسین صاحب وائس چیرمین میونسپل بورڈ جون پور

حضرات ذیل نے محض اپنی خصوصیت و ہمدردی سے قابل قدر چندہ مت امانت کمیٹی کی فرمائی خان بہادر جناب سید محمد مصطفےٰ صاحب اسسٹنٹ منیجر نانپارہ ۔ جناب میر زین العابد صاحب ڈپٹی کلکٹر ۔ جناب منشی سید علے حسین صاحب قانونگو ۔ جناب نواب مرزا صاحب ۔

ممبران انجمن مین حضرات ذیل سے انتظامی خدمات مین علے الترتیب قابل قدر و شکرگذاری حصہ لیا ۔ منیجر صاحب کیمپ باوجود علالت مزاج اپنے اداے فرائض مین شبانہ روز مصروف رہے اور اسسٹنٹ منیجران نے اونکے کامون مین بہت قابل قدر مدد کی جناب قاضی بندہ حسین صاحب منیجر کیمپ ۔ جناب میر نجم الدین صاحب اسسٹنٹ منیجر ۔ جناب میر تفضل حسین صاحب اسسٹنٹ منیجر ۔ جناب میر عطا حسین صاحب اسسٹنٹ منیجر پروفیسر جناب حاجی سید جلال الدین حیدر صاحب ایم اے ۔ جناب سید محمد مصطفےٰ صاحب بی اے جناب ڈاکٹر شیخ مرتضیٰ حسین صاحب سپرنٹنڈنٹ مطبخ ۔ جناب قاضی سید عبد الحسن خانصاحب سپرنٹنڈنٹ بخشی خانہ و آبدار خانہ

جناب حاجی حکیم مولوی شیخ محمد تقی صاحب ۔ جناب شیخ ولایت حسین صاحب ۔
جناب ڈاکٹر سید حامد حسین صاحب ۔ جناب قاضی سید ابو القاسم صاحب ۔
جناب منشی فدا حسین صاحب ۔ شیخ حسن احمد صاحب ۔ شیخ مقصود علے صاحب ۔
شیخ فیاض حسین صاحب ۔

حضرات مومنین غیر ممبران کمیٹی انتظامیہ مفصلہ ذیل نے محض اپنی ہمدردی سے انتظامی خدمات مین نمایان حصہ لیکر کمیٹی انتظامیہ کو شکر گذار فرمایا ۔

سید محمد خلیل صاحب ایم اے ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس بھاگلپور ۔ اکثر ممبران وعہدہ داران انجمن مہدویہ غازی پور ۔ بعض ممبران وعہدہ داران انجمن ناصر الاخلاق جونپور ۔
مولوی سید محمد حیدر صاحب وائس پریسیڈنٹ انجمن ناصر الاخلاق جون پور ۔
مولوی سید حسین صاحب رئیس سید گاؤن ۔

شیخ عبد اللہ صاحب و شیخ غلام عباس صاحب ونیز اکثر ممبران حسینیہ بنارس ۔ مہدی حسین خانصاحب وچند ممبران انجمن حیدریہ بنارس ۔ شیخ باسط علے صاحب رئیس دیوگام ۔ سید محمد جلیل صاحب بی ۔ اے رئیس ضلع مرزاپور ۔ سید مرتضے صاحب رئیس سید گاؤن ضلع جون پور ۔ ذاکر حسین خانصاحب نئی بستی بنارس ۔
نواب مرزا صاحب مالک کارخانہ زردوزی بنارس ۔ مرزا محمد سلطان شکوہ صاحب حاجی شیخ فضل اللہ صاحب ۔ حاجی شیخ عبد الرؤف صاحب ۔ مفتی سید احمد صاحب میر اوصاف حسین صاحب ۔ نظیر حسن خانصاحب ۔ حاجی شیخ بنو صاحب مالک کارخانہ زردوزی بنارس ۔ شیخ امداد حسین صاحب مالک کارخانہ زردوزی بنارس ۔ شیخ نظیر حسن صاحب دوسے پورہ بنارس ۔ حافظ دوست محمد صاحب شیخ خادم حسن صاحب ۔ شیخ امین الدین صاحب شیخ ابراہیم حسن صاحب سید مرتضے احمد صاحب میر تفضل حسین صاحب رئیس کاگ ضلع بنارس ۔ میر وارث حسین صاحب ہیڈ کانسٹبل پولیس

مدارج انتظامی

کیمپ

نمبرا - زمین کیمپ لب دریا متصل ریلوے اسٹیشن کاشی موسومہ قلعہ کہنہ جو ایک تاریخی مقام ہے جناب صاحب کنٹومنٹ مجسٹریٹ بہادر بنارس کی خاص توجہ سے کانفرنس کے لیے دستیاب ہوے جسکے لیے جناب ممدوح کا شکریہ ادا کیا جاتا ہے۔

نمبر۲ - پنڈال دریغہ سو فیٹ لانبا و سو فیٹ چوڑا سرکی وچٹائی کا بیضاوی میر باقر حسین صاحب لکھنوی سے ٹھیکہ پر بنوایا گیا جسکی اندرونی چھت و دیوار وستون پارچہ سفید وسرخ سے منڈھی تھی - جناب قاضی بندہ حسن خانصاحب منیجر کیمپ نے باعانت میر نجم الدین صاحب و میر عطا حسین صاحب و میر تفضل حسین صاحب اسسٹنٹ منیجران عام مدارج انتظام کیمپ کو بترتیب ذیل انجام دلوا کر قابل قدر و شکرگذاری زحمت وہمدردی برابر شبانہ روز فرمائی۔

نمبر۳ - آرایش و ترتیب پنڈال بخدمت حضرات ذیل نے انجام فرماکر شکرگذار فرمایا۔
مرزا انور حسین صاحب - نواب اسد اللہ خانصاحب - شیخ افضل حسین صاحب - قاضی سید ابو القاسم صاحب ممبران کمیٹی انتظامیہ - مولوی سید محمد حیدر صاحب مولوی سید حسن صاحب - میر محمد شفیع صاحب - میر صادق حسین صاحب - حاجی شیخ فضل اللہ صاحب -

ممبران و عہدہ داران انجمن ناصر الاخلاق

جونپور

فراہمی و حفاظت و تقسیم اسباب

نمبر ۲۰۔ اس خدمت کو حضرات ذیل نے انجام دے کر اپنی ہمدردی کا ثبوت دیا جسکے لیے کمیٹی شکرگذار ہے۔

قاضی سید ابو القاسم صاحب انچارج مالگدام منشی فدا حسین صاحب مددگار۔ حکیم شیخ محمد تقی صاحب ۔ میر افضل حسین صاحب ۔ شیخ عباس حسین صاحب۔ میر اسد اللہ صاحب ۔ مرزا محمد باقر صاحب ۔ نواب سید احمد رضا صاحب انچارج۔ حکیم سید محسن علے صاحب ۔ شاہزادہ مرزا زاہد بخت صاحب ممبران کمیٹی انتظامیہ۔ میر اوصاف حسین صاحب ۔ شیخ عبد اللہ صاحب و بعض ممبران انجمن ۔ شاہزادہ مرزا دارہ شکوہ صاحب ۔ حکیم ممتاز حسین صاحب ۔ حکیم ظفر حسین صاحب عرف ہیگن صاحب حاجی شیخ نبو صاحب ۔ شیخ امداد حسین صاحب حسنیہ بنارس ۔ نواب مرزا صاحب حکیم سید مظفر حسین صاحب رئیس ضلع بنارس ۔ ملک قاسم علے صاحب وکیل۔ مہدی حسین خانصاحب ۔ شیخ ابراہیم حسین صاحب ۔

فراہمی و نصب خیمہ وغیرہ

میر عطا حسین صاحب میر نجم الدین صاحب تفضل حسین صاحب شیخ باسط علے صاحب۔ میر امانت حسین صاحب داروغہ مہاراجہ صاحب بنارس ۔ مرزا مظفر حسین صاحب۔

نمبر ۳۰ تیاری بنگلہ جات سر کی اس خدمت کو نہایت جانفشانی سے میر نجم الدین صاحب نے انجام دیا اور میر رضا حسین صاحب و قاضی ابو القاسم صاحب و میر اسد اللہ صاحب نے وقتاً فوقتاً مدد دی۔

نمبر ۴۰ روشنی کیمپ اس خدمت کے لیے بطور انسپکٹر مرزا محمد باقر صاحب

بر بیہی انتظامیہ مقرر کیے گئے مرزا صاحب موصوف نے بہت مستعدی و عمدگی سے اپنا فرض ادا کیا۔ انتظام روشنی کا شیخ نظام الدین صاحب ٹھیکہ دار کے متعلق کیا گیا تھا۔

نمبر ۸ ابدار خانہ و بھنڈری خانہ۔ اسکے تمام مدارج قاضی عبد الحسن صاحب سپرنٹنڈنٹ کے متعلق تھے سپرنٹنڈنٹ صاحب موصوف نے کمال ہمدردی و مستعدی سے انجام دیا اس شعبہ مین منشی علی حسین صاحب قانون گو و سید محمد حسن عرف امراؤ صاحب و عطا حسین خانصاحب و حاجی حسین خانصاحب نے بھی اپنی ہمدردی سے مدد دی جسکا شکریہ ادا کیا جاتا ہے۔

نمبر ۹ انتظام مطبخ و تقسیم طعام مہمانان۔ اس شعبہ کے سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر شیخ مرتضیٰ حسین صاحب مقرر کئے گئے اور منشی عبد الغفور صاحب اور میر واجد حسین صاحب ممبران کمیٹی و نور الحسن صاحب و میر عنایت حسین صاحب ہمدردان کمیٹی نے کمال مستعدی سے قابل قدر و شکرگذاری کا انجام کار مین مدد فرمائی۔

نمبر ۱۰ انتظام فرودگاہ حضرات علمائے کرام۔

تمام حضرات علمائے کرام ادام اللہ فیوضہم و بعض فضلا دام شرفہم و اشتاف سکرٹری شیعہ کانفرنس عالی جناب قدسی خطاب مولانا سید جواد صاحب قبلہ مدظلہ کے خاص مہمان تھے اون کے جملہ خدمات کا بندوبست جناب قبلہ و کعبہ ممدوح نے فرمایا اور حضرات ذیل نے حسب ہدایت جناب ممدوح نے اسے انجام دیا۔

میر عطا حسین صاحب رکن انجمن ۔ حاجی شیخ محمد محسن صاحب رکن انجمن۔ مولوی سید حسن رضا صاحب مدرس مدرسہ ایمانیہ و محمد نجم الدین صاحب ۔ شاہزادہ مرزا اکرم بخت صاحب شاہزادہ مرزا زاہد بخت صاحب ۔ شاہزادہ مرزا محمد بخت صاحب ۔ میر جعفر حسین صاحب ۔ سید حسن مجتبیٰ صاحب۔

نمبر ۱۱ استفسار احوال مہمانان کی خدمت۔

شیخ ولایت حسین صاحب ۔ میر محمد جواد صاحب ۔ حکیم شیخ محمد تقی صاحب۔

حکیم سید مہدی حسین صاحب۔ حکیم بندہ حسن ابراہیم صاحب۔ شیخ عباس حسین صاحب قاضی مولوی سید مظفر حسین صاحب ملا فاضل۔ مولوی سید محمد مرتضےٰ صاحب کے متعلق کیے گئے جسے آنحضرت نے انجام دیا۔

نمبر ۱۱۔ انتظام حفظان صحت اس شعبہ کا تعلق حکیم مرزا عابد حسین صاحب و ڈاکٹر سید حامد حسین صاحب ممبران کمیٹی سے تھا ڈاکٹر صاحب موصوف نے باوجود ملازمت شفاخانہ سرکاری اس دینی خدمت کو نہایت مستعدی و ہمدردی سے انجام دیا دوا اونکا انتظام کمیٹی انتظامیہ کیجانب سے کیا گیا جو مفت تقسیم کی گئیں ڈاکٹر صاحب موصوف کے کاموں میں میر آفتاب حسین صاحب نے قابل قدر و شکر گذاری مدد دی۔

نمبر ۱۲۔ انتظام نگرانی دوکانات میر تفضل حسین صاحب ممبران کے متعلق کمیٹی انتظامیہ نے علاوہ دوکانات موجودہ کے بنظر آسائش مہمانان جان محمد دی اپرس ہوٹل بنارس وانجمن رفیق الایمان منصور نگر لکھنؤ و نیز دیگر دوکانداران کو اجازت دی تھی مگر ان میں سے کوئی دوکان و ہوٹل نہ آیا حالانکہ عام طور پر دوکانداروں کو کرایہ زمین کا معاف کر دیا گیا تھا

نمبر ۱۳۔ انتظام حفاظت کیمپ حسن توجہ جناب صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس بنارس کے سیٹی انسپکٹر صاحب پولیس نے سب انسپکٹر صاحب حلقہ کے متعلق کیا مشتاق حسین خانصاحب سب انسپکٹر حلقہ نے انتظام پولیس کا بہت اچھا کیا اور خود برابر شب کو وقتاً فوقتاً گشت کرتے رہے اسی حسن انتظام پر جناب صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر بنارس کا شکریہ ادا کیا جاتا ہے قاضی محمد طیب صاحب سیٹی انسپکٹر و سب انسپکٹر صاحب حلقہ کا بھی شکریہ ادا کیا جاتا ہے علاوہ سرکاری پولیس کے قومی پولیس کا بھی انتظام کیا گیا تھا اس خدمت کو حضرات ذیل نے کمال مستعدی سے انجام دے کر شکر گذار فرمایا

جناب سید محمد خلیل صاحب ایم اے ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس بھاگلپور سپرنٹنڈنٹ قومی پولیس

مرزا انور حسین صاحب انسپکٹر قومی پولیس۔

شیخ صادق حسین صاحب وائس پریسیڈنٹ انجمن مہدویہ غازی پور انسپکٹر قومی پولیس۔ شیخ حسن رضا صاحب۔ چودھری فدا حسین صاحب رضا حسین خانصاحب احمد حسین خانصاحب۔ سید زاہد حسین صاحب۔ شیخ ناظم حسین صاحب۔ شیخ علی اکبر صاحب۔ شیخ حسین علی صاحب۔ شیخ رحمت علی صاحب۔ سید ناظم حسین صاحب۔ سید محمد رضا صاحب۔ اصغر حسین صاحب۔ سید مظفر حسین صاحب۔ میر زین العابدین صاحب۔ بشارت حسین خانصاحب۔ شیخ مہدی حسین صاحب۔ شیخ منظور حسین صاحب۔ شیخ تفضل حسین صاحب بی اے ممبران۔ و سید حامد حسین صاحب سکریٹری انجمن مہدویہ غازی پور۔

کمیٹی انتظامیہ نے ایک استقبالی کمیٹی عہدہ داران و ممبران ذیل کی بنائی جس میں علاوہ ممبران کمیٹی انتظامیہ کے اضلاع کمشنری بنارس سے بھی بعض معززین کو منتخب کیا سب سے پہلے کمال خصوصیت و اخلاص کے ساتھ پریسیڈنٹ کمیٹی استقبالیہ کا شکریہ ادا کیا جاتا ہے جنہوں نے کمیٹی انتظامیہ کی استدعا قبول فرما کر اپنی پریسیڈنٹی سے ممتاز و سرفراز فرمایا۔

عالیجناب خان بہادر نواب مرزا شجاعت علی صاحب نصیر الممالک جنرل سفیر ایران پریسیڈنٹ کمیٹی استقبالیہ۔ خان بہادر مفتی سید حسین صاحب وائس پریسیڈنٹ پروفیسر حاجی سید جلال الدین حیدر صاحب ایم اے وائس پریسیڈنٹ۔ سید محمد مصطفےٰ صاحب بی اے سکریٹری۔ حاجی حکیم و مولوی شیخ محمد تقی صاحب۔ حکیم سید حسین ابراہیم صاحب۔ شیخ ولایت حسین صاحب۔ مرزا محمد محمود صاحب شیخ حسن احمد صاحب۔ مرزا محمود سلطان شکوہ صاحب۔ مولوی سید محمد صالح صاحب رئیس ضلع غازی پور۔ مرزا مظفر حسین صاحب سب جج اعظم گڈھ۔ نواب مرزا علی سجاد صاحب ڈپٹی کلکٹر غازی پور۔ شیخ محمد حسین صاحب وکیل غازی پور۔

مولوی سید زین العباد صاحب رئیس محمد آباد ضلع اعظم گڈھ۔
استقبالیہ کے عہدہ دار و ممبران نے مہمانوں کے استقبال کا انتظام اسٹیشن سے کیا اکثر ممبران وعہدہ داران اوقات ریل پر معہ والنٹیر صاحبان خود جاتے تھے اور حضرات علماے کرام ادام اللہ فیوضہم کا استقبال کل ممبران وعہدہ داران کمیٹی استقبالیہ وانتظامیہ و اکثر مومنین نے نہایت خلوص و جوش سے کیا و بعض عمائدین و پریسیڈنٹ استقبال بھی خاص انتظام و امتیاز سے کیا گیا۔ دروازہ پنڈال پر بھی استقبالی خدمت ممبران استقبالیہ نے انجام دی حضرات علماے کرام کا استقبال وائس پریسیڈنٹ صاحبان وسکرٹری کمیٹی انتظامیہ نہایت عظمت وادب سے کرتی تھی و عمائدین کا استقبال سکرٹری کمیٹی انتظامیہ و استقبالیہ و بعض معزز ممبران کرتے تھے۔
کمیٹی استقبالیہ مین عہدہ داران کمیٹی کے خصوصاً و بعض ممبران کے عموماً مستعدی قابل قدر و تذکرہ ہے مثل پروفیسر حاجی سید جلال الدین حیدر صاحب ایم اے وائس پریسیڈنٹ و سید محمد مصطفے صاحب بی۔ اے سکرٹری و مرزا محمد حسین صاحب مترجم بھی حکیم شیخ محمد تقی صاحب۔
سکرٹری کمیٹی انتظامیہ کے کامو نمین سید مرتضے صاحب رئیس سیدگاؤن ضلع جونپور سید جاوید حسین صاحب و اشتیاق حسین صاحب افندی آگرہ نے بھی ہمدردی فرمائی جس کا شکریہ ادا کیا جاتا ہے۔
انکوائری آفس۔ یہ آفس سید محمد جلیل صاحب بی۔ اے رئیس ضلع مرزاپور کے متعلق تھا سید صاحب موصوف نے تنہا اس خدمت کو نہایت مستعدی وحسن وخوبی کے ساتھ انجام دے کر شکر گذار فرمایا۔ اس آفس کے کامون مین بھی بعض وقت آفندی صاحب موصوف نے مدد دیکر شکر گذار کیا۔ اس آفس مین چند والنٹر صاحبان نے بھی ہمدردی کا حصہ لیا۔

سکرٹری آفس — مین شیخ محمد عاقل سکرٹری کمیٹی انتظامیہ و نواب محمد اسد اللہ خان صاحب جائنٹ سکرٹری و منشی افضل حسین صاحب جائنٹ سکرٹری و میر محمود صاحب مددگار رہتے تھے — سکرٹری کمیٹی انتظامیہ علاوہ اپنے آفس کے ذمہ داریون کے ہر شعبہ کے حتی الوسع نگرانی کرتے تھے اور تمام کیمپ مین و نیز پنڈال مین برابر گشت کرتے تھے اور ہر طرح کی نگرانی و دیکھ بھال مین وقت صرف کرتے تھے — اسوجہ سے مستقل طور پر نہ اپنے آفس کا و نہ کسی خاص شعبہ کا کام بالاستقلال و اطمینان کر سکتے تھے سکرٹری آفس مین علاوہ جائنٹ سکرٹری صاحبان سید محمود صاحب نے بھی قابل قدر و شکر گذاری مدد دی اور ہر سہ عہدہ دار موصوف برابر شبانہ روز اپنے کامون مین مصروف رہے —

نمبر ٹکٹ فروخت کرنیکا کام دفتر کانفرنس سے دوران اجلاس مین سید اسد اللہ صاحب اسسٹنٹ سکرٹری کمیٹی انتظامیہ کے متعلق تھا جسے تنہا اسسٹنٹ سکرٹری نے نہایت دیانت و ہوشیاری سے انجام دیا —

دروازہ پنڈال پر مرزا انور حسین صاحب ممبر کمیٹی انتظامیہ نے بھی اس خدمت کو انجام دیا نمبر ٹکٹ چک کرنے کی خدمت حضرات ذیل نے نہایت مستعدی و دیانت داری سے انجام دی اور اپنی حسن کارگذاری سے کمیٹی کو شکر گذار فرمایا — اور بلا رو رعایت کسی شخص کو بیقاعدہ و بلا جانچ ٹکٹ اندر پنڈال کے نہ جانے دیا منشی سید علے احمد صاحب رئیس جون پور — سید وراثت حسین صاحب طالب العلم کرسچین کالج الہ آباد — سید حبیب حسین صاحب رئیس جون پور — مفتی سید شبیر حسین صاحب رئیس جون پور — سید جاوید حسین — شیخ ضیا محمد صاحب مرزا محمد باقر صاحب — شیخ ابراہیم حسین صاحب — سید ذاکر حسین صاحب —

نمبر انتظام پریس و طبع پروگرام — شیخ ضیا محمد صاحب پروپرائٹر و منیجر و شیخ

سے علے عباد صاحب کے متعلق یہ خدمت تھی پروگرام ایک بجے شب کو دیا جاتا تھا اور قبل جلسہ چھپکر آجاتا تھا اور وقت مقررہ پر نہایت عمدہ گی سے حاضرین جلسہ کے خدمت مین تقسیم کر دیا جاتا تھا۔

نمبر انتظام صفائی کیمپ و پاخانہ۔ جناب صاحب مجسٹریٹ بہادر بنارس کے خاص توجہ سے اکثر انتظامی امور مین پوری مدد ملی خصوصًا صفائی بتوجہ صاحب ممدوح ہیلتہ افسر صاحب بنارس نے خاص انتظام فرمایا اور پاخانہ پختہ بنوایا گیا تھا انتظام صفائی پاخانہ و کیمپ ہر طرح پر اچھا ہوا اور کسی قسم کی شکایت گندگی کی کسی وقت نہین ہوئی۔ گو بہ نسبت اور مقامات کے اس خاص انتظام صفائی مین کمیٹی کا تخمینہ و قرینہ سے زیادہ خرچ ہوا مگر مہمانون کے آسایش کا خیال سب پر بالاتر تھا صاحبان ممدوح کے حسن توجہ و عنایت خاص کا شکریہ ادا کیا جاتا ہے کہ ہیلتہ افسر صاحب علاوہ داروغہ و جمعداران صفائی کے خود بھی وقتًا فوقتًا معائنہ کرتے تھے۔

دفتر کمیٹی انتظامیہ سے حضرات ذیل کی خدمت مین اعزازی کارڈ اجلاس پنجم شیعہ کانفرنس بتوسط سکرٹری ارسال کیا گیا۔

جناب صاحب کمشنر بہادر بنارس۔ جناب صاحب کلکٹر بہادر بنارس۔ جناب صاحب کلکٹر بہادر مرزاپور۔ جناب صاحب کلکٹر بہادر جونپور۔ جناب صاحب کلکٹر بہادر غازی پور۔ جناب صاحب کلکٹر بہادر بلیا۔ جناب صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس بنارس۔ جناب قبلہ مولانا مولوی مرزا عابد علے صاحب قبلہ۔ جناب سول سرجن صاحب بنارس۔ جناب اسسٹنٹ سرجن صاحب۔ جناب صاحب کنٹونمنٹ مجسٹریٹ بہادر بنارس۔ جناب ہیلتہ افسر صاحب بنارس۔ جناب سکرٹری صاحب میونسپل بورڈ بنارس۔ جناب چیف سکرٹری صاحب ہزہائینس مہاراجہ صاحب بنارس۔

جناب پرائیوٹ سکرٹری صاحب ہز ہائنیس ممدوح - جناب ہزاری صاحب مصاحب خاص ہز ہائنیس ممدوح -

ہزار ہزار شکر ہے خداوند کریم کا کہ اجلاس پنجم شیعہ کانفرنس ۶-۷-۸ شوال ۱۳۲۸ھ مطابق ۳۰ ستمبر ۱۹۱۰ء لغایت ۲- اکتوبر ۱۹۱۰ء باوجود چندین مشکلات و کمی معاونین بخیر و خوبی ختم ہوا اور حضرات علمائے کرام و سربراوردگان قوم و روشن خیال حضرات اس کامیابی جلسہ کانفرنس پر مسرور واپس تشریف لے گئے انجمن تہذیب الاخلاق کمیٹی انتظامیہ بنارس تمام حضرات علماء کرام ادام اللہ فیوضہم و سربرآوردگان قوم و معزز مہمانان کا شکریہ ادا کرتی ہے کہ ان حضرات نے اپنی تشریف آوری سے بنارس جیسے شہر کو ممتاز فرمایا فی الواقع بنارس کی تاریخ مین یہ زمانہ کانفرنس کا سنہری حرفون سے لکھنے کے قابل ہے انجمن تہذیب الاخلاق بنارس کو اس بات کا فخر حاصل ہے کہ اوسنے اپنی موجودہ قوت کے ساتھ اتنے بڑے عظیم الشان جلسہ کو مدعو کر کے اپنے حتی الامکان ادائے خدمات مین تقصیر نہین کی -

ہان مقامی مشکلات و نامناسبت فصل و زمانہ سے اگر کسی قسم کی تکلیف اس قومی و مذہبی جلسہ مین معزز مہمانون کو ہوئی ہو تو اوسے معاف فرما کر مزید شکر گذاری کا موقع دین گے اور کمیٹی کا عذر صحیح قبول فرماوین گے - العذر عند کرام الناس مقبول خداوندا اس قومی و مذہبی جلسہ شیعہ کانفرنس کو ہمیشہ نیکنامی کامیابی و روزافزون ترقی عطا فرما اور اسکا سالانہ اجلاس ہر مقام پر بخیر و خوبی ترقی و کامیابی سے ہوا کرے اور اسکے اغراض و مقاصد بپابندی شریعت ہمیشہ پوری ہون اور تعلیم یافتگان قدیم و جدید کو متحد الخیال بناوے اور ایک مرکز ترقی پر دائرہ شریعت پہونچاوے - بحق محمد سید المرسلین و الہ الطیبین الطاہرین آمین ثم آمین -

خادم قوم شیخ محمد عاقل سکرٹری انجمن تہذیب الاخلاق و کمیٹی انتظامیہ شیعہ کانفرنس

خلاصہ رپورٹ آنریری سفیران اجلاس پنجم آل انڈیا شیعہ کانفرنس

رپورٹ سفارت ضلع اوناؤ بابت اجلاس پنجم شیعہ کانفرنس

مرسلہ جناب سید طالب علی صاحب رئیس اوناؤ

اجلاس پنجم شیعہ کانفرنس کی سفارت کا فخر مجھے بھی حاصل ہوا۔
قبل اسکے کہ مین اپنے کام کو شروع کرون یہ معلوم ہوا کہ اس ضلع اوناؤ کے قرب وجوار مین جو قصبات ہین وہان کے مومنین خود اس قومی خدمت کے انجام دہی مین سرگرم ہین اسوجہ سے مین نے اس ضلع کا دورہ نہین کیا صرف اوناو خاص مین سفارت کی۔ علاوہ اس ضلع کے اور کسی مقام پر بوجہ عدیم الفرصتی کے نہ جاسکا۔ اوناؤ خاص چونکہ سب سے چھوٹا مقام ہے بلحاظ آبادی مومنین کے لہذا اوسکی رپورٹ سفارت بھی مختصر ہے اوناو خاص مین مومنین کا مجمع بہت کم ہے النادر کالمعدوم کا مصداق ہے اسوجہ سے یہانکی قلت شرکت کی جانب نظر تعجب سے نہ دیکھنا چاہیے جو ہوجاے وہ بہت ہے۔ اوناؤ کے متصل ایک موضع سگروسی ہے جس مین ماشاء اللہ سے تعداد مومنین کی مقام مذکور سے زاید ہے۔ اس موضع مین کئی حصہ دار ہین اون مین سے سید طاہر حسین صاحب بھی قلیل حصہ کے مالک ہین جو مجمع اوصاف حمیدہ و مخزن خصائل پسندیدہ ہین۔ مہمان نواز۔ محتاط مومن دیندار ولاے علی ابن ابی طالب مین سرشار ہین۔

نوٹ۔ اس سال سفیرونکے واسطے ایک نقشہ بنا دیا ہے جسمین غیر ضروری چیزین درج نہ ہوسکین گی۔

کہ ہر سال ایک شخص زیارت کربلاے معلے کو بموجب منظوری کمیٹی جایا کیا۔ لہذا امسال و گذشتہ ایک صاحب زیارت سے مشرف ہو آئے ہین ۔ امسال کے واسطے بھی ایک صاحب تیار ہین اللہ تعالے شانہ حضرات کمیٹی نہین باہمتون مین برکت عطا فرماے ۔ اگر کچھ عرصہ تک اسکا قیام رہا تو کل مومنین اس قصبہ کے زائر ہوجائینگے۔ آمین ثم آمین ۔

خاکسار سید طالب علی آنریری سیکرٹری کانفرنس

خلاصہ رپورٹ سفارت مرسلہ جناب مولوی سید محمد لطیف صاحب

میرے متعلق بھی کچھ آنریری سفارت کا کام کیا گیا مگر چونکہ ضلع غازی پور کی سفارت کے امور انجمن تہذیب الاخلاق بنارس نے انجام دیئے اور صرف ہماری ہی بستی (زنگی پور) باقی رہ گئی جہانسے صرف وزیٹر ہی فراہم ہوسکے ۔ یہان کے کچھ حالات بھی ایسے نہین ہین کہ بیان کئے جائین صرف دو امام باڑہ پختہ اور انھین امام باڑونکے متعلق دو مسجدین ہین مگر کچھ ناداری اور کچھ اہل قریہ کی پست ہمتی سے اچھی حالت مین نہین ہین ۔ یہان کوئی وقف نہین ہے البتہ مومنین عشرہ محرم و غیر محرم مین عزاداری و مجالس اپنی حیثیت کے موافق برپا کرلیتے ہین ۔ مومنین مین سادات کچھ شیخ ۔ خان ۔ جولاہے اور فقیر ہین ۔ سرکاری عہدہ پر ابتک کوئی نہین ہے اور نہ تجارت و حرفہ کیطرف کسیکو توجہ ہے ۔ اس اثنا مین مجھے بضرورت عظیم آباد جانے کا اتفاق ہوا اور وہان پہونچکر معلوم ہوا کہ ممتاز الافاضل جناب مولوی سید سبط حسن صاحب کی وصولی کے بعد بھی لوگ باقی رہ گئے ہین بنا و علیہ منجملہ باقی ماندہ حضرات کے تین صاحبون نے ممبری کے ٹکٹ خرید فرمائے اور ممبری کے ایک ٹکٹ کی قیمت سید نظیر نواب صاحب ساکن نواب گھاٹ شہر عظیم آباد (جنکو بلا وصولی روپیہ مولانا موصوف ٹکٹ و رسید دیکر لکھنؤ روانہ ہوگئے)

ے ، روپیہ وصول ہوئے جملہ تین ٹکٹ ممبری از نمبر ۱۰۴۴۳ لغایت ۱۰۴۴۶ ۔ اور آٹھ ٹکٹ وزیٹری از نمبر ۱۰۸۶ لغایت نمبر ۱۰۹۲ ۔ فروخت ہوئے جنکی یکجائی عہ ہوئے اور ماتی ٹکٹ ممبری از نمبر ۱۰۴۴۷ لغایت نمبر ۱۰۴۶۹ ۔ و ٹکٹ وزیٹری از نمبر ۱۰۹۴ لغایت نمبر ۱۱۰۰ ۔ وچک بک نمبری ۳۳ وچک بک نمبری ۹۰ غیر مستعمل وچک بک نمبری ۹۰ مستعمل وکتاب دستور العمل ۱۲ جلد و دو عدد فارم واپس کئے گئے ۔

سید محمد لطیف آنریری سفیر ساکن زنگی پور ضلع غازیپور

رپورٹ مرسلہ سید سلامت علی صاحب آنریری سفیر آل انڈیا شیعہ کانفرنس

مجھکو سال گذشتہ کے سوا ۔ اس سال بھی سفارت آل انڈیا شیعہ کانفرنس کا شرف حاصل ہوا جس کی وجہ سے شکریہ جناب پریسیڈنٹ صاحب قبلہ مدظلہ کا وجناب سکریٹری صاحب قبلہ کا دل وجان سے ادا کرتا ہوں ۔ مین نے اپنے ذمہ اس کام کا بار صرف اپنے محلہ مخدوم شاہ ادھن اور دوسرے ایک محلہ ملحق رضوی خان کے لیئے لیا اس سال میرے پاس عہ ٹکٹ ممبری اور عہ وزیٹری موصول ہوئے ۔ دونون محلونمین محمد عاقل صاحب سکریٹری انجمن تہذیب الاخلاق بنارس و میر محمد کامل صاحب سکریٹری انجمن اخلاق ناصری جونپور تشریف لاکر اپنا کام کر گئے اب مجھکو ضرورت ہوئی کہ مین بھی آخر کچھ کام کرون لہذا مناسب معلوم ہوا ۔ کہ رو اس ضلع مین ایک مقام اچھا ہے جہان مومنین کی ماشاء اللہ کثرت ہے اور ٹکٹ زیادہ نکل سکتے ہین ۔ بسواری یکہ کے بار کانفرنس پر نہین ڈالا گیا ۔ رو پہونچا سفارت کے متعلق گفتگو کی ۔ مین میر محمد خانصاحب کے دولتخانہ پر مقیم ہوا ۔ مجھکو جناب خانصاحب سے صدارت کے متعلق گفتگو کی اسجگہ وہ گفتگو جو ہمارے و خانصاحب کے درمیان ہوئی اسوجہ سے نظر انداز کی جاتی ہے کہ ہر صائب الرائے و روشن خیال پر یہ بات پوشیدہ

نہین ہے صبح کو دو ٹکٹ ممبری اور ایک وزیٹری جناب خانصاحب موصوف نے لیئے اور ایک ٹکٹ وزیٹری صدر الدین نے مین لیا گیا - باقی حضرات جو لائق لینے ٹکٹ کے تھے اور اُنکا اسمائے گرامی مندرج روئداد اجلاس سوم بھی تھا - میرا دروازہ پر آنا سُنکر باہر بھی تشریف نہ لائے اور حضرات اس قابل نہ تھے وہ صاحب موجود نہ تھے مجھکو حیرت رہی کہ وہ حضرات مجھ سے مقاصد کانفرنس تو سن لیتے - چاہتے وہ ٹکٹ لیتے یا نہ لیتے یہان نہ تعلیم کا چرچہ ہے نہ کوئی پیشنماز ہے اگر بند و بست کیا جائے تو نصف یا اُس کا یہان کے مومنین برداشت کرنے کو تیار ہین - اُس سلیے مین کانفرنس کو اسکی نسبت نہایت زور سے توجہ دلاتا ہون -

رپورٹ سفارت مرسلہ جناب شیخ باسط علی صاحب رئیس دیوگام ضلع اعظمگڈھ

جناب عالی - مین نے اس سال ضلع اعظم گڈھ اور اوسکے مضافات مین حسب ذیل دورہ کیا لیکن افسوس کہ روئداد دیر مین ملنے کی وجہ سے اور بوجہ مسلسل بارش کے اپنے قصد و ضرورت کے مطابق نہ دورا کرسکا نہ اپنی امید کے مطابق کامیاب ہوا - مجھے شیخ ولایت صاحب رئیس دیوگام کا ذکر کرنا بہت ضروری ہے جنکی تقویت و بھروسہ پر مجھے اس خدمت کا شرف حاصل ہے دامے درمے سخنے قدمے بہر صورت ممکن میری امداد و کانفرنس کی اعانت فرماتے ہین اور میرے محترم دوست منشی سید علی مہدی صاحب و جناب قاضی شیخ محمد صاحب و جناب شیخ محمد عامل صاحب سکرٹری تہذیب الاخلاق بنارس کا شکر ادا کرتا ہون سکرٹری صاحب موصوف کے قصبہ سے قصبہ مبارکپور مین خلاف امید کامیابی ہوئی و سید علی مہدی صاحب و قاضی صاحب موصوف تو سال بھر مجھے

کامیاب بنانے کی ہر طرح کوشش کرتے رہتے ہین علاوہ اپنا عزیز وقت دینے کے میرے کام مین مدد دیتے ہین اپنا خرچ بھی کرتے ہین اب مین شاہ جہانپور کا شکریہ ادا کرتا ہون کہ میری مہمانداری مین تو زیادہ اہتمام کیا اور اصل کام تین مرتبہ وعدے کر کے طلب فرمایا چند مرتبہ کی آمد و رفت مین خرچ بھی ہوا اور ابتک ایفائے وعدہ نکیا حالانکہ یہ وہ مقام ہے جہان طبقہ اسلام مین بجز شیعہ مذہب کے دوسرے اہل مذہب ایک شخص بھی نہین رہتے پیسہ فنڈ اگر کل ملجائے تو کئی روپیہ مل سکتا ہے۔ اپنے پورے زمانہ دورہ مین جہان جہان اور جن جن حضرات کا مہمان رہا ہون بخیال طوالت ترک کر کے اونکا شکریہ ادا کرتا ہون البتہ اون حضرات کا تذکرہ ضروری ہے جن جن حضرات نے باوجود تخالف مذہب میری مہمانداری اور امداد مین اخلاقاً و خلوصاً ہر طرح پر حصہ لیا قصبہ مبارکپور مین جناب منشی شیخ عبدالوہاب صاحب پنچ مجسٹریٹ اور بہریا مین جناب منشی رشید الدین صاحب رئیس اور بخش پور مین مولوی شیخ عبدالغفار صاحب ان دونون صاحبون کے گھوڑے بھی میری سواری مین کئی روز رہے اور گھوسے مین جناب منشی کریم بخش خانصاحب جو اسوقت نائب تحصیلدار ہین ۔ مجھے قوی امید ہے کہ انشاءاللہ میرے کل مددگار حضرات آئندہ مجھے پوری پوری مدد دے کر مشکور اور خاصاً تذکرہ کا موقع دین گے۔

آخر مین ایک راے بھی پیش کرتا ہون جو شاید خرچ کانفرنس مین کسیقدر تخفیف پیدا کرے وہ یہ کہ ہر دو قسم کے ٹکٹ ممبری و وزیٹری کے مقدار لمبان وچوڑان مین کمی کر کے نصف کر دیا جائے۔

جملہ وصولی میری علاوہ پیسہ فنڈ کے سامحہ ہوے جس مین سے سے؎ محصول منی آڈر اور لعہ؎ سفر خرچ خود جملہ للعہ؎ جسکی تفصیل ہر روپیہ کی روانہ کر چکا ہون منہا کر کے بقیہ سامعہ نقد بدفعات ذریعہ منی آڈر اور خود بنارس مین داخل کیا ہے

تفصیل مقامات دورہ

۱ قصبہ محمد آباد گہر
۲ قصبہ مبارک پور
۳ جہانیان پور
۴ شاہ قدیر پور عرف گنگلا
۵ پراور رحیم آباد
۶ حمزہ پور
۷ شاہ روت
۸ گوڈلہ
۹ شاہ حیر پور
۱۰ شیخولیا
۱۱ راجہ پور
۱۲ دریا پور
۱۳ شمس پور
۱۴
۱۵ سید پور بسیکہ
۱۶ انباری
۱۷ ماہل قاضی
۱۸ رہرودہ
۱۹ ناہر پور
۲۰ ڈگیار
۲۱ کندھیا بہاؤالدین پور
۲۲ جمایان
۲۳ گدو پور
۲۴ قفس پور
۲۵ گھیرا گاؤن
۲۶ نظام آباد
۲۷ ہٹن پور ہادی علے
۲۸ پورہ یار محمد
۲۹ بہلولے
۳۰ اعظم گڈھ قاضی
۳۱ سگرین
۳۲ خطیب پور
۳۳ باری پٹی
۳۴ قصبہ سرہیہ
۳۵ شیعی مصطفےٰ آباد
۳۶ مرزا پور
۳۷ کدسی پور متعلقہ بہلولے

رپورٹ سفارت مرسلہ سید محمد تقی صاحب بجنوری طالب علم بی-اے

علیگڈھ

مختصر حالات جلالی و پلکینہ و بروہم کے ذیل میں عرض کئے جاتے ہیں۔

حضرات جلالی کانفرنس کے شیدا و فریفتہ معلوم ہوتے ہین۔ دل سے کانفرنس کے حامی ہین۔ مسئلہ صدارت مین تخصیص کے زیادہ متمنی ہین قصبہ جلالی مین شیعون کی آبادی ماشاء اللہ کئی سو ہے۔ اکثر حضرات متمول و صاحب ثروت ہین۔ لیکن قابل افسوس امر یہ ہے کہ یہ حضرات تعلیم کیطرف بہت کم رجوع ہین۔ اسقدر کثیر آبادی مین غالبا دو ہی چار طالب علم تحصیل علم مین مشغول ہونگے۔ شرفا کے لڑکے نہایت ہی نفرت انگیز طریقہ پر اپنا وقت ضائع کرتے ہین علے ہذا الملکینہ مین بھی یہی حالت ہے۔ اشد ضرورت محسوس ہوتی ہے کہ جلالی مین ایک مدرسہ ابتدائی تعلیم کا بہت جلد قائم کیا جائے۔ تاکہ وہان کی حالت کچھ درستی پر آوے۔ بعض حضرات جلالی مثلاً عالیجناب میر خورشید علے صاحب عالیجناب میر حشمت علی صاحب و عالیجناب سید علے اکبر صاحب و عالی جناب سید عزیز الحسن صاحب ممبر ڈسٹرک بورڈ و عالیجناب میر عاشق علے صاحب و عالیجناب میر حکمت علے صاحب و عالیجناب میر محمد حسن صاحب و دیگر حضرات ماشاء اللہ خود سقدر صاحب مقدرت ہین کہ اپنے قصبہ کی ضرورت کے لحاظ سے ایک مدرسہ قائم کر سکتے ہین اگر کانفرنس کیجانب سے ان حضرات کیخدمت مین تحریک کیجاوے تو غالباً یہ سب حضرات ضرور اس کار خیر کے لئے مستعد و آمادہ ہو جائین گے۔ ملکینہ جلالی سے دو میل سے کم کے فاصلہ پر ہے۔ وہان کے طلبا یہان باسانی آسکتے ہین۔ اسکے متعلق بہت جلد فکر ہونا چاہیے۔

بڑودہ علاقہ گجرات مین واقع ہے۔ یہ بہت بڑی ریاست اہل ہنود کی ہے پیداوار و آب و ہوا کے لحاظ سے یہ ایک بہت اچھا مقام ہے۔ موجودہ والی ریاست نہایت ہی قابل اور روشنضمیر مہاراج ہین تعلیمی حالت یہانکی فی زمانہ بہت ترقی پر ہے سیکڑون اسکول ابتدائی تعلیم انگریزی و گجراتی کے قائم ہین۔ صنعت و حرفت کے بھی متعدد اسکول ہین۔ کہا یہ جاتا ہے کہ یہان ہر قسم کی تعلیم کے

مدرسہ موجود ہین یہانتک کہ ایک مدرسہ بھی اعلی پیمانہ پر موجود ہے جس مین اعلیٰ درجہ کا گانا سکھایا جاتا ہے ہنود کے ذیل قومون کے واسطے خاص طور پر جداگانہ مدارس قائم کئے گئے ہین۔ غرضکہ والی ریاست کو اپنی رعایا کی تعلیم کا بہت بڑا خیال ہے اور وہ اپنی قوم وملت کے لوگونکی ترقی کے شب وروز خواہان ہین۔ مسلمانون کی آبادی عموماً مقابلہ ہنود کے بہت کم ہے۔ خصوصاً حضرات شیعہ قریب قریب نادر ہین۔ اور جسقدر حضرات وہان ہین محض نام کے شیعہ ہین۔ سوائے دو چار کے تقریبًا کل اپنے دین سے بالکل بے خبر ہین حتی کہ صوم وصلوٰۃ کا نام بھی نہین جانتے اکثر یہ بھی نہین جانتے کہ انکے کتنے امام ہین اور انکے اسمائے گرامی کیا ہین۔ نماز تو عید البقرید شاید پڑھ بھی لیتے ہونگے۔ لیکن روزہ کا ترک کرنا تو کوئی بڑی بات نہین ہے۔ تعلیم یافتہ پارٹی کے بعض حضرات بھی اسی خیال کے ہین۔ انہین سے شیعہ کانفرنس کے ہمدرد بہت کم ہین بلکہ بعض صاحب تو اس کانفرنس کے وجود کو مسلمانون کے حق مین مضر خیال کرتے ہین۔ اسکی کسی قسم کی شرکت تو یقینًا انکے نزدیک حرام ہے۔ عام طور پر گجرات کے مسلمانونکی تعلیمی حالت نہایت ہی خراب حالت مین ہے۔ احکام دین کے جاننے والے بہت کم ہین۔ پیری ومریدی کا بہت زور ہے سُنا گیا بعض شیعہ حضرات نے بھی اس پردہ مین کچھ کمانے کا طریقہ اختیار کیا ہے۔ ایک ایک پیر کے ہزار و مرید ہین۔ عیسائی مشنری کثرت سے ہین۔ وہانکے باشندہ بالکل خالی الذہن ہین۔ جو جس قسم کی ہدایت کرنے پر کھڑا ہوتا ہے فورًا دو چار سو اُسکی تقلید کرنے پر آمادہ ہو جاتے ہین ایسی حالت مین اگر کوئی صاحب راہ حق کے دکھانے والے بھی پہونچ جائین تو یقینًا دین کی وہان بہت کچھ عملی خدمت ہو سکتی ہے۔ شیعہ کانفرنس کو ایسے ہی مقامات کے لیے شیعہ مشنری پیدا کرنے کی اشد ضرورت ہے۔ مجھے افسوس ہے بوجہ عدیم الفرصتی کے پورے طور سے یہانکے حالات لکھنے سے قاصر ہون لیکن زیادہ

زور کے ساتھ مین اراکین کانفرنس کی توجہ کو ان عملی کارگذاریونکے دکھانیکے واسطے رجوع کرتا ہون ۔ اور امید کرتا ہون کہ جلد ان رزولیشنز کی عملی صورت مین لانے کی فکر کیجاوے گی ۔ جسکی اسوقت گجرات و بڑودہ وغیرہ ایسی مقام کے لیئے ضرورت شدید ہے اکثر حضرات کی رائے یہ ہے کہ حضرات علما کو خود یا اُنکے قابل معتمدین کو کانفرنس کے ڈیپوٹیشن پر دورہ کرنا چاہیے ۔ اور قوم کی اصلاح کی فکر کرنا چاہیے اور انکو بہت جلد دین سے باخبر کرنا چاہیے ۔

اب مین اپنی اس مختصر تحریر کو ختم کرتا ہون ۔ اور امید بھی کرتا ہون کہ اس پر اراکین کانفرنس مخصوص حضرات علما کو کافی اور بہت جلد توجہ دلائین گے ۔

خادم قوم سید محمد تقی بجنوری انریری سفیر آل انڈیا شیعہ کانفرنس

رپورٹ جناب سید محمد عسکری صاحب جعفری آنریری سفیر

آل انڈیا شیعہ کانفرنس بمقام سونی پت ضلع دہلی (پنجاب)

عالیجاہا ۔ دو سال سے اسی قومی خدمت کا شرف انجمن شیعۃ الصفا سونی پت کی طرف سے اس خادم کو ملا تھا ۔ چنانچہ دو سال سے کمترین نے حتی الوسع کار سفارت کو ادا کیا مگر میری سفارت سے جو فائدہ کانفرنس کو ہونا چاہیے وہ نہین ہو سکتا سبب یہ ہے کہ مقامی حضرات کا اسی قوم پر کوئی اثر نہین پڑ سکتا جو کہ غیر سفیر کے آنے سے ہو سکتا ہے یہ قصبہ شہر دہلی سے تقریباً ۲۰ میل جانب شمال ایک بلند مقام پر آباد ہے مومنین کے ۔۔۔۔ مکانات ہین جنکی مجموعی آبادی تقریباً ۲۶ ہزار ہے اگرچہ تمام مسلمانون کی آبادی یہان پر منجملہ ۱۳ ہزار کے آبادی ہے اور ۷ ہزار ہنود ہین مومنین عموماً چندسو ہین اور چند حضرات ملازمت پیشہ ہین ۔ ان میں سے

کوئی ضلع عہدہ پر نہیں ہے ۔ جن میں سے گریجویٹ انڈر گریجویٹ چند نوجوان
انٹرنس پاس یا انٹرنس تک تعلیم ہے دو حضرات عالم دین ان میں سے اک مجتہد ہے
جنکے نام نامی سے اکثر مومنین واقف ہیں انکا اسم مبارک مولانا شیخ اخلاق حسین صاحب
قبلہ ہے مگر اب عرصہ سے حیدرآباد دکھن میں مقیم ہیں ۔ گاہے بگاہے تشریف لاتے
رہتے ہیں دوسرے عالم دین مولوی حاجی سید احمد حسین صاحب قبلہ ہیں اب پیش نماز
ہیں مگر یہ بھی بوجہ ملازمت ہمیشہ پردیس میں رہتے ہیں ۔ مومنین کو مذہبی امور سے
بالکل دلچسپی نہیں ہے ۔ علم دین کا یہاں پر بالکل چرچہ نہیں ہے اور نہ دنیاوی
بھی تعلیم سے دلچسپی ہے نفاق قومی بکثرت ہے بلکہ روز بروز ترقی پر ہے خداوند عالم
بحق محمد و آل محمد اس قوم پر رحم کرے ۔ یہاں پر چار امام باڑے و چھ مساجد ہیں جن میں نماز
ہیں ۔ مساجد آبادی میں وقف ہر اک خاندان کا علیحدہ علیحدہ ہے ۔ اک
وقف موسومہ ناصر الدین قدس سرہ کی درگاہ کا ہے جو مرحوم سے وابستہ ہے اسکی
دو متولی ہیں محمد اسمعیل صاحب و سید سراج الحسن صاحب ہر دو متولیان مرحوم کی
اولاد میں ہیں انتظام قابل اطمینان ہے دوسرے خاندانوں کے وقف علیحدہ ہیں
انمیں کوئی متولی نہیں ہے بلکہ پنچایت اسکا انتظام کرتی ہے جن میں سے محلہ قاضیان
کا وقف کا انتظام اچھا نہیں ہے ہر دو وقف امام باڑہ و مساجد کے نام ہیں ۔
ہر دو وقف کی آمدنی باقاعدہ امام باڑہ مساجد میں خرچ نہیں کی جاتی دوسرے مومنین
کو انمیں دخل دینے کا مجاز نہیں ہے ۔ میں نے پہلے ذکر کیا ہے کہ مومنین کو
قومی امور سے بالکل دلچسپی نہیں ہے علے ہذا اسی طرح کانفرنس سے بھی
دلچسپی نہیں ہے ۔ البتہ جناب مولوی شیخ محمد علے صاحب امرت سری و جناب
مولوی حکیم حاجی سید احمد حسین صاحب نے جو بوجہ ماہ صیام کے یہاں پر تشریف
رکھتے تھے نہایت کوشش سے ادا کرنے نماز جمعہ و عیدا ور منعقد مجالس میں مومنین کو

شرکت کانفرنس واعانت کانفرنس کی ترغیب دلائی اور فوراً کمترین کے ہمراہ مومنین کے مکانون پر تشریف لیجا کر آمادہ کیا مگر کوئی اثر نہوا - خداوند عالم بحق محمد وآل محمد ہر دو صاحبان کو ہمارے سرون پر قائم وسلامت رکھے اور مومنین کو ان سے مستفید ہونیکی ہدایت کرے - اور ان بزرگوارون کو مذہب حق اثنا عشری کے ترویج مین راہی عمر و دولت مین ترقی عطا کرے - جون ۱۱ء سے ۱۹ ستمبر ۱۱ء تک کل عسہ روپیہ ممبری و وزیری کے وصول ہوئے ہین یہ رقم بھی ان صاحبان نے عطا فرمائی ہے جنکو کانفرنس سے خاص دلچسپی ہے اور امید ہے کہ اسقدر رقم ہمیشہ وصول ہوجایا کرے گی میری رائے مین یہانپر بغیر سفیر کے آنے سے کچھ زیادہ رقم حاصل ہوسکتی ہے اسوجہ سے کہ اسکا کچھ نہ کچھ لحاظ ضرور ہوتا ہے اسواسطے میری رائے مین یہ مناسب ہوگا کہ جو سفیر پنجاب کے لیے مقرر ہوا کرے وہ آس طرف سے ہوکر جایا کرے - اگر مجھے بھی کانفرنس مقرر کرتی ہے تو اسقدر رقم مین ہر سال وصول کرسکتا ہون - آخر مین ان تمام حضرات کا جنھوں نے کانفرنس کی امداد مین اور میرے ہمراہ رہنے مین زحمت فرمائی انکا شکریہ ادا کئے بغیر نہین رہ سکتا ع گر قبول افتد زہے عز و شرف -

خادم قوم محمد عسکری

رپورٹ سالانہ سفارت بہرائچ مرسلہ جناب سید منور علی صاحب

الحمد للہ کہ سال پنجم بھی بخیر وخوبی انجام پذیر ہوا جناب مکرم جنرل سکریٹری صاحب آل انڈیا شیعہ کانفرنس نے حسب معمول اسسال بھی پروانہ سفارت مع کاغذات متعلقہ عنایت فرماکر معزز وممتاز فرمایا مگر بسبب عدیم الفرصتی حقیر باہر جانے سے معذور رہا صرف شہر بہرائچ مین اور اوسکے متعلق دیگر قصبہ ودیہات قرب وجوار مین حتی الامکن سلسلہ جنبانی کیگئے جسکی تفصیل حسب ذیل ہے علاوہ شہر متعلقہ بہرائچ دو قصبہ نانپارہ وجرول مین آبادی مومنین کی ماشاء اللہ زیادہ ہے جرول کے

متعلق مواضعات حیدرپور نوبستہ - دہنراج پور - آدم پور - معشوق نگر - میرگنج - قیصرگنج وغیرہ مین بھی بعض شیعہ آباد ہین چنانچہ معظمی ومکرمی جناب حاجی سید مجاور حسین صاحب قبلہ رئیس جرول ونمبردار ہرولیا وغیرہ حسن اتفاق سے وارد بہرائچ وغریبخانہ پر رونق افروز تھے جنکی خدمت گرداوری علاقہ جرول کے واسطے عرض کیا گیا جسکی سرپرستی جناب موصوف نے بخوشی قبول ومنظور فرمائی چنانچہ علاقہ جرول معہ دیہات قرب وجوار جناب حاجی صاحب قبلہ کے متعلق کرکے ایک رسید بہی نمبری ۱۳۱ - اور چند ٹکٹ ممبری وزیٹری حاضر کئے گئے جسکا حساب نقشۂ منسلکہ وتحریر جناب موصوف سے واضح ہوگا علاقہ نانپارہ مین مجمع سے بدرجہا زیادہ باثر ومخیر ہمدرد قوم سرپرست شیعہ کانفرنس حضرات موجود ہین جنکے وجود ذیجود سے اکثر امور خیر جاری - اراکین کانفرنس کی مہمانداری ہوتی رہتی ہے اور نواب صاحبان نانپارہ کے گہری تعلقات خود براہ راست لکھنؤ سے ہین تحریک کی مزید ضرورت نہین علاقہ نواب گنج وناصر گنج مین صرف ملازمین جناب نواب صاحب قزلباش رئیس اعظم لاہور کے شیعہ ہین چونکہ جناب نواب صاحب بہادر خود رکن رکین نائب صدرنشین صاحب شیعہ کانفرنس کے ہین اور سالانہ معتدبہ رقم یکمشت نذر کانفرنس فرماتے ہین وہان بھی ضرورت سفیر کی نہ تھی تاہم احتیاطاً جناب تحصیلدار صاحب کیخدمت مین بذریعہ تحریر یاددہی کے لیے کہ جسقدر ٹکٹ مطلوب ہون طلب فرماکر ملازمین مومنین سے تتمہ چندہ وصول فرماکر عنایت فرمائے مگر سماعت نہ ہوئی مختصر خاموشی سے جواب دیا گیا -

بہرائچ سے متصل موضع نگرور مین سادات کی بستی ہے بعض شیوخ بھی آباد جو اکثر بفضلہ شیعہ ہین مگر قدر قلیل معاش زمینداری وکاشتکاری کی ہے کہ بذریعہ عرائض نویسی وغیرہ عدالت سے بسر اوقات کرتے ہین اونسے ملاقات کرکے عرض کیا گیا لیکن اونکو زیادہ مجبور کرنا مناسب نہ معلوم ہوا مگر بجز وعدہ وعید کے

ایک حبہ کسی صاحب سے وصول نہوا۔

اب صرف ابادی میونسپل بہرایچ خاص باقی رہی یہان چندے انتظار آمد آمد جناب نواب صاحب رئیس لاہور کیا گیا کیونکہ سال گذشتہ آنجناب کے اشارہ و تحریک سے زیادہ رقم وصول ہو گئی تھی۔ مگر بعد کو معلوم ہوا کہ جناب شیخ محمد عاقل صاحب سکریٹری تہذیب الاخلاق بنارس نے قدم رنجہ فرماکر چندہ بھی وصول فرمایا اور جناب پریسیڈنٹ صاحب انجمن امامیہ بہرایچ کو ٹکٹ ممبری و وزیٹری و رسید بہی وغیرہ دیکر عازم نانپارہ ہوئے چونکہ بمقابلہ غیر کے پریسیڈنٹ صاحب موصوف و سکریٹری صاحب جدید کو خدمت جناب نواب صاحب بہادر مین زیادہ شرف اختصاص حاصل ہے۔ لہذا وہ امید منقطع ہوی اب نواب صاحب بہادر کو ارکین انجمن کے حوالہ کرکے توکلت و علے اللہ مومنین غربا و متوسطین شہر سے تحصیل چندہ شروع کیا یہ زمانہ ابتداے ماہ صیام کا تھا پیشتر جناب حاجی سید مجاور حسین صاحب قبلہ موصوف مسبوق الذکر و جناب مرزا فدا حسین صاحب قبلہ گرداور قانون کو زائرین کے دست مبارک سے بسم اللہ ہوی یہ حضرات جیسے نیک نفس مومن دیندار شب زندہ دار اپنے فرقہ کے واسطے باعث افتخار ہین اونکی تعریف سے زبان قاصر ہے بعدہ جناب سب رجسٹرار صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہون کہ حسب درخواست ایک ٹکٹ ممبری بخوشی خود لیا ایک ٹکٹ وزیٹری اپنے ہمشیر زادہ کو دلوا دیا اسی طرح بعض حضرات سرکاری ملازمت کے حیلہ سے سبکدوش ہوئے بعض نے دیگر سفیرون کے نام سے برات حاصل کی ایک مقام پر دو سفیرون کی وجہ سے سالگذشتہ بھی اکثر مختلف شکایتین سماعت ہوئین اور اس مرتبہ بھی سہ سفیر چھوٹی سی بستی مین دخیل ہین لہذا سال آئندہ کے واسطے بند وابھی سے معذرت خواہ ہے ہان جناب سید کاظم علے صاحب قانون گو و جناب سید ابو الحسن صاحب فرزند ارجمند جناب تحصیلدار صاحب و جناب بیرسٹر صاحب سید ابراہیم حسن صاحب

وسید مصطفےٰ حسین صاحب کا شکریہ نہ ادا کرنا حق تلفی ہے کہ ان جملہ حضرات نے بغور دعوت
سیر چشمی و فراخدلی سے ٹکٹ ممبری وو زیٹری خرید فرما کر امداد فرمائی اور جناب حاجی
سید سجاد حسین صاحب خاص شکریہ کے مستحق ہیں جنھوں نے بعد اگانہ خدمت سفارت
جو ول ادا فرما کر مبلغ عصہ یا سے روپیہ براہ راست دفتر آل انڈیا شیعہ کانفرنس کو
روانہ فرمایا علیٰ ہذا احقر نے بھی باوجودیکہ سکرٹری صاحب تہذیب الاخلاق بنارس
وسکرٹری صاحب و پریسیڈنٹ صاحب انجمن بہرائچ اپنے اپنے عمل تسخیر کے سکے چلا چکے
تھے تاہم مبلغ عصہ کے ٹکٹ فروخت کئے منجملہ اسکے مبلغ عصہ کا ایک منی آرڈر
۲۰ ستمبر کو روانہ کر چکا ہوں اور مبلغ سے روپیہ بقیہ معہ ٹکٹ بقیہ و رسید بھی آج روانہ صدر
دفتر کانفرنس کرتا ہوں اور مبلغ پانچ روپیہ بذمہ مکینیر صاحب و ضلعدار صاحب و سر رشتہ دار
صاحب ۳ نفر باقیداران کے نام باقی ہیں جو باوجود طلب و تقاضہ وصول نہ ہوئے
نہ آئندہ امید ہے الا بشرط وصول بعد کو بذریعہ منی آرڈر حاضر کروں گا تفصیل ہر قسم کی وصول
وباقی اسم وار و تاریخوار نقشہ سے مفصل معلوم ہو سکتی ہے امید کہ بجنسہ درج کارروائی
فرمائی جاوے اور علاوہ نذر مذکورہ بالا ایک بزرگوار باوقار صاحب اقتدار نے مبلغ
یک صد و یک صد اپنے عزیز خاص سے دلوانید فرما کر براہ راست دفتر شیعہ کانفرنس
میں ترسیل کرنے کی اطلاع دی ہے جو فہرست ہذا سے خارج ہے بشرط ضرورت جناب
سکرٹری صاحب بذریعہ تحریر دریافت فرما سکتے ہیں چشم تمنا ان کل رقومات کو مع طرح
رقم کے جو ول و نانپارہ و انجمن امامیہ بہرائچ و سکرٹری صاحب بنارس کی معرفت
وصول ہو کارروائی اجلاس پنجم میں بہرائچ کی ذیل میں یکجا دیکھنے کی ہے باقی ماندہ
احباب ذی استطاعت جنھوں نے باوجودیکہ ٹکٹ ممبر خرید سکتے تھے ٹکٹ وزیٹری خرید
فرمایا انکے واسطے نہ شکریہ ادا کیا گیا ہے نہ شکایت لہذا رپورٹ ہذا شکریہ خود پر ختم کیا اور سکرٹری صاحب
کو کامیابی اجلاس پنجم کا مبارکباد دیتا ہوں — الراقم عاصی سید ... عاصی ... سکرٹری ... آل انڈیا شیعہ کانفرنس

رپورٹ مرسلہ جناب چودھری سید نظیر الحسن صاحب آنریری سفیر آل انڈیا شیعہ کانفرنس

حسب دستور سالہائے گذشتہ اس سال بھی شیعہ کانفرنس نے مجھکو اس ضلع متھرا کے واسطے آنریری سفارت کا کام انجام دینے کی تحریک کی جسکو مین نے قومی کام سمجھکر بخوشی و مسرت قبول کیا۔ ایک سال مولوی محمد عسکری صاحب یہان تشریف لاکر غریب خانہ پر مقیم رہے تھے اور کامیاب تشریف لے گئے لیکن اس سال کوئی صاحب تشریف نہ لائے اور مین نے خدمت کانفرنس انجام دی۔ حسب تحریر سکرٹری صاحب یہان کے حالات بھی مختصراً تحریر کرتا ہون۔ اس ضلع مین صرف قصبہ مہابن۔ قصبہ اول موضع خوسنہ مین شیعہ حضرات کی آبادی ہے۔ خاص متھرا مین صرف ایک گھر شیعہ کا ہے جسمین ہر سال مرزا محمد نقی صاحب نہایت خلوص و جوش کے ساتھ عزاداری کرتے ہین امام باڑہ خوبصورت بنا ہوا ہے۔ باہر کے ملازم پیشہ موجود ہین۔ انمین سید عبدالحق صاحب ہیڈ سری جیف ریڈر کلکٹری متھرا نہایت خلیق۔ متواضع فدائے قوم اور بہی خواہ کانفرنس ہین۔ ہمیشہ کانفرنس کے ممبر ہوتے ہین اور سفیران کانفرنس کو اپنے مکان پر ٹھہرا کر نہایت خلوص کے ساتھ اونکی خدمت کرتے ہین اور کانفرنس کے کامون مین ہر قسم کی مدد دیتے ہین۔ متھرا مین اور بھی بہت سے قومی کام انکی مدد۔ اثر اور توجہ سے چل رہے ہین انکا دم متھرا مین بہت غنیمت ہے۔ قصبہ مہابن دریائے جمنا کے کنارے متھرا سے ۵ کوس جانب شمال پختہ سڑک پر۔ یہان پر مختلف اقوام مثل سید۔ شیخ انصاری۔ مغل پٹھان۔ اور اہل ہنود کی مختلف قومین آباد ہین۔ آبادی یہان کی ۶۰۰۰ ہزار سے زیادہ ہے۔ اہل ہنود اور اہل سنت زیادہ ہین۔

شیعہ کل آبادی ۲۰۰۰ سے زیادہ ہے - ابتدا مین یہ قصبہ نہایت آباد اور وسیع تھا
چنانچہ میلون تک عمارت کے نشانات پائے جاتے ہین - سید یحییٰ صاحب مشہدی
نے جو امام رضا علیہ السلام کے پوتے تھے فتح کیا اور سلطان وقت کی طرف سے بہت
دیہات سید صاحب موصوف کو عطا کئے گئے - انکی اولاد مین چودھری صاحب کا
خاندان ہے - یہ خاندان اس نواح مین شیعہ سادات مین بہت معزز اور مشہور ہے
اور تمام قبیلے پر اسکا اثر اور دباؤ ہے - اس خاندان کے بزرگ چودھری سید
شریف الحسن صاحب آنریری مجسٹریٹ و اسپشل مجسٹریٹ ہین - انکے یہان بہت
دھوم دھام سے عزاداری ہوتی ہے گرد و نواح کے لوگ بھی محرم بھر آجاتے ہین انھون نے
ایک امام باڑہ بیس ہزار روپیہ کی لاگت سے بہت عالیشان بنوایا ہے جو اس
نواح مین شاندار اور قابل دید عمارت ہے - مسجد بنوانے کی بھی تیاری کر رہے
ہین - انکے یہان اکثر ذاکرین اور پیشنماز وغیرہ آتے رہتے ہین - اور جمعہ و جماعت
کا پرچار رہتا ہے - انکے یہان کتب عربی فارسی انگریزی وغیرہ کا ایک بہت
بڑا کتب خانہ ہے - چودھری سید شریف الحسن صاحب قوم کے نہایت ہواخواہ
اور شیعہ کانفرنس کے بے حد ہمدرد ہین اور دیگر قومی کامون مین دلچسپی لیتے رہتے
ہین اکثر کانفرنس کے جلسون مین شریک ہوتے رہتے ہین راقم الحروف انکا برادر
خورد و مرکزی کمیٹی کا ممبر اور کانفرنس کا سچا بہی خواہ اور خدمت گذار ہے اور ہر
طرح لوگون کو اسکا ہمدرد بنانے مین سعی کرتا رہتا ہے محلہ قاضی پاڑہ مین قاضی سید
سجاد حسین صاحب رئیس بھی بے حد خیر اندیش کانفرنس ہین - ہمیشہ شریک اجلاس
کانفرنس ہوتے ہین - محکمہ فراہمی ممبران اور ریزیو فنڈ وغیرہ کے متعلق ان سب
سے بہت مدد ملتی ہے - [illegible] مومنین یہان [illegible] کے [illegible] خاندان [illegible]
[illegible] شیعہ [illegible] علم اور [illegible] ہین - سادات [illegible] متمول

اور صاحب عزا ہیں اور سبکے پاس کافی جائداد تھی - مگر بوجہ کثرت اخراجات جائدادین کم ہو گئیں اب پیشہ زمینداری کچھ ملازمت وغیرہ کرتے ہین - عزاداری پانچ چھ مقامات پر ہوتی ہے - تین چار امام باڑے ہین اہلسنت بھی تعزیہ علم نکالتے ہین محرم الحرام یہانکا اچھا ہوتا ہے - پہلے علوم عربی فارسی کا بہت چرچا تھا چند لوگ بہت ذی علم تھے اب تعلیم انگریزی کا بھی چرچا ہے - مگر بوجہ افلاس بہت سے بچے جنکے عمر پڑھنے کے قابل ہے تعلیم سے محروم ہین - مدرسہ تحصیلی اُردو مڈل تک ہے - یہا ہین ہین شیعونکی ایک انجمن بنام انیس المومنین قائم ہے جسکا مقصد عزاداری کی ترقی - عزادارونکی امداد - اور دیگر دینی و مذہبی کامونمین دلچسپی لیتا ہے اسکے پریسیڈنٹ چودھری سید شریف الحسن صاحب - سکریٹری غلام مرتضی صاحب مُنیم - اسسٹنٹ سکریٹری چودہری سید ذوالفقار الحسن صاحب ہین جو ضلع متھرا مین پیسہ فنڈ کے جوائنٹ سکریٹری بھی ہین - قصبہ اول بھی سادات کی پرانی بستی ہے اہل ہنود اور اہل سنت زیادہ ہین لیکن شیعونکی تعداد بھی معقول ہے یہ قصبہ بھی پرانا ہے اور یہانکے مومنین خلیق - پابند شرع - مہذب اور دیندار ہین - تعلیم کا چرچا کم ہے انگریزی خوان بہت کم ہین علی العموم لوگ زراعت کرتے ہین - یہان دو مسجدین بھی شیعونکی ہین جو خوب آباد رہتی ہین - کئی مقامات پر عزاداری بھی ہوتی ہے - ڈپٹی سید احمد حسین صاحب مرحوم نے ایک خوبصورت مسجد اور امام باڑہ تعمیر کرایا تھا اونکے پوتے سید جعفر حسین صاحب اس خاندانکے ممبر اعلے ہین جو عزاداری کرتے ہین اور بفضلہ رئیس صاحب جائداد متمول و تعلیم یافتہ ہین - باقی سادات غریب اور زراعت پیشہ ہین - یہانکے مومنین کانفرنس کے حالات سے بہت کم واقف ہین اور اسمین بہت کم دلچسپی لیتے ہین افسوس ہے کہ مجھکو یہان کانفرنس کے ممبر فراہم کرنیمین مطلق کامیابی نہوئی - صرف ایک صاحب سید محمد صاحب خلف میر احمد حسین صاحب جو میرے عزیز ہین ممبر ہوئے - ایسے مقامات پر کسی خوش بیان - باثر - اور قابل سفیر کے دورے کی سخت ضرورت ہے

جو لوگونکو کانفرنس کی ضرورت اور اوسکے فوائد ومنافع سمجھا کر دلونمین ہمدردی پیدا کرے۔ موضع غوثہ سادات کی چھوٹی سی بستی ہی جسقدر مسلمان ہین سب مومن ہین باقی جو آبادی ہے وہ اہل ہنود کی ہے۔ یہانکے مومن خلیق۔ پابند شرع۔ اور قومی کامونمین نہایت سرگرم اور پرجوش ہین۔ باوربا وجودیکہ چھوٹی سی بستی ہے لیکن اکثر حضرات کانفرنس ہوتے ہین یہانکے مومنین مین سید محمد ابراہیم صاحب منعم جو زمیندار اور صاحب جائداد ہین نہایت خلیق مومن خالص۔ اور پابند شرع ہین قومی کامونمین نہایت سرگرم اور قوم کے دلی شیدائی۔ اور بہی خواہ ہین شیعہ کانفرنس کے نہایت پرجوش ہوا خواہ اور سچے فدائی ہین انکی کوشش اور اثر سے بہت سے حضرات اس ضلع مین ممبر اور وزیٹر ہوئے مجھکو کانفرنس کے کامونمین انسے ہمیشہ بیحد مدد ملتی ہے اور میرے معاون اور شریک رہتے ہین جب سے کانفرنس شروع ہوئی ہے میرے ہمراہ ہر جلسہ مین شریک ہوتے ہین کوئی جلسہ ناغہ نہین ہوا۔ اور تمام لوگونکو اس قومی جلسے کے اغراض و فواید سمجھا کر اوسکا ہمدرد بنانے مین اپنے اثر اور کوشش سے ہمیشہ کام لیتے رہتے ہین۔ خدا ایسے فدایان قوم کو جملہ آفات سے محفوظ رکھے۔ آمین۔

تحصیل چھاتہ ضلع متھرا مین میر ہادی حسن صاحب پرسری بھی نہایت عالی خیال۔ پرجوش خیرخواہ قوم اور جان نثار کانفرنس ہین ہمیشہ قومی بہتری اور قومی فلاح اور ترقی کانفرنس کی تدابیر سوچتے رہتے ہین اور اپنی خوش تقریری اور عالی دماغی سے لوگون کو اسکا ہمدرد بناتے رہتے ہین۔ ہمیشہ میرے ہمراہ شریک جلسہ ہائے کانفرنس ہوتے رہتے ہین۔ مجھکو انسے بھی ان امور مین مدد ملتی رہتی ہے۔ انکی ذات بھی غنیمت ہے۔ فقط

راقم چودھری سید نظیر الحسن ممبر مرکزی کمیٹی وانریری سفیر آل انڈیا شیعہ کانفرنس

خلاصہ رپورٹ سفارت مولوی سید محمد علیصاحب قابل جونپوری

رپورٹ ڈپوٹیشن ریاست رام پور

اس شہر مین تعداد مومنین کی بہت کم ہے صرف وہی لوگ ہین جو باہر کے رہنے والے ہین اور ریاست مین بصیغہ ملازمت تعلق ہے - جناب حکیم امیر حسین صاحب نے ڈپوٹیشن کی کامیابی مین بہت کوشش فرمائی -

رپورٹ نوگاوان ضلع مرادآباد

ہم لوگ ۲ - مئی سنہ ۱۱ء کو نوگاوان میر سراج رضا صاحب کے مکان پر شب کو ایسے وقت پہونچے کہ میر صاحب موصوف کے مکان کے متصل ایک امام باڑہ مین مجلس عزا برپا تھی چنانچہ اس موقع کو غنیمت سمجھکر مجلس مین شریک ہوئے بعض حضرات نے ہمکو پہچانا اور ہمارا خیر مقدم کیا ساتھ ہی اونکے ذکر مصائب کی متعلق اصرار کیا یہانتک کہ باوجود صعوبات سفر ذکر مصائب کا شرف حاصل کرنا پڑا -

بعد ختم مجلس جناب مولوی سید محمد حسین صاحب قبلہ پیش نماز کے ہمراہ اونکے مکان پر آئے یہان جناب میر سراج رضا صاحب بھی تشریف رکھتے تھے جنہون نے اپنے مکان پر ہمکو مہمان کیا - مذکورہ بالا امام باڑہ مین عشرہ کی بنا تھی لہذا دوسرے روز جناب مولوی سید محمد حسین صاحب منبر پر مصائب بیان فرمانے کے لیے تشریف لے گئے قبل بیان مصائب کانفرنس کے متعلق جناب نے تقریر کی اور بعد ختم مصائب مولوی صاحب موصوف کی تحریک سے حقیر نے جسقدر زبان اور قلب مین طاقت تھی ایک گھنٹہ کھڑے ہوکر بیان کیا لیکن وقت زیادہ آچکا تھا پورے طور پر مطالب ومقاصد کو نہ عرض کرسکا تیسرے روز جناب الحاج مولوی السید عوض علی صاحب نے

جوکہ اس قصبہ کے متعلقات سے ہین بیان فرمایا اوسکے بعد جناب موصوف کی تحریک سے اس حقیر نے تقریر کی لیکن ازبسکہ اس قصبہ مین آپس کے اختلافات ترقی پر ہین کوئی کامیابی نہین ہوئی البتہ جناب میر سراج رضا صاحب جناب نواب میر زوار حسین صاحب جناب نواب میر امجد حسین صاحب - جناب میر شبیر علی صاحب - اور جناب میر منظور حسین صاحب کی کوششون سے کچھ کامیابی ہوئی بالخصوص جناب نواب میر زوار حسین صاحب نے سب سے زیادہ حصہ لیا اور ایسی سخت گرمی کے زمانہ مین ڈپوٹیشن کے ہمراہ کام کرنا معمولی کام نہ تہا جسکا تہ دل سے ہم شکریہ ادا کرتے ہین - بعض مہمان نوازون نے ڈپوٹیشن کی دعوتین کین اور جناب میر واحد علی صاحب نے جوکہ اس قصبہ کے ایک رئیس اور ایک وقف کے متولی ہین دو وقت مدعو کیا - اونہون نے امسال ایک مسجد و امام باڑہ تعمیر فرمایا ہے جو نوگانوہ مین اپنی آپ نظیر ہے - اس قصبہ مین مومنین کی تعداد معقول ہے جسمین اکثر مومنین زراعت پیشہ ہین - لگان بالکل نہین ہے اور تعلیم کی حد سے زیادہ ضرورت ہے -

رپورٹ بلند شہر

۱۵ مئی کو دو بجے ہاپڑ ہوتے ہوئے بلند شہر پہونچے اتفاقاً اسٹیشن پر جناب میر معصوم علی صاحب جوکہ جناب الحاج میر ہاشم صاحب سب انجینیر پنشنر کے بھتیجے ہین موجود تہے اپنے مکان پر لے گیے جناب حاجی صاحب بھی نہایت خلق و مروت سے ساتھ پیش آئے اور حتی الامکان کوشش فرمائی مومنین کی تعداد بہت کم ہے صرف جناب الحاج میر ہاشم علی صاحب نے ایک ٹکٹ ممبری خرید فرمایا یہان ایک مقدمہ وقف کے متعلق دائر ہے -

رپورٹ جہانگیر آباد

بلندشہر سے ہم لوگ ۱۸ مئی کو ساکنی ہوتے ہوئے ۱۲ بجے جہانگیر آباد پہونچے بہ سبب وقت گرم ہونے کے ایک دو پہیا گاڑی میسر ہوئی اور ہم لوگ اوس گرم ہوا کے جھونکے کھاتے ہوئے روانہ ہوئے بدبختی سے ایک مقام پر گاڑی اولٹ گئی اور علاوہ اسکے کہ گاڑی اور اسباب کا بار میرے اوپر تہا میرا ایک ہاتھ بھی گاڑی کے نیچے ایسا دبا ہوا تہا کہ مین نکال نہ سکا اور بیہوش ہو گیا۔ اس واقعہ کو دیکھکر مولوی سید زہاد صاحب بھی اپنی مصیبت بھول گئے اور گاڑی بان کو شریک کر کے میرا ہاتھ نکالا۔ چونکہ مین بیہوش تہا ایک درخت کے نیچے لٹا دیا۔ رفتہ رفتہ میرے حواس درست ہوے دیکھا کہ مولوی سید علی زہاد صاحب کے زانو پر میرا سر ہے اور گاڑی بان حیران کھڑا ہے مولوی زہاد صاحب نے اپنے رومال سے میرا ہاتھ باندھا اور ایک مرزا صاحب ساکن ساکنی نے میرے ہاتھ کو کچھ درست کیا۔ اوسکے بعد ہم لوگون نے اسی حالت مین گاڑی کو سیدھا کیا اور سوار ہو کر امام باڑہ مین جو سرائے سکنی مین واقع ہے اور وہان مسافرین قیام کرتے ہین ہم لوگ پہونچے مین بہ سبب تکلیف کے کہین نہ جا سکا لیکن مولوی زہاد صاحب جناب میر ہدایت حسین صاحب کے مکان پر گئے اور اونسے سبب ورود بیان کیا۔ ان جناب نے ایک جراح کو بلا کر معالجہ کو مقرر فرمایا تین روز تک علاج ہوا۔ اس عرصہ مین معلوم ہوا کہ جناب الحاج مرزا محمود الحسن صاحب جو باہر تشریف لے گئے تھے واپس آئے ہین ہم لوگ اونکے پاس گئے وہ نہایت مہربانی اور اخلاق سے پیش آئے پھر جناب مرزا ہدایت حسین صاحب۔ حاجی سید محمود الحسن صاحب اور جناب ماسٹر مرزا شبیر حسین نے ڈپوٹیشن کی کامیابی مین بہت کوشش فرمائی

حالانکہ بسبب شدت طاعون کے قصبہ کی حالت تھی کہ مکان مقفل پڑے ہوے - سناٹا پڑا ہوا - ایک دوسرے کی خبر نہین لے سکتا تھا - باغون اور کھیتون مین جاجاکر لوگ مقیم ہوے تھے مومنین کے مکانات قریب پانچسو کے ہین اور سب زراعت پیشہ ہین نہایت عابد اور پرہیز گار ہین اکثر لوگ نماز شب و نوافل یومیہ کے پابند ہین لیکن افسوس ہے کہ تعلیم کی بیحد ضرورت ہے مجالس کا بڑا شوق ہے - پانچ مساجد اور پانچ امام باڑہ ہین -

رپورٹ ڈپوٹیشن قصبہ شکارپور ضلع بلندشہر

۲۲ - مئی سنہ ۱۹۱۱ع کو ساکنی سے شکارپور پہونچے میر اعجاز حسین صاحب وکیل کے مکان پر قیام ہوا نہایت خاطر و تواضع فرمائی اور جناب میر محبوب حسین صاحب جو جناب وکیل صاحب کے عزیز ہین نہایت ہی مستعدی سے ہر وقت موجود رہتے جناب میر احمد حسین صاحب منصرم پنشنر نے بھی جو اس قصبہ کے ایک رئیس ہین دو وقت تک مدعو کیا - تیسرے روز مدرسہ احسن المدارس مین جلسہ مقرر ہوا جسمین ڈپوٹیشن کے آنے کی غرض بیان کی گئی مجمع بہت کم تھا کیونکہ یہ قصبہ بھی بسبب طاعون کے ویران ہو گیا تھا تمام مکانات بند پڑے تھے اہل قصبہ کی حالت سخت افسوس ناک تھی اس قصبہ مین قریب ۵۰ گھر کے مومنین کے ہین جو متوسط الحال ہین ایک مدرسہ احسن المدارس ہے جسمین ۳۰ - ۴۰ طلبہ تعلیم پاتے ہین - مدرس اعلے جناب مولوی سید محمد عوض صاحب قبلہ مدظلہ ہین -

رپورٹ قصبہ اورنگ آباد ضلع بلندشہر

۲۶ - مئی سنہ ۱۹۱۱ع کو شکارپور سے روانہ ہو کر اورنگ آباد پہونچے اور سید مظفر حسین صاحب کے

مکان پر قیام کیا اتفاق سے جمعہ کا روز تھا جناب مولوی سید محمد داود صاحب قبلہ نماز پڑھانے کے لیے مسجد تشریف لے گئے ہم لوگ بھی ہمراہ گئے بعد ختم نماز جمعہ اولاً مین نے (مولوی محمد علے صاحب سفیر) نے تقریر کی بعد اوسکے جناب مولانا صاحب نے اپنی زبان مبارک سے ارشاد فرمایا چندہ وصول ہونا شروع ہوا اور باقی حضرات سے بھی جناب موصوف نے وصول فرمایا۔ یہان ہیلتھ اچھی ہے جملہ مومنین صاحب خلق و مروت ہین اور گو کہ تعداد بہت کم ہے لیکن بحمد اللہ سب اہل جائداد اور باثروت ہین اور سب مین اتحاد ہے اور فرائض مذہبی سے پورے واقف ہین۔

رپورٹ قصبۂ خورجہ ضلع بلند شہر

۲۰ مئی کو بستی سکالین اوٹھا کر خورجہ پہونچے مقام بہت اچھا ہے لیکن شیعہ یہین صرف ایک گھر جناب میر باقر علے صاحب کا اور دوسرا ایک شیخ صاحب کا ہے گو کہ جناب میر صاحب کوئی تعلقہ دار نہین ہین مگر الحمد للہ ایک توسط کی حالت مین ہین اور اپنے فرائض مذہبی کو اپنی ہمت سے باسانی بجا لاتے ہین ہم لوگ میر صاحب کے مہمان رہے یہان ایک مسجد اور ایک امام باڑہ شیعونکا ہے۔

رپورٹ ریاست الور

ڈپوٹیشن ۹- جون ۱۹۱۱ء کو دہلی سے ہمراہ مولوی سید ممتاز حسین صاحب روانہ ہوکر ۱۰جون کو ریاست الور پہونچا- جناب سید محمد تقی صاحب سکرٹری کمیٹی انجمن امامیہ کے مکان پر قیام ہوا- ۱۱جون کو انجمن نے جلسہ کیا جسمین بعد شکریہ ڈپوٹیشن اغراض کانفرنس کے متعلق تقریر کی اور شرکت کانفرنس کی دعوت دی گئی اور چندہ اطراف کے لئی جناب حکیم میر مقصود حسین صاحب سے التماس کیا گیا موصوف نے

قصبہ گھڑتل اور بہادر پور وغیرہ مین کرنے کا وعدہ کیا جنکو ٹکٹ اور رسید بھی دی گئی۔

رپورٹ بھٹنڈہ ریاست پٹیالہ

۲۵- جون کو راجپوتانہ سے دہلی ہوتا ہوا بھٹنڈہ پہونچے یہان پہونچکر جو سب سے بڑی مصیبت اور فوراً درپیش آئی یہ تھی کہ نہ اونکی زبان ہم سمجھ سکتے تھے اور نہ ہماری زبان وہ سمجھ سکتے تھے بہت مشکل سے ایک شخص سے جناب سید خورشید حسین صاحب وکیل کا پتہ دریافت کرکے قلی کے ہمراہ روانہ ہوے لیکن مکان پر پہونچکر معلوم ہوا کہ وکیل صاحب فیروز پور تشریف لے گئے ہین سخت پریشانی ہوئی کسی شیعہ کا پتہ نہ ملتا تھا یہان تک کہ بعد تلاش شیخ فتح محمد صاحب خوجہ کی دوکان پر پہونچے جو ہین اونکی نظر پڑی اخوت ایمانی سے جذب پیدا ہوا فوراً کرسی لاکر رکھدی حال دریافت کیا مین نے کہا کہ آل انڈیا شیعہ کانفرنس کیطرف سے آیا ہون یہ سنتے ہی میرے اسباب کو اپنی دوکان پر رکھا لیکن شیخصاحب نے بیان کیا کہ یہان مومنین بالکل نہین ہین سوا ملازم پیشہ حضرات کے چنانچہ جناب میر قاسم حسین صاحب ساکن جگراون ملازم محکمہ نہر کے پاس بھیجا ان جناب نے اپنا مہمان کیا اور فرمایا کہ اس معاملہ مین جناب میر خورشید حسین صاحب وکیل کا ہونا ضرور ہے چنانچہ وکیل صاحب کے مکان پر جلسہ ہوا یہان کوئی مسجد و امام بارہ نہین ہے

رپورٹ جگراؤن

۳۰- جون کو بھٹنڈہ سے فیروز پور ہوتے ہوے ۳- جولائی کو جگراؤن پہونچے جناب مولانا مولوی سید شریف حسین خانصاحب شریف العلما مدظلہ نے اپنا مہمان کیا اور جناب ممدوح کے بڑے صاحبزادہ جناب مولوی سید مصطفے حسین خانصاحب جاگیردار نے ڈپوٹیشن کی کامیابی مین سعی بلیغ فرمائی جناب مولانائے ممدوح قصبہ مین

اور گورنمنٹ کی نظر مین نہایت معزز ہین اور قومی معاملات سے بے حد ہمدردی فرماتے ہین یہ قصبہ بڑا ہے مگر مومنین کی تعداد کم ہے نواح مین بستیان ایسی ہین جہان مومنین کی تعداد معقول ہے لیکن پنجابی زبان حاصل کرنے کی اہل ڈپوٹیشن کو ضرورت ہے۔

رپورٹ لودہیانہ

۷۔ جولائی کو جگراؤن سے کامیابی حاصل کرکے لودہیانہ جناب میر سردار علے صاحب کے مکان پر پہونچا اوسکے بعد جناب حاجی مرزا نواب حسین صاحب سپرنٹنڈنٹ محکمہ تعمیرات کی تلاش مین جو کہ حال مین فیروزپور سے تبدیل ہوکر آئے ہین روانہ ہوا۔ اثنائے راہ مین جناب مرزا قاسم حسین صاحب قزلباش سے ملاقات ہوئی اولاً وہ اپنے مکان پر لے گئے بعد اوسکے سپرنٹنڈنٹ صاحب کے مکان کا پتا بتایا جہان مین شب کو پہونچا۔ سپرنٹنڈنٹ نہایت خلق و مدارات سے پیش آئے لیکن افسوس کہ تین روز کے لئے دورہ پر جاتا ہون اور آپ کا انتظام کئے جاتا ہون چنانچہ نصف شب تک خود گشت اوسکے بعد سید عباس علے خان صاحب قزلباش کو مصارف دیکر فرمایا کہ وہ ایک مجلس کردین جسمین علاوہ ذکر فضائل و مصائب کے کانفرنس کیجانب ترغیب و تحریص کیجائے چنانچہ جناب موصوف نے سعی بلیغ کی مگر حضرات نے توجہ بہت کم کی۔ لیکن جناب شاہزادہ عبدالوہاب صاحب آنریری مجسٹریٹ نے جو شاہ زمان بادشاہ کابل کے جو احمد شاہ درانی کے بیٹے تھے حقیقی پوتے ہین اور اور اس خاندان مین پہلے شخص ہین جنہون نے اپنے شیعہ ہونے کا اظہار فرمایا ہے نہایت ہمدردی فرمائی اور مرکزی کمیٹی کی ممبری کا وعدہ فرمایا۔ اور جناب حکیم مرزا محمد علے صاحب ایرانی نے بھی بہت مدد دی پھر ۱۳۔ رجب کو محلہ سادات مین ایک مجلس قرار دی گئی بعد مجلس مرمت مسجد و بنای مدرسہ کی تحریک ہوئی اور سب

حاضرین نے پسند کیا اور فوراً کام شروع ہوا اور سب نے وعدہ کیا کہ کانفرنس کی رہنمائی سے انتظام ہوگا یہان مومنین کی مالی حالت اچھی ہے اور سب معافی دار ہین تعلیم دینی و دنیوی کی بہت ضرورت ہے مسجد ونکی حالت افسوس ناک ہے۔

رپورٹ شہر ملتان

۱۴- جولائی کو ملتان پہونچے جناب سید زین العابدین صاحب ملازم ریلوے نے بیان کیا کہ محلہ شاہ گردیز مین آپکو جانا چاہیئے چنانچہ ہم جناب مخدوم شیخ محمد راجو صاحب انریری مجسٹریٹ کے دیوانخانہ مین پہونچے اور جناب مخدوم صاحب سے ملاقات ہوئی اوسکے بعد آغا بربری صاحب کے ہمراہ خلیفہ پیر بخش صاحب میونسپل کمشنر و انریری مجسٹریٹ کے پاس گئے بعد اوسکے جناب خلیفہ داود حسین صاحب سے ملاقات ہوئی لیکن ملتانی زبان سے نہ واقف ہونے سے سخت پریشانی تھی اور ۶- روز تک اسی طرح گذرے ساتوین روز ایک صاحب قریب نصف شب تشریف لائے اور فرمایا کہ اسوقت جناب سید صدر الدین شاہ صاحب سب انسپکٹر ریاست بہاولپور کے مکان پر مجلس ہے آپکو بلایا ہے غرضکہ ہم مجلس مین گئے دیکھا ملتانی زبان مین ذکر بیان کیا جارہا ہے بعد ختم ذکر مجھ سے فرمایش کی گئی مین نے (مولوی محمد علے صاحب سفیر کانفرنس نے) عذر کیا کہ میری زبان اردو ہے لیکن حضرات نے اصرار فرمایا کہ ہم لوگ اردو سمجھ لیتے ہین چنانچہ مین نے بہ سبب اسکے کہ وقت نصف شب کا قریب تھا مختصر سا بیان کیا اور مجلس ختم ہوئی مین بھی اپنے فرودگاہ کو واپس آیا۔ صبح کو پھر جناب سب انسپکٹر صاحب سے اور اون کے برادر خورد جناب سید محمد غوث شاہ صاحب سے ملاقات ہوئی اور مجھکو بہت کچھ مدد دینے کی امید دلائی اور فرمایا کہ آپکا جناب خان بہادر سید حسن بخش صاحب

انریری مجسٹریٹ سے ملاقات کرنا بھی مناسب ہے مین نے تعمیل مناسب سمجھی اور فوراً جناب خان بہادر پاس گیا ان بزرگوار کو بھی مثل سب انسپکٹر صاحب کے بے انتہا خلیق وشفیق پایا اصل یہ ہے کہ ایسے لوگونکا وجود ذیجود قوم کے لیے نہایت غنیمت ہے - ان بزرگوار سے ملتان مین انجمن قایم کرنے کی تحریک کی جو نہایت خوشی سے پسند فرمائی ہے اور حضرات کو بھی اس مشورہ کے لیے طلب فرمایا یہانتک کسلے ہوکر مقبرہ شاہ گردیز مین بذریعہ نقیب المومنین جلسہ طلب ہوا - مین نے اغراض ومقاصد کانفرنس کو بیان کرکے انجمن قائم کرنے کی تحریک کی پھر جناب خلیفہ پیر بخش صاحب انریری مجسٹریٹ نے اور بعد اونکے جناب سب انسپکٹر صاحب موصوف نے میری تائید مین تقریر فرمائی سب نے اتفاق کیا اور انجمن قائم ہوگئی اسکے بعد کار سفارت شروع ہوا جناب خان بہادر اور جناب سید مہدی حسین شاہ صاحب کی امداد سے بہت کامیابی ہوئی محلہ جھک وغیرہ مین جناب خلیفہ خواجہ حاجی جعفر حسین صاحب اور جناب حکیم سید عبداللہ شاہ صاحب نے بہت کوشش فرمائی جو قابل شکریہ ہے - اور چھاونی مین علاوہ ان حضرات کے جناب خواجہ محمد باقر صاحب صدیقی نے نہایت کوشش فرمائی - گو کہ یہان کے سادات ومومنین ماشاءاللہ صاحب فہم وصاحب دل ہین اور آئندہ سال انجمن اثنا عشری ملتان مین کافی مدد دی گئی تو بھی سفیران کانفرنس کو جناب خان بہادر سید حسن بخش صاحب انریری مجسٹریٹ اور جناب سید تراب علی شاہ صاحب اور جناب سید ناصر الدین شاہ صاحب اور جناب حاجی خلیفہ پیر بخش صاحب میونسپل کمشنر وانریری مجسٹریٹ اور جناب حاجی واحد بخش صاحب سے امداد کی ضرورت ہے (آخر الذکر دونون حضرات مرکزی کمیٹی کے ممبر ہین) یہان کے حضرات نے مجھے تاکید کی ہے کہ امور ذیل کو درج کارروائی کرا دینا چاہیے (۱) اجلاس کانفرنس

پنجاب مین جلد ہو۔ (۲) جہانتک ممکن ہو رپورٹ جلد شائع ہوا کرے اور رپورٹ کے اخر مین بطور ضمیمہ جو کانفرنس کی طرف سے سال مین کام ہون درج ہوا کرین (۳) ہر سال سفیر جدید ہوا کرے جس سے بہت زحمت کا اندیشہ ہے۔ ملتان مومنین کے اعتبار سے بہت بڑا مقام ہے تقریبًا سات ہزار مومنین آباد ہین اور ماشاء اللہ سب خوشحال ہین اور گورنمنٹ دفاتر مین بڑے عہدون پر فائز ہین لیکن ایسی حالت دیکھتے ہوے ہمکو کامیابی کم ہوئی جسکا تعجب ہے۔ تجارت پیشہ بھی ہین لیکن تعلیم دینی و دنیوی بہت کم ہے شریعت کی خدمت کرنے والے ایک جناب مولوی سید علی نقی صاحب پیشنماز متوطن ضلع گرگانون اور دوسرے جناب خواجہ مولوی محمد باقر صاحب قبلہ ہین۔ اطراف ملتان مین بھی مومنین آباد لیکن بعض مقامات پر ریلوے نہین ہے بلکہ اونٹ کی سواری ہے۔ امید ہے کہ اگر وہان بھی ڈپوٹیشن جاے تو اچھی کامیابی ہو۔

رپورٹ جناب سید انور علی صاحب نقوی ہیڈ کلارک دفتر رجسٹرار مدرسۃ العلوم مینے بوجہ ملازمت خاص علیگڈھ کی سفارت مناسب سمجھی۔ یہاں کی اسلامی آبادی ۳۵ ہزار کے قریب ہے مومنین کی تعداد ۵۰۰ بھی نہین بجز دو چار سب مفلوک۔ کچھ باہر کے نوکری پیشہ کوئی شیعہ انجمن یا امام بارہ نہین۔ ایک چھوٹی سی مسجد حکیم صاحب کی ہے جسمین کبھی جناب آغا سید عباس حسین صاحب قبلہ اور کبھی مولوی زندہ علے صاحب قبلہ جمعہ پڑھاتے ہین اور نمازی چندہ سے حوض بھروا دیتے ہین۔ کالج مین شیعہ طلاب اوسط ۵۰ ہین جنمین ۴ ممبر ۴ وزیٹر اور کالج اسٹاف مین اثناعشریون مین سے ۴ ممبر ۴ وزیٹر ہائی اسکول سے ایک وزیٹر غرض کل ۱۴ ممبر ۲۲ وزیٹر ہوے اور سے معہ عا اعانت کے وصول سے بوجہ علالت اپنے بھائی کے روپیہ معہ رپورٹ دیر مین بھیجنے کی معافی کا خاص طور پر خواستگار معافی ہون۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

روئداد اجلاس پنجم آل انڈیا شیعہ کانفرنس من ابتداء ۶ لغایتہ ۸ شوال المکرم ۱۳۲۹ہجری مطابق ۳۰ ستمبر ۱۹۱۱ء لغایت ۲ اکتوبر ۱۹۱۱ء

(کارروائی ۳۰ ستمبر ۱۹۱۱ء وقت صبح کو حسب ذیل طریق پر شروع ہوئی)

اول حافظ کفایت حسین صاحب نے تلاوت قرآن مجید فرمائی بعدہ جناب حاجی سید جلال الدین حیدر صاحب ایم اے پروفیسر حنفیس کالج لاہور نے حسب ذیل تقریر فرمائی (سلام علیکم) اسوقت آپ حضرات مجھکو اس مقام پر دیکھکر کسی قدر متعجب اور اس سے زیادہ متاسف ہونگے لیکن جتنا تعجب آپکو ہے اوس سے زیادہ مجھکو اور جتنا تاسف غالبًا آپکو ہے اوس سے زیادہ مجکو ہے اون حضرات کا جنھون نے یہان قدم رنجہ فرمایا ہے دور دور سے تکلیف گوارا کرکے یہان تشریف لائے ہین میرے متعلق اونکا خیر مقدم ادا کرنا ہے لیکن ۔ خدمت حقیقتًا استقبالیہ کمیٹی کے پریسیڈنٹ کے ہوتے ہی جنکے ناگزیر عدم موجودگی سے یہ فرض جو میرے لیئے ناگوار اور عزت کے خیال سے خوشگوار ہے مجھکو ادا کرنا پڑا ۔ مین ایسے ہی وائس پریسیڈنٹ کے بدنصیبی خیال کرتا ہون اور اون بدنصیب لوگون مین اسوقت میرا بھی شمار ہے جنکو پریسیڈنٹ کے ساتھ کام کرنے اور اُسکی عقل و دانش سے مستفید ہونے کا ذرا بھی موقع نہ ملے ۔

جناب کو معلوم ہے کہ انتخاب پریسیڈنٹ استقبالی کمیٹی کا حق مرکزی کمیٹی سے انجمن تہذیب الاخلاق کو جسکے آپ حضرات کو یہان تکلیف فرمانیکی درخواست دی سپرد ہوا تھا۔ مین بحیثیت ایک ادنی ممبر انجمن تہذیب الاخلاق بنارس کے یہ عرض کرنا چاہتا ہون کہ انجمن مذکور نے اپنی سمجھ کے مطابق ایک خاص فیصلہ کیا۔ اس نے جناب نصیر الممالک خان بہادر مرزا شجاعت علی بیک صاحب سفیر ایران کو جنکے خطابات کی ایک لمبی تفصیل ہے نامزد کیا مین اگر ان تفصیلونکو بیان کرون کہ انجمن کو جناب مرزا صاحب کے انتخاب کے کیا وجہ تحریک ہوی تو آپ کا وقت ضائع ہوگا۔ جلسہ کو طول ہوگیا ہے مگر چونکہ یہ مسئلہ ایک حدتک معرض بحث مین آچکا ہے اسلیے اوس سے درگذر کرنا بھی ناممکن ہے۔

اہل بنارس اس امر کا ادعا اور بجا ادعا کرتے ہین کہ مرزا صاحب نے اگرچہ ایک عرصہ سے سکونت کلکتہ کی اختیار کر لی ہے لیکن اونکا آبائی اور اصلی وطن بنارس ہے اسکے علاوہ محتشم الیہ اس اعزاز کے شایان ہین آپکے ملکی خدمات آپکا وہ اعزاز جو گورنمنٹ مین ہے نیز محتشم الیہ کا تعلق گورنمنٹ فارس اور گورنمنٹ ہند سے اور خاص تعلق ہر ہائینس بیگم صاحبہ مرشد آباد سے ہونا اسکے علاوہ اگر مین محتشم الیہ کے تمام خدمات کو بیان کرون تو خاص وقت دینا ہوگا۔۔ مگر باوجودیکہ انجمن نے اس امر کا فیصلہ موصوف الیہ کے حق مین کیا۔ جب کسی امر مین خاص استحقاق کسی انجمن کو دیا جاے تو کوئی خاص وجہ اعتراض کی نہونی چاہیے۔ لیکن بعض حضرات نے بعض مصالحہ کی وجہ سے اس امر کو ناپسند فرمایا جسکا نتیجہ اس حدتک ہوا کہ مرزا صاحب نے خود پریسیڈنٹ ہونا پسند نہین فرمایا۔ جہان تک مجھکو علم ہے اس انتخاب کو نہ صرف اہل بنارس نے بلکہ مختلف انجمنون نے پسند کیا۔ بہرحال اب مین اس امر سے گریز کرتا ہون اور یہ عرض کرتا ہون کہ انجمن تہذیب الاخلاق نے اپنے خیال کے مطابق بہتر سے بہتر انتخاب کیا اور چونکہ یہ حق اسکو مرکزی کمیٹی سے دیا گیا تھا

اس سے کوئی وجہ اس کارروائی پر اعتراض کی نہین ہے۔
اب مین اصل مقصد کیطرف رجوع کرتا ہون۔ زیادہ معنی نہین رکھتے کہ آپ نے قدم رنجہ فرمایا اور بڑی تکلیف اوٹھائی۔ لیکن مین نہایت زور کے ساتھ عرض کرتا ہون کہ آپ حضرات کو حقیقتہً بہت تکلیف ہوئی۔ ہم سب اپنے گناہونکے معترف اور بلجاجت عفو کے خواہان ہین۔ اگر مین ایک حرف بھی عرض کرون کہ آپ حضرات کو تکلیف کن غلطیون اور کن اسباب سے ہوئی تو اوسکو عذر گناہ بدتر از گناہ آپ خیال فرماوینگے لیکن وہ حضرات جو فراخ دل رکھتے ہین وہ سمجھ سکتے ہین کہ کتنی پوشیدہ طاقتین کوشان تھین کہ ہم بنارس کو اس موقع پر سرخرو نہونے دین گے۔ پانی کے لگاتار سلسلہ کو عرض کرون یا اوس خوفناک ہوا کا ذکر کرون کہ جسنے اس پنڈال کو کہان سے کہان پہونچایا اور بالکل برباد کردیا ہم لوگون کو برابر افسوس ہوتا تھا کہ دو روز بلکہ کم باقی ہین اور ہم نے کچھ نہ کیا۔ دیکھیئے خدا کیا دکھلاتا ہے۔ حقیقتاً شکر کا موقع ہے کہ اب بلا سے نجات ملی ممکن ہے کہ وہ ہوا ہمارے لیے رحمت ہی رہی ہو۔ جو کچھ ہم سے ہوسکا ہم نے اس عرصہ مین انجام دیا۔ مین آئندہ کی کارروائی کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہون وہ یہ کہ صدارت کا اہم مسئلہ آپکے سامنے ہے اوس کو بہت ٹھنڈے دل سے اور قوم کی بہبودی کو سمجھ کر فیصل فرماوین اور میری آخری التماس یہ ہے کہ اس فیصلہ کے بعد خواہ اسکو آپ مفید سمجھتے ہون یا مضر اوسپر کاربند ہونا چاہیے۔ اب آخر مین مین اون حضرات کا شکریہ ادا کرتا ہون جو حضرات یہان تشریف لائے خصوصاً حضرات علما کا شکریہ اسکے بعد مین آنریبل ماسٹر محمد صاحب مدارس اور سیٹھ صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہون جنھون نے اس کانفرنس کو بذات خود سرفراز فرمایا اور امید کرتا ہون کہ وہ سچے دل سے اسکے خیر خواہ ہون گے۔

اسکے بعد فخر الملک جناب مولانا سید علی اظہر صاحب نے تحریک صدارت بالفاظ ذیل فرمائی ہے۔

قال رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ علماء امتی کانبیاء بنی اسرائیل یعنے ہماری امت کے علما مثل انبیاء بنی اسرائیل کے ہین جسکا مطلب یہ ہوا کہ اسوقت زمانہ غیبت امام علیہ السلام ہے اور وہ زمانہ ہے کہ جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ ہم مین موجود نہین ہین لیکن حضرت نے ایک قسم کی تسکین دیدی تھی کہ تم گھبرانا نہین ہم تم مین ایسے علما کو چھوڑتے ہین جو مثل انبیاء بنی اسرائیل کے ہین ایسی حالت مین مومنین کو مسرور ہونا چاہیے کہ اونھین علمانے آپ کی سرپرستی قبول فرمائی ہے لہذا مین تحریک کرتا ہون کہ جناب مولانا مولوی سید محمد حسین صاحب قبلہ جنکے نام نامی والقاب گرامی سے زمانہ واقف ہے اجلاس پنجم آل انڈیا شیعہ کانفرنس کے صدرنشین ہون جناب مولانا سید طہور الحسن صاحب قبلہ نے تائید فرمائی اور جناب ممدوح کرسی صدارت پر رونق افروز ہوے اور حسب ذیل افتتاحی تقریر شروع فرمائی —

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ الذی لم یزل سمیعًا بصیرا جعل السموات والارض وکان مختارہ اقدیرا یعلم مافی السموات ومافی الارض ولا تخفی علیہ خائنۃ الاعین وکان بذوات القلوب خبیرا خلق الانسان من نطفۃ امشاج وکان قادرہ افصیرا وھدایہ الی دین قویم وصراط مستقیم فمن کفر وجحد منھم فقد اعد للکافرین منھم سلاسلا واغلالا وسعیرا اناھدینا ہ السبیل فاماشاکرًا واما کفورا ومن امن بہ واطاعہ وصدق برسلہ واولیائہ واطاعھم فیجزیہ اریکۃ وسریرا الذی جعل لنا الارض بساطًا والسماء سقفا محفوظا وجعل فیھا سراجا وھاجا وشمسًا وقمرًا منیرا وتبارک الذی جعل فی السماء

بروجا ونورا فیہا قمرا منیرا والصلوٰۃ العالیۃ المبارکۃ علی من ارسلہ هدی وبشیرا ونذیرا وداعیا الی اللہ وسراجا منیرا المصباح الذی اوقد ربہ فانار صفحات العوالم بنورہ انارۃ واضاءۃ وتنویرا المرسل عند من عندہ نبیًّا ورسولا وسفیرا المنتجب المنتخب ارومۃ وقبیلۃ وعشیرۃ الآمر امتہ بالتعاون والتناصر والمشاورۃ وکان لہم فیہا ظہیرا سیدنا ابی القاسم محمد ن الذی اری معجزاتہ جمعا کثیرا وجما غفیرا وعلی الہ الذین اذھب اللہ عنہم الرجس وطہرھم تطہیرا لاسیما علی ابن عمہ الذی جعلہ اللہ لہ وصیا وخلیفۃ ووزیرا وعرفہ لنا بآیات کثیرۃ فقد وصفہ فی هل اتی وبقولہ سلطانا نصیرا وانزل فیہ ویطعمون الطعام علی حبہ مسکینا ویتیما واسیرا ثم مدحہ ومنعہ عن غیرہ بقولہ تعالی مقولۃ عنہ انا نخاف من ربنا یوما عبوسا قمطریرا ثم وعدہ بانعامہ واکرامہ واشرافہ قائلا عز من قائل فوقہم اللہ شر ذالک الیوم ولقہم نضرۃ وسرورا ولقد سقاہ ربہ من ماء من سلسبیل وکوثر من عین یفجرونہا تفجیرا والبسہ بفضلہ سندسا واستبرقا وحریرا وطاف علیہم والدانا مخلدین اذا رأیتہم حسبتہم لؤلؤا منثورا بایدیہم قواریرا قواریر من فضۃ قدروھا تقدیرا امیر المومنین الذین جعلہ قبلۃ وامیرا والذی ھو کان لجیش الطغاۃ البغاۃ الکفرۃ الفجرۃ بکاس رحلہ البا تو مدبرا ولکل جیش عرموم وکتیبۃ جرارۃ ھازما وللمومنین نصیر مولانا علی بن ابیطالب علیہ الصلوٰۃ والسلام وبعد فقد قال اللہ سبحانہ فی کتابہ الکریم وھو الرحمن الرحیم افحسبتم انما خلقناکم عبثا وانکم الینا لا ترجعون

قبل اسکے کہ مین ترجمۂ کریمہ یا اوسکے متعلق کچھ عرض کرون مجھے لازم ہے کہ مین اپنا اخلاص آپ سب حضرات سے ظاہر ون اسلیے کہ انما المومنون اخوۃ فاصلحوا بین اخویکم خدا نے مومنین مین اخوۃ و برادری قرار دی اور حکم باصلاح فیما بین فرمایا ہے اسوجہ سے حکم بسلام بھی فرمایا گیا کہ اعلی درجہ کی امید اصلاح و عدم فساد اور سلام کرنے والے کا اہل صحبت کے لیے سلامتی چہنا اور اونکو اوسکیلیے مابعد این بکمال ادب جمیع حاضرین سلام عرض کرتا ہون سلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ اب مین آپ سے اور آپ مجھ سے کمال مطمئن ہو گئے ہونگے مین اسوقت اولا شکریہ آپ حضرات کا کرتا ہون کہ من لم یشکر الناس فلم یشکر یہ جو شکر گذار آدمیونکا ہوگا وہ خدا کا شکر کیا کریگا اونکی زحمت تشریف آوری کا شکر گذار ہون آپ نے مجھے عزت دی کہ مین اپنے تئین کرسی صدارت پر دیکھتا ہون ورنہ میری یہ قابلیت نہ تھی الامر فوق الادب تو مشہور ہے اسے سے تو یہ حال ہو گیا کہ کجا دوش رسالتمآب اور کجا پاے ولایت ماب وہی الامر فوق الادب کا نقشہ دکھا رہا ہے حقیقت مین یہ طفل نوخیز جو گود مین علماء بکرام کے پانچ سال سے تربیت پا رہا ہے بالکل اوس عادات سے متعلق ہے جو علما کے ہین اب ایک کا الٹی کسطرح چہرا اوسکو دوسرونکو دیکر لقب لے پاک دلوادیا جاوے انصاف شرط ہے یہان ایجاد و یک جہتی سے سبکو کام لینا چاہیے اسمین تنافس و اصب ہی کو دخل نہ کو دخل نہ دینا چاہیے ایک کو دوسرے کی مدد کرنا چاہیے خواہ درم و دینار روپیہ اشرفی سے ہو خواہ علم و حکمت سے ہو جب تو ہمارا کام اس کانفرنس کا ایسے اعلے پیمانہ پر چل سکتا ہے کہ شاید و باید پس بحکم تعاونوا علے البر والتقوی آپس مین اتحاد اور ایک دوسرے کا معاون ہو مگر بپابندی شریعت کہ لفظ بر و تقوی جس پر دال ہے اور جتنے امور مخالف شریعت ہون اونپر معاونت کرنا بہ نص صریح ناجائز ولا تعاونوا علے الاثم والعدوان اللھم صل علے محمد وال محمد

اب مین اصول آیہ جسکی تلاوت بھی کی ہے اوسکا ترجمہ عرض کرنا چاہتا ہون کیا گمان کرتے ہو تم کہ تمکو ہمنے عبث وبیکار پیدا کیا ہے اور اس بات کا خیال ہے تمھین کہ تمھاری بازگشت اور رجوع ہماری طرف نہوگی ازبسکہ استفہام جناب باری عزاسمہٗ سے صحیح نہین تولامحالہ معنا مین مستعمل نہین ہے اور مراد معنا مجازی ہونگے اور اقرب مجاز پس استفہام الہی سے یعنی ضرور ہمنے تمکو عبث پیدا نہین کیا بلکہ تمھاری خلقت فوائد عوائد کے لیئے ہوئی ہے اور ضرور تمھارا مراجعہ وبازگشت ہماری طرف ہوگا اس سے دو مطلب ثابت ہوے ایک تو پیدائش انسان بے فائدہ نہین ہوئی بلکہ کسی کام کے لیے ہوی ہے وہ کام نہین معلوم ہوا کہ کیا ہے ایک تو آیہ وما خلقت الجن والانس الا لیعبدون سے معلوم ہوتا ہے کہ غرض خلقت انسان سے عبادت خالق زمین وآسمان ہے دوسرا امر جو اسپر مقدم ہے اوسکا کاشف مضمون حدیث قدسی ہے کنت کنزاً مخفیاً الخ فاحببت ان اعرف فخلقت الخلق یعنے مین خزانہ پوشیدہ تھا پس مینے چاہا کہ مین پہچانا جاؤن پس مینے مخلوقات پیدا کئے یعنے غرض وغایت خلقت انسان سے معرفت وشناخت حضرت باری تعالے عزاسمہٗ کی ہے تاکہ وجود واجب الوجود کے قائل ہوکر اوسکا اعتقاد کرین اور وہ کام کرین جو اوسکی مرضی کے موافق ہون اور اون تمام امرون سے اجتناب کرین جو موجب اوسکے ناراضی کے ہون اور بعد معرفت پھر عقل بھی حاکم ہوگی کہ اوسکی اطاعت وبندگی کرنا چاہیئے اسلیے کہ شکر منعم عقلاً واجب ہے اور یہ بندگی پوری جب ہی ہوگی کہ رضا وغضب منعم معلوم ہو کہ اس طرح پر بندگی مرغوب اور اس طرح کی مبغوض اور یہی سبب بعثت انبیا ہے اور اونکی اطاعت عین اطاعت خدا ہے اطیعوا اللہ واطیعوا الرسول واولی الامر منکم اطاعت کرو خدا کی واطاعت کرو رسول کی واطاعت کرو اولی الامر کی پس معلوم ہوا کہ اولی الامر سلاطین جور

نہین ہین بلکہ وہ بھی معصوم و منصوب من اللہ و من الرسول لوگ ہین جنکو ہم ائمہ ہدے کہتے ہین اونھین کے اطاعت بعینہٖ اطاعت رسول بلکہ ایک ہی نوع کی ہے اس لیئے کہ تکرار لفظ اطیعوا کلام باری مین مفید ضرور ہوگی موسس ہونا چاہیے نہ موکد اسلیئے کہ تاسیس افضل تاکید ہے دیکھیئے خدانے اپنے لیے مخصوص فرمایا اطیعوا اللہ اب اگر ایک ہے قسم کی اطاعت خدا و رسول ہوتی تو اب تکرار لفظ واطیعوا الرسول بے فائدہ ہوتی معلوم ہوا کہ اوسکی اطاعت اور نوع کی ہے کہ جو نماز و روزہ دو نونکو شامل ہے اور رسول کی اطاعت ایسی نہین اسلیئے کہ اونکے لیئے سجدہ و رکوع نہین ہے مگر یہان واطیعوا الرسول کے بعد پھر لفظ اطیعوا مکرر نہین آیا یعنے واطیعوا اولی الامر منکم نہین فرمایا گیا بلکہ اطیعوا الرسول واولی الامر منکم فرمایا گیا جس سے صاف ظاہر ہے کہ اطاعت رسول و اولی الامر ایک ہی قسم کی ہے دو طرح نہین ہے یہی دلیل اسکی ہے کہ جیسے رسول معصوم ہون ویسے ہی اولی الامر کو ہونا چاہیئے اسی سے ہمنے یقین کر لیا کہ اولی الامر معصومین ائمہ اثنا عشر ہین مگر اس زمانہ غیبت مین کسکی اطاعت کرین اور کس کے کہنے پر چلین اور اپنے تمام امور مین کسکو سمجھین کس کی اطاعت کرین وہ بھی اونھین حضرات کے تعلیم نے بتا دیا ہے واما الحوادث الواقعۃ فارجعوا فیہا الی رواۃ اخبارنا منقولہ ابن حنظلہ من روی حدثنا الخ یا اما من کان من الفقہا صائنا لنفسہ مطیعا لامر مولاہ مخالفا لہواہ فعلی العوام ان یقلدوہ اور تقلید غیر کی قول کو بغیر دلیل قبول کر لینے کو کہتے ہین اور یہ اجتماعی قوۃ سے اثر زائد رکھتا ہے تنہاے قوت یون کیئے قوت مجموعی ہمیشہ قوت مفرد پر غالب آتی ہو چار ستون ایک سقف اوٹھا سکتے ہین لیکن ایک اونہین نہین اوٹھا سکتا اور چار یا سو ہزار جب سے جمع ہوکر قوۃ واحد بنے گی جب انمین اتفاق و اتحاد ہو اور قلوب صاف ہون آپسمین موافقت

وصداقت ہو اسکے لیے اجتماع قرار دیا گیا ایک دوسرے کا معاون جلایا گیا فطرت ہی نے اسمین بڑا حصہ لیا انسان مدنی الطبع پیدا کیا گیا کوئی طباخ کوئی زراع کوئی نباش کوئی صناع کوئی حاصد خیاط وغیرہ وغیرہ ہر شخص کو بہت دیگر دوسرے سے غرض انکی ہوی ہے سب ملکر کام کرتے ہین جب ایک کام چلتا ہے یہ بدون اتحاد و اتفاق ممکن نہین لہذا اتحاد و اتفاق ضروری ٹھہرا اسی اتحاد کے لیے نماز جماعت نماز عید وغیرہ مجالس محافل شرعی قائم ہوے فوائد اخروی کے سوا فواید دنیوی بھی حاصل ہون اسکو بھی شارع مقدس نے بدون پیشوا نہین مقرر کیا پیشوا بھی وہ ہی قرار دیا جو بہ نسبت ساری جماعت کے افضل اعلے ہو ورنہ صلوا خلف کل بر و فاجر پر عمل ہوتا اسی اتحاد کے لیے لوگون نے عقلون سے کیا کیا تدابیر و انتظام قائم کیے جب ہی سب کام چل نکلے ہم دیکھتے ہین جمیع اقوام و ملت مین اتحاد ہوتا ہے اور باوجود بڑے بڑے خطا ہاے فاحش مثل غبن موال وغیرہ کے ظہور و بروز کے بہت کم ایراد اعتراض ہوتے ہین بلکہ اسپر بھی جس نے جو وعدہ کیا ہے وہ کرتا ہے کبھی تو ضابطہ مین لانے کی وجہ سے گو شرعا درست نہو کبھی اپنی صادق اللہجہ ہونے کی وجہ سے کبھی کسی سبب سے مگر بہر طور پورا کرتے ہین اور چاہیے بھی یہی کہ وعدہ شرعا راست کیا جاوے اور ایفا بھی کیجے ان اللہ لا یخلف المیعاد وعدکم اللہ فانجز وعدہ وغیرہ متعلق وعدہ ہے خلف وعدہ سے اعتبار ساقط ہو جاتا ہے یقین جاتا رہتا ہے بات پا یہ اعتبار سے جاتی رہتی ہے اس کانفرنس کے متعلق جو جو وعدہ ہوے ہین اپنے خالص مومنین سے یقین کرتا ہون کہ کہ اس اجلاس مین ضرور پورے ہونگے ورنہ اس سال تو ایفا مین یقینی کوشش ہوگی خداوند عالم ہم بھی اتفاق کی توفیق عطا کرے اور سب ملکر عدالت کی تربیت سے کہ وضع الشئے فے محلہ ہو وضع الشئے فے غیر محلہ نہو ایک ہو جاوین اور اس کام کو چلا دین اسمیں جد اپنے اپنے علم و مال قدم و دینار سے مدد کرین اصلاح امور فاسدہ کرین جو رزولیوشن

پاس ہوئے ہین اونکو عملی جامہ پہناوین اور جو قابل پاس ہونے کے تھین کئے جائین خلاصہ اتحاد ہی سے یہ کام چل سکتا ہے زبانی اتحاد کام نہین دیگا قلوب کو متحد کرکے قوت سے کام لینا چاہیے اور وعدہ ونکو پورا ضروری کرنا چاہیے اسمین دل یکجہت یک زبان سخن پرستی کچھ بیان مفید نہین بلکہ مضر ہے منازعت مین بھی وہ بھی کام کرنا چاہیے جو خدا کا حکم ہے فان تنازعتم فی شیئ فردوہ الی اللہ والی الرسول اوسی کے پہچاننے والونسے پوچھ لینا کافی ہوگا دنیا کو حاصل کرنا بھی عبادت ہے مگر نیک نیتی سے کد وکاوش کیجیے منازل رفیعہ پر فائز ہو جیسے قصور رفیعہ بنائے آئینہ بندی کیجیے سارا ساز وسامان ہو مگر حکم شریعت سے سر مو علیحدہ نہونا چاہیے مرقع خاطر مین جب کوئی تصویر کھینچیے مرقعہ خاطر مین جب کوئی نقش بنے آئینہ شریعت مین اوسے دیکھ لیجئے اگر ویسا ہی مضائقہ نہین اگر خلاف ہے بیکار ہو جیسے مگر سمجھنا بڑے غور سے ہوگا شراب نجس ہے حرام مگر جب سرکہ ہو جاوے پاک وطاہر ہو جاوے گا استحصال دنیا مین دین کو خراب نہ کیجیے خلاصہ یہ کہ اسمین ہم لوگ ایک ہین تعمیم وتخصیص ایک قضیہ علیحدہ ہے صاف صاف معاملہ خوب ہوتا ہے حق کو حقدار کو دینا مناسب ہے وما علینا الا البلاغ والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ آنریری سکرٹری نے کہا کہ مجھکو پروگرام کے مطابق آپ حضرات کے سامنے اپنی رپورٹ

---

* جناب پریزیڈنٹ صاحب قبلہ مدظلہ العالی — بعد واپسی بنارس ایسے سخت علالت مین مبتلا رہے کہ جناب ممدوح کو قوت نشست وبرخاست باقی نہ رہی اور اتفاق سے جو نوٹ جناب ممدوح نے اپنی تقریر کے متعلق تحریر فرمائے تھے ضایع ہو گئے اور رپورٹران کانفرنس بھی پوری تقریر نہین تحریر کر سکے تھے اسلیے بمشکل تمام ایک قلیل حصہ درج روئداد کیا گیا ہے

پیش کرنا چاہیے تھی لیکن بسبب شب بیداری وضیق وقت کے سبب سے مین معافی چاہتا ہون جناب انریری سکرٹری صاحب صیغہ وقف اپنی رپورٹ سنائینگے

سکرٹری صاحب وقف نے حسب ذیل رپورٹ سنائی۔

ہم اپنا دردِ دل رو رو کے بیتابانہ کہتے ہین
الٰہی خوش رہین وہ جو ہمین دیوانہ کہتے ہین

آج آل انڈیا شیعہ کانفرنس کے پانچوین سال گرہ اور کمیٹی وقف کی تیسری سالانہ رپورٹ پیش کرنے کا مبارک دن ہے لیکن مین متحیر ہون کہ کس قسم کی رپورٹ پیش کرون۔ آیا اسبات کی رپورٹ پیش کرون کہ کمیٹی وقف نے اپنے فرائض کو انجام نہین دیا۔ یا اس امر کی شکایت کرون کہ ہمارے برادران ملت نے تعمیم وتخصیص صدارت کی آہنی دیوار تعمیر کر کے سد سکندری کا کام دیا اور ہم عضو معطل کیطرح بیکار کس مپرسی کیحالت مین پڑے رہے اور بیساختہ ہماری زبان پر یہ شعر جاری ہوا۔

نہ طبع وعقل مین جب ربط واتحاد رہا
صلاح وہر تو رخصت ہوے فساد رہا

قاعدہ تو مقتضی اسکا تھا کہ نسبت سالہاے گذشتہ اور پیوستہ کے امسال ہم کچھ اور زیادہ کر دکھاتے اور قوم سے صلہ کے طالب ہوتے لیکن تعمیم وتخصیص کی تند ہوا نے ہماری کشتی کو ساحل مراد کے کنارے تک نہ پہونچنے دیا اور ہم نے یہ پورا سال جسطرح طوفان مین بسر کیا اسکو خدا ہی خوب جانتا ہے یہی وجہ ہے کہ کسی انجمن نے اپنی رپورٹ بھیجی اور نہ کوئی جدید عملی کام ایسا ہوا جو قابل ذکر ہو ہمین افسوس تو اس امر کا بھی ہے کہ جن جن امور کو مین اپنے سالگذشتہ کی اوس رپورٹ مین جو اجلاس چہارم کانفرنس منعقدہ امروھہ مین پیش ہوی تھی اظہار کر چکا تھا اور آپ سے اس امر کا ملتجی ہوا تھا کہ آپ حضرات مناسب تدابیر تجویز فرمائین اوپر بھی مطلق اعتنا نہین کی گئی جسکا

نتیجہ یہ ہوا کہ اوقاف جسکا مرثیہ بارہا قوم کے سامنے پڑھا جا چکا ہے کوی صورت اصلاح کی نظر نہین آئی۔

حضرات تاریخ عالم کے سیاحونکی نظر مین غالبا یہ راز پوشیدہ نہ ہوگا کہ ہندوستان کی آب و ہوا اوقاف اسلام کے واسطے موافق نہین ہے اور اسی سبب سے ابتدا سے اوقاف کی حق تلفی برابر ہوتی چلی آتی ہے چنانچہ لارڈ ولیم بنٹنگ کے عہد حکومت مین جب اسناد وفرمان شاہی جائداد موقوفہ وغیرہ کی جانچ ہوئی تھی اوسوقت بھی مسلمان اسوجہ سے نقصان مین رہے تھے کہ یا تو اسناد وقف بسبب امتداد زمانہ اور مرہٹونکی بار بار یورش کے تلف ہو گئے تھے اور یا دیمک نے اونکا خاتمہ کر دیا تھا جسکا نتیجہ یہ ہوا کہ بہت سی موقوفہ جائدادین مسلمانون کے ہاتھ سے نکل گئین۔

پھر بھی اسپر اکتفا نہین ہوئی بلکہ لارڈ کارن والس کے عہد حکومت مین جب جائداد منقولہ کے بندوبست کی کارروائی شروع ہوئی اوسوقت بھی متولیان قابض کی غفلت سے وستاویزات وقف کے نہونے نے یہ نقصان پہونچایا کہ متولی تو بیدخل ہو گئے اور اونکی جگہ کاشتکارونکے ساتھ گورنمنٹ نے بندوبست کر لیا جسکی بدولت وہ مالک مستقل قرار دے دیے گئے اور متولی مال اللہ سے مثل دودھ کی مکھی کے باہر نکال کر پھینک دے گئے اور وہ بڑی بڑی جائدادین جنکو شاہان مغلیہ اور نواب وزیر اودھ نے اس غرض سے وقف کر کے نذر خدا کر دیا تھا کہ برادران اسلامی دوسرونکے دست نگر نہ ہون ایسی صفحہ ہستی سے مٹین جنکا آج نام ونشان تک باقی نہین رہا۔ ان واقعات کا خاکہ مسٹر ڈبلو ہنٹر اور میڈوز ٹیلر مورخین نے تواریخ ہند مین نہایت پر درد الفاظ مین کھینچا ہے جنکو دیکھکر کلیجہ موہنہ کو آتا ہے۔

۱۸۵۷ء کے بعد سے پھر کوئی کارروائی گورنمنٹ کیجانب سے تو ایسی نہین ہوئی جس سے صریحی اوقاف کو نقصان پہونچتا لیکن زمانہ کے رنگ بدلتے کے ساتھہ

متولیونکا بھی کچھ ایسا رنگ بدلا جنھون نے خود اوقاف کی خورد برد کا بیڑا اوٹھا لیا جسکی بدولت آج ہندوستان مین اوقاف سے زیادہ بدتر کسی دوسرے شیعہ کی حالت نظر نہین آتی - دور کیون جایئے مثال کے طور پر وقف منصبیہ میرٹھ سے بکو ملاحظہ فرمایئے کہ جب اسکے متعلق ایک رزولیوشن جلاس چہارم کانفرنس واقع اودھ مین پیش ہوا تھا تو ۱۱- اکتوبر ۱۹۱۱ء کو متولی وقف منصبیہ نے چالاکی اور دور اندیشی سے حضرت صدر نشین صاحب کے حضور و ممبران کانفرنس کے روبرو ایک تحریر اس مضمون کی پیش کی تھی کہ مین انتظام و انصرام وقف منصبیہ میرٹھ سپرد کانفرنس کرتا ہون اور اقرار کرتا ہون کہ حسب ہدایت کانفرنس و کمیٹی وقف جملہ حساب و کتاب و آمدنی خرچ کا جوابدہ و ذمہ دار ہونگا"- ملاحظہ ہو روئداد کانفرنس اجلاس چہارم صفحہ ۱۳۸ اس تحریر اور ختم کانفرنس کے بعد متولی صاحب نے پھر بھولے سے بھی کروٹ نہ لی اور حساب و کتاب بھیجنا کیسا خطوط کا جواب تک نہین دیا آخرش مجبور ہو کر بصیغہ نوٹس رجسٹری اونسے حساب کتاب طلب کیا گیا مگر اونھون نے نوٹس کے لینے سے بھی اغماض کیا اور بلا دیکھے واپس کر دیا جو شامل رپورٹ ہذا ہے جب کانفرنس ہال مین متولی مذکور تحریر متذکرہ صدر داخل کی تھی اوسوقت ہر چہار طرف سے تحسین و آفرین کے نعرے بلند ہوئے تھے لیکن یہ نہ معلوم تھا کہ وہ چالاک متولی ہزار ہا نفوس قوم کی آنکھون مین خاک جھونک کر یون نکلجاویگا اس وقف منصبیہ میرٹھ کی مختصر واقعات یہ ہین کہ ۱۸ جون ۱۸۷۵ء کو منصب علیخانصاحب مرحوم کمبوہ نے کثیر المالیت جائداد غیر منقولہ جسکی سالانہ آمدنی تخمیناً عہ سے ہے وقف کر کے اغراض وقف مین عزاداری امام مظلوم اور بناء مدرسہ عربی کو قرار دیا اور اپنی حیات تک خود متولی رہے اونکے انتقال کے بعد اوس مال خدا مین دزدان قوم نے خیانت شروع کر دی اور بالآخر دیگر ورثہ کو عدالت دیوانی سے چارہ جوئی کرنا پڑی چنانچہ ۱۲- اپریل ۱۹۰۲ء کو

جو ڈگری عدالت العالیہ ہائیکورٹ الہ آباد سے صادر ہوئی اوسکے روسے محمد حسن علیخان و تحمل حسن خان و الفت حسین خان متولی قرار پاے اور اونکی نگرانی اور امداد کے واسطے ایک کمیٹی مقرر کی گئی جسکے ۱۴ ممبر نامزد ہوے اور از روے ڈگری متولی پابند کئے گئے کہ وہ کوئی امر متعلق وقف بغیر حصول منظوری کمیٹی نہ کرین - اور اگر کسی متولی کیجانب سے غفلت یا پہلوتہی یا تغلب و تصرف وقوع مین آوے تو وہ فوراً اپنے عہدہ سے معزول کیا جاوے -

جہان تک مجھکو علم ہوا ہے ۱۹۰۸ء تک اس ڈگری کی پابندی کیگئی اور ہر کام بعد حصول منظوری کمیٹی عمل مین لایا گیا لیکن اوسکے بعد سے نہ کمیٹی رہی نہ ممبر اور بالآخر کمیٹی کے ٹوٹنے سے متولی خود مختار ہوگئے اور مال اللہ جو حق غربا اور مساکین کا تھا وہ بجاے اسکے کہ ہمارے بچونکی تعلیم و تربیت اور غربا اور مساکین کی خدمت گذاری مین صرف ہوتا طرح طرحکی عیش و عشرت مین صرف ہونے لگا چنانچہ اسی حالت زار کو دیکھکر ہمارے محترم دوست منشی وزارت حسین خانصاحب وکیل و رئیس میرٹھ نے گذشتہ اجلاس مین ایک رزولیوشن متعلق وقف منصبیہ پیش کیا تھا اور کانفرنس متعلق وقف بہی عنایت فرماے تھے جسکے ہر طرح شکریہ کے مستحق ہین لیکن متولی مذکور الصدر کے عہد و پیمان سے اطمینان ہوگیا تھا کہ کچھ نہ کچھ اصلاح ضرور عمل مین آجاوے گی مگر - خواب تھا جو کچھ کہ دیکھا جو سنا افسانہ تھا اسوجہ سے کوئی عملی کاروائی بمقابلہ وقف منصبیہ میرٹھ نہین کی گئی لیکن ہر ایک بات کی آخر کچھ انتہا بھی ہے اب اسبات کی ضرورت ہے کہ فوراً عملی کارروائی شروع کر دی جاوے اور متولیان خائن کا کچا چٹھا عدالت دیوانی کے سامنے پیش کر دیا جاوے اور اس امر کی مسلسل کوشش کیجاوے کہ تا وقتیکہ وقف منصبیہ میرٹھ کی حسب دلخواہ اصلاح نہ ہولے ہم اطمینان سے گھر بیٹھنے پائین - لہذا مین

کانفرنس سے اپیل کرتا ہون کہ ختم کانفرنس کے بعد ہو جہانتک جلد ممکن ہو سب سے پہلے جو عملی کارروائی شروع کیجاوے وہ بمقابلہ وقف منصبیہ میرٹھ ہونا چاہیے تاکہ ایک کی گوشمالی سے دوسرونکو تنبیہ ہو اور سکریٹری وقف اس الزام سے کہ اوسنے اسوقت تک جو کچھ کیا وہ لکھنؤ ہی کی چاردیواری تک محدود رہا بری ہو۔ حضرات اس مسئلہ کے پیش کرنے کے بعد یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ عدالت دیوانی مین چارہ جوئی کرنیکے واسطے زرخطیر کے صرف کی ضرورت ہوگی اور یہ سرمایہ کہانسے آئے گا گو کہ سرمایہ کے متعلق ہمارے مکرم دوست منشی وزارت حسین صاحب وکیل نے گذشتہ اجلاس کانفرنس امروہہ مین اطمینان دلایا تھا کہ ماشاء اللہ میرٹھ مین ایسے ایسے رئیس موجود ہین جو کل اخراجات کے بار کو اپنے ذمے لے لین گے اور کانفرنس پر کوئی مالی بار نہ پڑے گا تاہم کانفرنس کا فرض ہے کہ وہ بھی سرمایہ کا انتظام کرلے کیونکہ جو ہمارا موجودہ سرمایہ ہے وہ کسیطرح کافی نہین ہوسکتا۔

حضرات اس تین برس کے تجربہ نے بخوبی ثابت کردیا کہ کوئی کام محض افہام وتفہیم اور کاغذی گھوڑے دوڑانے اور اس ارادہ سے کہ ہم دنیا بھر کی اصلاح ایک ساتھ کرلین ہرگز نہین ہوسکتا بلکہ ضرورت اس امر کی ہے کہ ہر سال ایک ایک وقف ہاتھ مین لیا جاوے اور اوسکی اصلاح کی کوشش کیجاوے ورنہ یہ یاد رہے کہ ہمپر طلب الکل کی پوری مثال صادق آجاوے گی۔

حضرات! اسی مقام پر دو اوقاف بنگالہ کا ذکر کرتا ہون جنکے لیے ضابطہ اور نامکمل کاغذات مجھکو وصول ہوے ہین جنکی نسبت مجھکو حضرات ممبران کانفرنس سے یہ سوال ہے کہ کیا بنگال مین ایسے بااثر اور پرجوش اصحاب نہین ہین جو ان اوقاف کی اصلاح کیطرف متوجہ ہون انکو خرابی اور بربادی سے بچائین ان اوقاف مین ایک امام باڑہ ریاست بتیا ضلع چمپارن مین ہے۔

اس امام باڑہ کو حسب الحکم راجہ صاحب متوفی کے حکیم آغا صاحب مرحوم نائب ریاست نے تعمیر کیا تھا اور ریاست کیجانب سے (مار) سالانہ واسطے مصارف عزاداری عشرۂ محرم مقرر تھے اور نہایت دھوم دھام سے اوس امام باڑہ مین عزاداری ہوتی تھی لیکن راجہ صاحب اور انکے صاحبزادے کے انتقال کے بعد۔ آن قدح بشکست وآن ساقی نماند علاقہ زیر نگرانی کورٹ آف وارڈز آگیا جسنے رقم عزاداری بھی موقوف کردی اور امام باڑہ مین دفتر رجسٹری قرار دیدیا اور اب امام باڑہ جس حالت مین ہے بزبان حال۔

یہ صدا دیتا ہے جنت کے طلبگارون کو — آؤ رو کو مری کرتی ہوئی دیوارون کو

یہ بھی سنا جاتا ہے کہ اوس ریاست مین ایک بیچارہ جمعدار تھا اوسکی زوجہ کا تعزیہ ابتک اوس امام باڑہ مین رکھا جاتا ہے جس نے اپنی گاڑھی کمائی مین سے بچاکر کچھ حصہ جایداد کا اس امام باڑہ کے واسطے وقف بھی کیا ہے ۔ لہذا اگر یہ واقعات صحیح ہین تو مقامی حضرات سے التماس ہے کہ وہ منیجر کورٹ آف وارڈ اور کلکٹر صاحب موتی ہاری سے تحریک فرمائین کیا عجب ہے کہ مدعائے دلی حاصل ہوجائے۔

دوسرا وقف مقام موتی ہاری مین ہے جسکی نسبت جناب سید غلام عقیل صاحب موتی ہاری سے تحریر فرماتے ہین کہ یہان ایک مسجد اور ایک امام باڑہ تھا مسجد تو موجود ہے لیکن امام باڑہ منہدم ہوگیا اور اب اوس مقام پر تمباکو کی کاشت ہوتی ہے۔

امام باڑہ کے طرح طرح کے انتقالات ہوگئے ہین جناب موصوف یہ بھی تحریر فرماتے ہین کہ مین نے اس امام باڑہ کے واسطے سو روپیہ نذر کئے تھے جسمین سے ۵۰ تو جناب مولوی حکیم واجد حسین صاحب کو دیدیے اور ۵۰ میرے پاس جمع ہین ۔

لہذا مین مقامی حضرات کو اس وقف کی جانب بھی توجہ دلاتا ہون اور امید کرتا ہون کہ وہ ضرور اس وقف پر توجہ فرمائین گے۔

حضرات ! اب مین نہایت اختصار کے ساتھ لکھنؤ کے چند اوقاف کی حالات عرض کرتا ہون

امام باڑہ جناب غفران مآب طاب ثراہ جسکی بے مرمتی کا مرثیہ بارہا آپ حضرات مولانا صفی صاحب کی زبان سے سن چکے ہین الحمدللہ ہمنے ایک چھوٹے سرمایہ سے اوسکی مسجد اور صدر کے تینون دالانونکی مرمت کرادی ہے جس سے اوسکی اگلی شان و شوکت ایک حد تک نظر آنے لگی ہے لیکن ابھی جسقدر عمارت مرمت کو باقی ہے وہ بہت ہے جس مین کسی طرح دس ہزار روپیہ سے کم صرف نہ ہوگا جسکا انحصار قوم کی فیاضی پر ہے انشاءاللہ کبھی نہ کبھی مردے از غیب برون آید و کارے بکند۔ کل امام باڑہ گویا تعمیر شدہ ہو جاوے گا۔

حضرات غالباً آپ کو یاد ہوگا کہ گذشتہ اجلاس کانفرنس امروہہ مین عالی جناب راجہ ابو الحسن خان بہادر تعلقہ دار بلہرہ اودھ نے اپنی دریا دلی سے مبلغ پانچسو روپیہ بنابر تعمیر دالان امام باڑہ آغا باقر صاحب مرحوم پاٹا نالہ لکھنؤ مرحمت فرمائے تھے اور اوسمین یہ شرط قرار دی تھی کہ موافق فرمایش معطی دالان تعمیر ہو چنانچہ حسب فرمایش ایجنٹ جناب راجہ صاحب بہادر ایک لائق و متدین اوورسیر سے اسٹیمیٹ دالان مع پلین و ایلیویشن ۱۰ ماہ جولائی ۱۹۱۰ء کو محتشم الیہ کی خدمت مین بھیجا گیا جس طرح کے دالان کی جناب ممدوح کی فرمایش ہے اوسکا تخمینہ مبلغ الف عــہ ہے اب جناب راجہ صاحب بہادر کی فیاضی کا انتظار ہے جسوقت بقیہ رقم مرحمت ہوگی تعمیر شروع کردی جاوے گی۔

کربلائے دیانت الدولہ کی مرمت قریب الختم ہے صرف چھتون پر رنگ پھیرنا باقی ہے اور ستون چوبی مین آئینہ بندی ہو رہی ہے۔

کربلائے مذکورہ بالا اور کاظمین و درگاہ حضرت عباسؑ جنکے متعلق مین گذشتہ رپورٹ مین عرض کر چکا ہون کہ ہم نے اپنی ناداری کے سبب سے ان عمارات متبرکہ کو قانون تحفظ یادگار ہائے قدیمہ ایکٹ ۷ سنہ ۱۹۰۴ء کے تحت مین لا کر مرمت

وحفاظت کا بار گورنمنٹ پر ڈالدیا ہے چنانچہ اوس ایکٹ کی روسے مابین گورنمنٹ ومتولیان اقرارنامہ تحریر ہونا چاہیے ہم نے ہرسہ عمارات کے متعلق مسودہ دستاویز مرتب کرکے گورنمنٹ کیخدمت مین بھیجدیے لیکن گورنمنٹ نے مزید اصلاحات کے واسطے پھر واپس کئے ہین۔

بحمداللہ لکھنؤ مین ایک کمیٹی تعمیر المساجد کے نام سے قائم ہوئی ہے جسکا ماہوار چندہ سوا آنہ قرار دیا گیا ہے مگر چونکہ وہ اسوقت تک باضابطہ طور پر ماتحت کانفرنس کی نہین ہوئی ہے اسوجہ سے مین اوسکے مفصل حالات عرض کرنے سے قاصر ہون۔

وقف علے الاولاد کے جواب کے متعلق گورنمنٹ سے تحریک کی گئی ہے اور اس مسئلہ خاص مین جسقدر کوشش شمس العلما مولانا شبلی صاحب نعمانی فرمارہے ہین وہ نہایت قابل قدر ہے۔ اس مسلسل اور باقاعدہ کوشش سے ہمین امید ہے کہ ہماری عاقل گورنمنٹ ضرور اس مسئلہ کی اصلاح فرماکر تمام برادران اسلامی کو شکریہ کا موقع دیگی۔

اے حامیان ملت! اب مین جس امر کیطرف آپکی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہون وہ سرمایہ کی کمی کا مسئلہ ہے۔ آپکو یاد ہوگا کہ مین گذشتہ سال بھی اپنی ناداری کا اور بدقسمتی سے آج پھر اوسی کمی سرمایہ کی شکایت کے واسطے کھڑا ہوا ہون اسوقت کمیٹی وقف کا سرمایہ کل مبلغ سا عہ سے جسمین سے صرف مبلغ سے کی ایسی قلیل چندہ کی رقم ہے جو ۱۹۱۲ء مین وصول ہوی ہے جس سے ہم ایک چھوٹی سی چھوٹی وقف کی بھی اصلاح نہین کرسکتے۔

سرمایہ کی مثال بالکل جسم انسان مین خون کی مثال ہے جسطرح جسم انسان مین جب تولید خون ہی نہ ہوگی تو کسیطرح ہوگا حیات کیونکر باقی رہےگی اوسی طرح جب کمیٹی وقف کے پاس سرمایہ ہی نہ ہوگا تو اوسکی بقا کیونکر ہوگی اور اگر ہوی بھی تو اوس سے قوم کو کیا فائدہ پہونچ سکتا ہے۔

مین اسباب کا خود معترف ہون کہ مجھ مین چندہ فراہم کرنے کا مادہ فطرتاً پیدا نہین ہوا ہے لہذا مین ذات سے اس خدمت کو ادا کرنے سے بالکل قاصر ہون لیکن مجھ ایسے ناچیز کے ناقابل ہونے سے تمام قوم کو بیدل نہ ہونا چاہیے ماشاء اللہ قوم مین لائق اور تجربہ کار حضرات کی کمی نہین ہے اگر ادنا بھی توجہ فرمائین گے تو کافی سرمایہ فراہم ہوسکتا ہے اے فدایان قوم - سب سے زیادہ ضروری امر جو اس کانفرنس کی روح روان ہے وہ یہ ہے کہ کمیٹی وقف جسکا نام سنٹرل اسٹینڈنگ وقف کمیٹی آل انڈیا شیعہ کانفرنس ہے اسکو اسم بامسمہ بنانے کی کوشش کیجیے تاکہ اسپر صحیح اطلاق تمام ہند کی وقف کمیٹی کا ہوسکے اسوقت تک اسکی سعی کا دائرہ جسقدر محدود اور اسکی کارروائی کا پیمانہ جسقدر کم رہا ہے اس سے امید نہین ہوسکتی کہ اس نازک وقت کی ضرورت کے موافق وہ قوم کی خدمت کرسکے اب ضرورت اس کی ہے کہ ہماری سنٹرل اسٹینڈنگ کمیٹی وقف آل انڈیا کے لقب کو اپنے لیے موزون ثابت کرے اور اپنی مستقل اور مسلسل کوشش کے دائرہ مین کل ملک اور کل قوم کو داخل کرے -

سوال یہ ہے کہ اس غرض کو پورا کرنیکے لیئے کانفرنس کو کیا کرنا چاہیے -

اسکے متعلق یہ عرض ہے کہ لوکل کمیٹیان ہر ہر شہر مین قائم کیجائین جنکا تعلق برابر سنٹرل اسٹینڈنگ کمیٹی وقف سے رہے جنکے ذریعہ سے مقامی اوقاف کی اصلاح ہوتی رہے -

(۲) مشاہرہ دار ایجنٹ مقرر ہون جو ۶ ماہ تک اوقاف وغیرہ کے حالات کو جانچین اور اطلاع دیتے رہین اور مقامی کمیٹیونکو بھی باخبر کرتے رہین اور آخر چھ ماہ کانفرنس کے واسطے فراہمی چندہ مین صرف کرین - حضرات اب مجھکو یہ دکھانا ہے کہ اس کانفرنس مین کون کون امور ایسے مین جو کہ گذشتہ سال پیش ہوچکے ہین

تاہم امسال پھر اونکی تجدید کرنا چاہیے اور پھر پھر تحریک کو رزولیوشن کا جامہ پہنا کر ممبران کانفرنس کو اجلاس کانفرنس مین پیش کرنا چاہیئے۔

وہ فہرست ضروری جسکا مین ابھی ذکر کر چکا ہون حسب ذیل ہے۔

۱۔ ڈاکٹر رمیش بہاری صاحب گھوش کی وہ تحریک جو انھون نے امپریل کونسل مین پیش کی تھی جسکا یہ منشا تھا کہ متولیان وقف سے پبلک کو حساب فہمی کی نسبت بلا ادعاء نالش نمبری و بلا اجازت لیگل ریممبرنسر بذریعہ درخواست حق دیا جاوے اسکی از سر نو تحریک کرنا

۲۔ مسئلہ جواز وقف علے الاولاد کے متعلق مکرر گورنمنٹ ہند کی خدمت مین تحریک کرنا۔

۳۔ سال گذشتہ کے اجلاس کانفرنس مین جو رزولیوشن وقف غازی الدین حیدر بہادر شاہ اودھ مرحوم متعلق عراق کے پاس ہوا تھا اسکی پھر تجدید کرنا۔

۴۔ گورنمنٹ ہند سے خواہش کیجاوے کہ جس طرح اُسنے دستاویز وصیت نامجات کو اسٹامپ ایکٹ کے اثر سے مستثنےٰ کیا ہے اسیطرح دستاویز وقف نامجات کو بھی مستثنیٰ فرمائے

۵۔ گورنمنٹ ممالک متحدہ آگرہ و اودھ سے التجا کیجاوے کہ جائداد زمینداری موقوفہ کے داخل خارج کیوقت جو معتد بہ فیس رقم مالگذاری کے لحاظ سے لیجاتی ہے وہ معاف فرمائیجاوے

۶۔ جو رزولیوشن سال گذشتہ مرمت مساجد و امام باڑونکی بابت کانفرنس سے پاس ہوا تھا اور جس پر ہمارے برادران دینی نے کوئی توجہ نہین کی اسکی پھر تجدید کیجاوے۔

۷۔ چونکہ فہرست اوقاف ہند ابتک مکمل مرتب نہین ہوئی لہذا فہرست مرتب کرنے کی غرض سے حضرات اہل کانفرنس کو اس امر کی جانب متوجہ کرنا کہ وہ اپنے اپنے ضلع مین ایک ایک کمیٹی وقف بماتحتی کانفرنس قائم فرما کر اغراض وقف کے پورا کرنے مین کوشان رہین اور اپنی کارروائی سے سنٹرل اسٹینڈنگ کمیٹی لکھنؤ کو مطلع کرتے رہین

۸۔ وہ قلیل رقم چندہ جسکو مین سرمایہ کے ضمن مین ذکر کر چکا ہون اسکے متعلق یہ تجویز کرنا کہ اس جزرقم سے کونسا عملی کام شروع کیا جاوے۔

حضرات مجھکو جو کچھ عرض کرنا تھا وہ عرض کر چکا اب مجھے خاتمہ رپورٹ پر صرف اسقدر اور عرض کرنا بھی باقی ہے کہ افسوس اوقاف کی تباہی اور بربادی کی ہر چہار جانب سے صدائین بلند ہین لیکن ہم کچھ ایسے خواب غفلت مین پڑے ہوئے ہین کہ خبر ہی نہین لیتے۔ ہمارے ابنائے وطن اپنے اپنے اوقاف سے تو فائدہ اوٹھا کر میدان ترقی مین ہم سے کوسون آگے نکلے چلے جاتے ہین لیکن ہمکو مطلق احساس بھی نہین ہوتا۔

خواب رحمت کب تلک اوٹھوائیس

دن بہت غفلت مین تھوڑا رہگیا

اے برادران ایمانی۔ اوقاف اس تنزل پر پہونچے اور آپکو خبر نہین۔ قوم کو سدھارئے قوم کو جگائے۔ قوم کو بیدار کیجئے۔ اگر اوقاف کی اصلاح نہ ہوئی اور آپنی خبر نہ لی تو آپکی قوم بھی ذلیل ترین اقوام مین داخل ہو گی اب بھی اگر کچھ چونکئے گا تو ممکن ہے کہ حالت موجودہ کسیطرح باقی رہے ورنہ وہ دن آرہا ہے کہ آپکی قوم اگر دوا کے لیے تلاش کیجاوے گی تو نہ ملے گی۔ خدا کے لیے چونکیے اور اب خواب غفلت سے بیدار ہو جیئے ورنہ گیا وقت پھر ہاتھ آتا نہین۔ ائمہ آپکے اعمال و افعال کے نگران ہین۔ عوام الناس آپکا مونھ تک رہے ہین۔ حکام آپکی طرف متوجہ ہین۔ خدا آپکے احوال کا ناظر ہے اور آپ سمجھتے ہین کہ ہمین کوئی دیکھتا ہی نہین۔ ذرا اوٹھیے اور اپنے رسول برحق اور آئمہ طاہرین اور اپنے اسلاف کے کارنامون پر نظر کیجیے کہ وہ حضرات کیا کچھ کر گئے ہین۔ ابھی چھٹی صدی عیسوی مین جبکہ عالم کا شیرازہ اخلاق بکھرا ہوا تھا اور دنیا پر گناہون اور بدکاریون کا ایک سیاہ گھٹا ٹوپ چھایا ہوا تھا ہمارے رسول مقبول صلعم نے بحیثیت خاتم النبیین ظاہر ہو کر مفاسد جس دانشمندانہ طریقہ سے زیر و زبر فرما دیا اور دین و دنیا کے اقوام کو معتدل کر کے انسان کو اپنی تمام قوتون سے بوجوہ احسن کام لینے کی توفیق جس حکیمانہ

اندازے عطا فرمائی اوسکی نظیر انسان کا گذشتہ نہ آجتک پیش کرسکا ہے نہ آئندہ پیش کرسکے گا افسوس اوس زمانہ مین جبکہ دنیا اسلام کی دینی اور دنیوی برکتون سے مستفیض ہو رہی تھی۔ مسلمان آجکل کی طرح ذلیل و خوار اور بیکس و بے بس نہ تھے اونکے ماتھے پر اگر ایک بل پڑتا تھا تو دنیا مین ہلکہ مچ جاتا تھا۔ وہ ذرا گرماتے تھے تو دنیا کی تمام قومین تھرتھرا جاتی تھین۔ اوسوقت کسی مجال نہ تھی کہ وہ ہمارے اوقاف کی طرف نگاہ اوٹھاکر دیکھ سکے مگر اونھین کی اولاد ہے جو اسوقت مال خدا کو اپنی آنکھون سے لٹتے ہوے دیکھ رہی ہے اور اُف تک نہین کرتی۔ اور اپنے اون بزرگون کی روحونکو قبرون مین چین سے سونے نہین دیتے جنھون نے دنیا مین زندگی بھر تو فاقے کئے مگر اپنی قوم کی ڈوبتی ہوی کشتی کے اوبھارنے کے واسطے اپنی گاڑھی کمائی مین سے بچا بچاکر اوقاف کی بنیاد قائم کی جسکو مولانا صفی نقشا خوب ادا فرماتے ہین کہ:۔

بنائے خیر قائم کرکے گہری نیند سوے ہین — اسی کو اہل ہمت ہمت مردانہ کہتے ہین
کمایا عمر بھر خود اور امین اونکا کیا تمکو — اسی کا نام ہے الفت اسے یارانہ کہتے ہین
مگر قربان ہم اپنے اس انداز تدین کے — یگانے کیا کہین گے جو ہمین بیگانہ کہتے ہین
تنگ آئے ہین مردے تک ہماری قوم ہاتھون — ابھی تک چپ تھی لو ہم آج آزادانہ کہتے ہین

حضرات! مین نے اپنی رپورٹ کو ختم کیا مجھے امید ہے کہ اگر کوئی امر کسی بزرگ ملت کے خلاف گذرا ہو تو وہ معاف فرماکر ممنون فرمائین گے۔ اسکے بعد جلسہ برخاست ہوا۔

۳۰ ستمبر ۱۹۱۱ء اجلاس دوم

انریری سکریٹری نے اسوقت سے رپورٹ سنانے سے بسبب آزار مذکورہ کے انکار کیا اور انریری سکریٹری صاحب پیسہ فنڈ نے حسب ذیل رپورٹ سنائی۔

رپورٹ سید مظفر علیخان صاحب رئیس جانسٹھ ضلع مظفرنگر انریری

جنرل سکرٹری پیسہ فنڈ حضور صدر انجمن صاحب و حاضرین جلسہ

مین اپنے لئے نہایت خوش قسمتی اور شکریہ کا مقام تصور کرتا ہون اس امر کو کہ آج آپ حضرات کی خدمت مین اوس عہدہ کے متعلق اپنی ناچیز کوششوںکا اظہار کرنے کے لیے استادہ ہوا ہون جو سال گذشتہ سے بزرگان قوم کی طرف سے عطا ہو کر میرے لیے ہزار ہا عزت افزائی اور بے انتہا افتخار کا موجب ہوا تھا۔

پیسہ فنڈ کی رپورٹ آپ حضرات کے سامنے پیش کرنے سے پہلے یہ عرض کرنا ضروری سمجھتا ہون کہ حقیقتاً یہ ایک ایسا سہل۔ آسان۔ اور اس سہولت کے ساتھ ایسا مفید فنڈ ہے۔ جو ہمارے سامنے بیش بہا۔ اور نہایت ہی خوش منظر امیدون کا نظارہ پیش کرتا ہے۔ کوئی متنفس ایسا نظر نہین آسکتا جو اسمین شرکت کرنے سے جان چورا سکے کسی شخص کی حیثیت کا یہ تقاضا نہین ہو سکتا جو اسمین شریک ہونیسے معذور رہے۔ قوم کا کوئی ممبر یہ نہین کہ سکتا کہ اسمین حصہ لینا میرے لیے اک تکلیف بالالیطاق ہے۔ کون ایسا بدبخت ہو سکتا ہے جو اپنی کمائی مین سے ایک پیسہ سالانہ نہ دے سکے۔ بخیل کا بخیل بھی اس امر کی اجازت نہین دے سکتا کہ وہ بے حقیقت پیسہ کو اوس فنڈ سے عزیز رکھے جو قوم کی ہونہار نونہالون کے تعلیمی مصرف کے لیے وقف ہے جسکا منشا یہ ہے کہ قوم کے اون بچون کو تعلیمی میدان مین لگائے لیئے چلا جائے۔ جو قدم قدم پر افلاس کے پتھرونسے ٹھوکرین کھاتے ہین۔ جنکے نازک نازک پاؤن تہیدستی کے کانٹون سے زخمی اور لہولہان ہو ہو کر آگے بڑھنے کے قابل ہی نہین رہتے۔ امیر ہو یا غریب بکشادہ پیشانی اسمین حصہ لے سکتا ہے۔ یہ اک عظیم الشان ثواب کا نخل ہے جو ہر کہ و مہ پر اپنا سایہ ڈالنے کے لیئے موجود ہے۔ یہ اک ایسا خوان یغما ہے جس پر قوم کے ادنی او ر اعلیٰ بلا امتیاز ایک صف مین بیٹھے ہوے نظر آرتے ہین۔ حضرات! آپ نے سنا ہو گا اور سنا کیا معنے بلکہ

دیکھا ہوگا کہ پہوٹیون پہوٹیون تالاب بہرجاتے ہین - قطرون کی بدولت ذخار سمندر لہرین
لے رہے ہین - اکائیونکے اجتماع سے دہائیان اور دہائیونسے سیکڑون اور ہزارون -
لاکہون تک نوبت پہونچ جاتی ہے - اسی طرح اگر فنڈ پر کامل توجہ ہو - تو ایک ایک
پیسہ کی بدولت ہمارے قومی بیت المال مین اشرفیون کے ڈہیر نظر آسکتے ہین - مگر مشکل
اسمین کیا ہے ؟ مشکل ہے اسکی تحصیل - اور میرے خیال مین اس مشکل کو دور کرنیکے لیے
قوم کے مدبرون نے اسکے لیے ایک علٰحدہ سکرٹری کا عہدہ تجویز کیا تھا - اور پہر نہایت
فیاضی کے ساتھ قرعہ فال اس ناچیز کے نام ڈالا گیا -
مین قبول کرنے کے لیے ہر وقت تیار ہون کہ اس عہدہ کے ذمہ داریونکا برداشت کرنا
ایک حد تک میری طاقت سے باہر ہے - مگر تاہم یہ عرض کرنا امر واقعی مین داخل ہے
کہ حتی الامکان مین نے اسمین انہماک سے کام لیا - جتنا وقت مجھے مل سکا اسمین
صرف کیا - جہانتک میری ناچیز عقل نے رسائی کی اون طریقون کو اختیار کیا جو اس
فنڈ کے لیے باعث ترقی ہون - میری رائے تھی اور اب بھی ہے اور شاید آپ بھی
اس سے اتفاق کرینگے کہ محض تن واحد سے کبھی نہ کوئی کام ہوا ہے - نہ ہوگا -
ہر کام کے ضرورت ہے بازوُن کی - اور بازو بھی وہ بازو جو زبردست اور صاحب
قوت ہون - خصوصًا یہ تحصیل وصول کا کام تو اور بھی ایسے سچے مددگارونکا محتاج ہے
اس سے مین نے اس عہدہ کا چارج لیتے ہی یہ تحریک پھیلانی شروع کی کہ ہندوستان
کے ہر ضلع مین اور یہ بھی نہو تو کم سے کم ہر صوبہ مین ایک اسسٹنٹ یا جائنٹ
سکرٹری مقرر ہوجاے جو اپنے صوبہ مین اس قومی خدمت کو انجام دے - مگر افسوس
ہے کہ میری یہ تحریک بڑی حد تک خالی گئی - صرف دو حضرات یعنی جناب حکیم سید
حفاظت علی صاحب نونتوی سررشتہ دار عدالت پربھنی دکن نے کل صوبہ دکن
کے لئے اور جناب حکیم واحد علی خان صاحب جے پوری نے کل راجپوتانہ کے لیے

اس کام کا بیڑا اوٹھایا - اور ایسا نباہا جیسا کہ نباہنے کا حق تھا - یہ حضرات نہ صرف میرے بلکہ کل قوم کے شکریہ کے مستحق ہین - یہ قطعی ناشکری ہوگی کہ اگر مین جناب سید محمد سجاد صاحب خلف جناب سید امانت علے صاحب میر منشی مرشد آباد - وجناب چودہری سید دلدار حسین صاحب رئیس لہور ضلع کانپور - وجناب میر عبادت حسین صاحب اہلمد مراد آباد - وجناب سید سجاد حسین صاحب میر منشی ایجنسی آفس چھاونی نیمچ - وجناب شیخ باسط علے صاحب رئیس دیوگام ضلع اعظم گڈھ - وجناب نواب سائے آغا صاحب - منصور نگر لکھنؤ - وجناب سید اکبر علے خانصاحب رئیس پنج اول ضلع بلند شہر - وجناب میر سید حسین صاحب تاج حسین آباد ضلع مونگیر وجناب سید تجمل حسین صاحب وکیل آنولہ ضلع بریلی - وجناب مولانا عابد حسین صاحب پیشنماز کیلاودہ ضلع مظفر نگر وجناب سید امیر حیدر صاحب رئیس کیلاودہ ضلع مظفر نگر وحال جانڑپور ضلع مظفر نگر وجناب سید بادشاہ علی صاحب ضیا سکرٹری جناب نواب بہرام الدولہ بہادر حیدرآباد دکن

وجناب قبلہ وکعبہ مولانا سید محمد حسین صاحب مجتہد العصر لکھنؤ وجناب مولوی احمد علی صاحب طالبعلم مدرسہ جونپوری مشارع الشرائع لکھنؤ - وجناب مولوی مرزا امیر بیگ صاحب مدرس ہائی اسکول اورنگ آباد دکن - وجناب سید علے رضا صاحب صیغہ دار ہائی کورٹ حیدرآباد دکن - وجناب سید امیر کاظم صاحب رئیس نگینہ ضلع بجنور - وجناب سید عظیم الدین صاحب انسپکٹر چونگی ملتان - وجناب مولوی سید محمد صالح صاحب بارہ ضلع غازی پور - وجناب سید لیاقت حسین صاحب ہیڈ کلرک دفتر ڈسٹرکٹ انجنیر حصار وجناب نواب ابرار علے خان صاحب رئیس حسین آباد ضلع مونگیر کا خصوصاً اور دیگر اون حضرات کا عموماً اسکی عموماً شکریہ ادا نہ کرون کہ جنکی بیش بہا کوششون سے معقول رقمین مجھ فنڈ کو وصول ہوئین اور اسکے ساتھ ہی یہ امید بندھتی ہے کہ انشاءاللہ تعالےٰ ہر سال اور وہ حضرات بھی

ایثار نفسی کا نمونہ بننے کے لئے تیار ہونگے۔

مین نے اپنے قومی اخبارات و رسایل کے ذریعہ سے قوم کو اس فنڈ کیطرف توجہ دلائی اصلاح۔ شیعہ۔ العوارف۔ آل انڈیا شیعہ گزٹ کا شکریہ ادا کرنا چاہیئے کہ میرا ایک ایک لفظ انکی بدولت قوم کے کانون تک پہونچ گیا۔ اخبار و رسائل سے علاوہ مختلف اشتہارات اور پرائیویٹ خطوط کے ذریعہ سے اسکی آواز ملک کے ہر گوشہ مین پہونچا وے گی۔ یقین کیجئے کہ بہت سے حضرات کا انے شیعہ کانفرنس سے تعارف کرایا ہے۔ ہر سمت ابنائے قوم اس سے اچھی طرح واقف ہو چکے ہین۔ اور کوئی کام ہو اوسکی کامیابی کا ایک زبردست راز یہی ہے کہ کان اوسکے نام سے آشنا ہو جائین۔ ہان۔ مین ضرور معترف ہون کہ بذات خاص اس فنڈ کے لیے مختلف اضلاع مین دورہ نہین کر سکا۔ گو اپنے اتفاقیہ پیش آجانے والے سفرون مین اسکی طرف سے غفلت نہین اختیار کی گئی۔ اور اسی طرح نہ کسی مخصوص سفیر کے خدمات سے فائدہ اوٹھایا گیا۔ یہ دونون باتین افسوس ہے کہ میرے امکان سے باہر تھین۔ ان دونون باتون کو جانے دیجئے دوسرے بیان کردہ طرق پر نظر ڈالیئے۔ مجھے افسوس ہے کہ اکثر حضرات نے توجہ کے ساتھ ان کوششون کا خیر مقدم نہین کیا۔ بہت سے بزرگوار اس پر متوجہ نہین پائے گئے۔ اور اسی طرح وہ فائدہ حاصل نہین ہوا جو ہونا چاہیے تھا۔ مگر اسکے ساتھ ہی یہ بھی عرض کرونگا کہ ان کوششون کا نتیجہ سردست آپکو معتدبہ نقدی کی صورت مین تو نہین دکھایا جاسکتا۔ لیکن یہ ضرور کہا جاسکتا ہے کہ چونکہ اسکی آواز ہر جگہ پہونچ گئی۔ کان اسکے نام سے آشنا ہو گئے۔ اسلئے اگر قوم نے توجہ کی تو آئندہ سالون مین ایک کافی رقم فراہم ہو جائے تو عجب نہین۔ بہت بڑی غلطی ہوگی اگر مین انھین طریقون تک اپنی کوششون کو منحصر سمجھون۔ نہین نہین مین ہر وقت مدبران قوم کی قیمتی مشورون کا محتاج ہون۔ مین پہلے ہی عرض کر چکا

ہون کہ جو کچھ ہوگا اجتماعی طاقت سے ہوگا - میری رائے کیا - میری کوشش کیا -
خوب یاد رکھیے اس فنڈ کو معراج ترقی پر پہونچانا ہر فرد قوم پر واجب ہے - سمجھ لیجئے
اگر اس فنڈ کو بھی ہم کامیابی کے ساتھ نہ چلا سکے تو اسکے یہ معنی ہونگے کہ دنیا کا کوئی کام
ہم سے نہین ہوسکتا - گویا دنیا مین ہم لوگ گمنام - بے نشان - اور قابل تنفر
زندگی بسر کرنے کے لیے آئے ہین -
نیازمند سکرٹری اور دیگر اولوالعزم بزرگونکی طرف سے جو سال گذشتہ تمغہ جات کا اعلان
ہوا تہا میرا خیال ہے کہ یہ اعلان ایک حد تک مفید ثابت ہوا - بیشک وہ حضرات
نہایت خوش قسمت اور قابل مبارکباد ہین جو قومی امور مین سرگرم رہین - اور کل
قوم کی قائم مقام مجلس مین جن کے قومی خدمات کا اعتراف ایسے خوشنما طریقون سے
کیا جاے - یہ قومی جوش سے بہرے ہوے سینے اور قومی تمغونکی آرایش یہ تو اس قابل
ہین کہ انہین سینہ ہی سے لگا لیجیے - اب مین بزرگان قوم کی خدمت مین نہایت
ادب سے گذارش کرتا ہون کہ اس فنڈ کے متعلق آئندہ سال کام کرنے کے لیے
کوئی پروگرام مقرر کیا جاے - جس پر کاربند ہونے سے اس فنڈ کو کافی ترقی نصیب
ہو - کیونکہ میرا خیال ہے کہ اس فنڈ کے لیے ایک علحدہ سکرٹری مقرر کرنے کا
جو مطلب اصلی تہا وہ ابہی تک حاصل نہین ہوا - پس آپ حضرات کو ضرور اسطرف
متوجہ ہوکر وہ طریقے تجویز کرنے چاہئین جو منزل مقصود تک پہونچانیکے ضامن ہون
ان الفاظ کے بعد آمد و خرچ کا گوشوارہ پیش کرتا ہون - آمدنی کو دیکھکر یقینی
امر ہے کہ کوئی بہت بڑی خوشی پیدا نہین ہوسکتی - مگر یہ بھی نہین - کہ بالکل مسرت سے
خالی ہو - ہمین یہ سوچنا چاہیے کہ اب سے چند سال پہلے یہ بھی نہ تھی اب اتنی تو ہے
جہان اتنی ہے تو کیا اسمین اضافہ کی امید نہین - ضرور ہے - مگر اوسیوقت جبکہ
ہر شخص یہ سمجھ لے کہ مجھے یہ کام کرنا ہے - اور میرے ہی کئے یہ کام پورا ہوگا -

۲۸- اکتوبر سنہ ۱۹۱۰ء سے ۱۴ ستمبر سنہ ۱۹۱۱ء تک ۳۹۳- رسید بہیان افراد قوم کی خدمت
مین حسب الطلب روانہ کی گئین جنمین سے پانچ رسید بہیان ڈاکخانہ مین گم ہو گئین
اور کچھ بجنسہ واپس آئین —

کل آمد فی پیسہ فنڈ کو [illegible] ہوے - منجملا اس رقم کے [illegible] بابت فیس
منی آڈر وغیرہ وصول کنندون نے مجرا لیے - اب خادم کی تحویل مین [illegible]
ہین — ۲۲- اکتوبر سنہ ۱۹۱۰ء سے ۲۷ ستمبر سنہ ۱۹۱۱ء تک [illegible] خطوط و پیکٹ
روانہ ہوے - جنکے محصول وغیرہ مین [illegible] صرف ہوے - اور مبلغ [illegible]
چھپائی اشتہارات و رسید بہیات وغیرہ پر صرف ہوے گویا کل خرچ [illegible] روپیہ
چونکہ یہ فنڈ ہنوز ابتدائی حالت مین ہے لہذا مین یہ رقم مجرا لینا نہین چاہتا —
بہ لحاظ وصول سید عبادت حسین صاحب المحمد مراد آباد اول نمبر رہے —
اور بنیاز مند سکرٹری کا تمغہ پانے کے مستحق ہین —
مولوی محمد علی صاحب جونپوری طالب العلم مدرسہ مشارع الشرائع لکھنؤ دوسرے
نمبر پر اور سید سجاد حسین صاحب میر منشی ایجنسی آفس نیمچہ سوم نمبر پر رہے لہذا
بقیہ دونون تمغے ان حضرات کو پیش کش کئے جائین - چونکہ میر عبادت حسین صاحب
ممدوح بہ لحاظ وصول ضلع مراد آباد مین بھی اول نمبر ہین اس لیے تمغہ نقرئی
ضلعیہ ڈاکٹر رضی الحسن صاحب امروہوی بھی انھین کو دیا جائے —

سید مظفر علی انریری سکرٹری پیسہ فنڈ

گوشوارہ ضلع وار آمدنی پیسہ فنڈ

نمبر شمار	نام ضلع	تعداد رقم	نمبر شمار	نام ضلع	تعداد رقم	نمبر شمار	نام ضلع	تعداد رقم
۱	انبالہ	عہ/	۲۰	حیدرآباد دکن	مالیہ/ ۱۲ر	۳۹	لکھنؤ	موسہ/ ۱۵ر
۲	آگرہ	للعہ/ ۱۱ر	۲۱	حصار	۶؍ ۱۲ر	۴۰	لدھیانہ	موعہ/ ۳ر
۳	اعظم گڑھ	سہ/ ۱۲ر	۲۲	دہولپور	مہ	۴۱	لاہور	عہ/ ۲ر
۴	امرتسر	صہ/ ۲ر	۲۳	دربھنگہ	صہ/	۴۲	مظفر نگر	للعہ/ ۶ر
۵	الہ آباد	عہ/	۲۴	دتیا	۶؍ ۶ر	۴۳	میرٹھ	عہ/ ۹ر
۶	اٹاوہ	مہ/ ۶ر	۲۵	رسالپور	عہ/ ۲ر	۴۴	مراد آباد	ماسہ/
۷	بارہ بنکی	صہ/ ۱۳ر	۲۶	سیالکوٹ	مہ/ ۲ر	۴۵	متھرا	سے/ ۱۵ر
۸	بجنور	مہ/	۲۷	سارن	صہ/	۴۶	مونگیر	موسہ/ ۳ر
۹	بندیلکھنڈ	سے/	۲۸	سہارنپور	للعہ/	۴۷	مظفرپور	صہ/ ۶ر
۱۰	بہلی	عہ/	۲۹	سندھ	سے/ ۱۱ر	۴۸	مظفرگڑھ	للعہ/ ۱ر
۱۱	بدایوان	صہ/	۳۰	شاہ آباد	صہ/ ۲ر	۴۹	مرشد آباد	عہ سہ/ ۱۰ر
۱۲	بنارس	سہ/	۳۱	غازی پور	عہ/ ۱۱ر	۵۰	ملتان	عہ/
۱۳	بلند شہر	عہ/ ۱۱ر	۳۲	فرخ آباد	سے/ ۱۱ر	۵۱	نینی تال	سے/ ۲ر
۱۴	پٹیالہ	۱۲ر	۳۳	فتحپور	۶؍ ۶ر	۵۲	نیمچ	ماصہ/ ۲ر
۱۵	پٹنہ	للعہ/	۳۴	کرنال	صہ/	۵۳	ہردوئی	سے/ ۲ر
۱۶	جونپور	لعہ/ ۲ر	۳۵	کانپور	عسہ/ ۱ر	۵۴	ہوشیار پور	سے/ ۱۲ر
۱۷	جالون	عہ/ ۲ر	۳۶	گورگانوہ	لعہ/ ۱ر	۵۵	متفرق	اماصہ/
۱۸	جے پور	عصہ	۳۷	گوالیار	۶؍ ۶ر		میزان کل	
۱۹	جبل پور	سے/ ۲ر	۳۸	گورکھپور	سے/			الـمالکے/ ۱۲ر

اسکے بعد جناب پروفیسر مرزا محمد ہادی صاحب بی۔ اے انریری سکرٹری دارالترجمہ نے رپورٹ حسب ذیل سنائی۔ اسکے بعد دارالترجمہ کا چندہ شروع ہوا۔ اور سید محمد جعفر صاحب قدسی جائسی نے فرمایا کہ مین اپنے والد کی دو کتابین مفتاح الفلاح اور نورالابصار دارالترجمہ کو ہبہ کرتا ہون* چندہ کی تفصیل ضمیمہ مین درج ہے آخر مین جناب مرزا صاحب ممدوح نے جلسہ سے یہ فرمایا کہ مجھکو اس سال کام کرنے کی اجازت ہے یا نہین اگر اجازت ہو تو مین بالکل اپنے اختیارات سے کام کرونگا جناب مولوی مبارک علے صاحب نے مرزا صاحب کے آخری جملہ سے اختلاف کیا اور فرمایا کہ ہر ایک سکرٹری ایسی ہی خواہش کرے گا مین نہین سمجھ سکتا اس خواہش کے پورا ہونے مین کہان تک قانون کی پابندی ہے اور کی جاسکتی ہے۔

سال دو رزولیوشن۔ دیونٹی کالج۔ دارالترجمہ پاس ہوئے تھے۔ کچھ ایسے مشکلات پیش آتے رہے کہ ایک رزولیوشن سے نہایت خاموشی کے ساتھ دست کشی کر لی گئی۔ صرف ایک رزولیوشن دارالترجمہ یا بد قسمتی سے بعض علما کے اشارہ اور التفات سے مین اوسکا سکرٹری مقرر ہوا۔ مین ایک سال تک کوئی کام نہ کر سکا۔ سال گذشتہ مین نے بعض امور پر نظر کرکے قبل از وقت استعفا دیدیا تھا اور خاص ایسے وقت استعفا دیدیا تھا جسکی نسبت یہ عذر نہین ہو سکتا کہ ایسے موقع پر نہین دیا گیا کہ ہم دوسرا سکرٹری مقرر کر سکتے ـــــ مگر بعض وجوہ سے وہ استعفا نہین پیش کیا گیا۔ اور میرے ایک محترم حبیب نے مجھکو حکم دیا کہ نہین بعض پر کام کرنا ہوگا۔ مین نے پھر بسر وچشم اس خدمت کو قبول کیا۔ لیکن چند روز کے بعد معلوم ہو گیا کہ مین ہرگز کام نہین کر سکتا۔ اسلیے کہ جو شخص کسی کام کو اپنے دل سے نکالدالتا ہے وہ اوسکے مطالب اور مقاصد کو سمجھتا ہے

* یہ کتابین ابتک دفتر کو وصول نہین ہوئین۔

اوسکو اوس کام سے ایک محبت ہے اوسکے عمل مین لانے کے لیے اوسنے تدابیر سوچے ہین وہ ایک ایسی کمیٹی کے ماتحت کر دیا گیا جسکے ہر ممبر صرف ایک سطحی نظر ڈال کے اختلاف کرتے ہین مثلاً سال گذشتہ مین نے درخواست کی کہ سو روپیہ کی مطلوب ہین مگر مجھکو کثرت رائے نے حکم دیا کہ نہین یہ روپیہ نہین مل سکتا۔ ایک چپراسی کی درخواست کی حکم ہوا کہ روپیہ نہین ہے۔ اسی طرح تمام کامون مین رکاوٹین پیدا کی گئین۔ مین یہ کہنے پر مجبور ہون کہ ایسی نیک نیتی سے روائین پیدا ہو گئین ان امور پر نظر کرکے استعفا پیش کیا۔ نہ صرف پیش کیا بلکہ اخبار اثنا عشری مین شایع کر دیا۔ حکم ہوا کہ استعفا قبول نہین ہو سکتا۔ مجھکو دو سال کے تجربہ سے یہ بات ثابت ہو گئی کہ مین بشرکت کسی ایسی کمیٹی کے جسکے اجزاے سالمہ نہایت متفرق اور مختلف الطبعیت ہون مین ایسے کام کرنیکے قابل نہین ہون میری ذاتی رائے۔ اور نہایت سوچی سمجھی رائے یہ ہے کہ مین آپ سے ایک درخواست کرون۔ اور نہایت جایز اور ضروری درخواست ہے کہ میرے اختیارات وسیع ہون میرے ہاتھ پیر کھول دیے جائین تاکہ مین کم از کم جنبش کر سکون یا حرکت مذبوحی ہی ایک سال کے لیے مین اس کام کو صرف اپنی ذمہ داری پر لے سکتا ہون۔ مین اپنی پوری ذمہ داری پر کام کو لینا چاہتا ہون مجھکو بطور خود چندہ کرنے کتابون کے چھاپنے اور شایع کرنے کا مختار قرار دیا جاوے مین اس مد کا کل روپیہ بنک مین جمع کر دون گا۔ اور اوسکے بعد سب سے پہلے میری کوشش ہوگی کہ مین روپیہ فراہم کرون۔

انجمن دار الترجمہ کی اہمیت ایسی نہین ہے کہ صرف نام ہی لینے سے آپ اوسکو سمجھ سکین۔ اس اسٹیج پر گئے سال مین اوسکے مقاصد کو عرض کر چکا ہون۔

انجمن دار الترجمہ ہے ایک ایسا رزولیوشن تھا جسپر گرویدہ ہو کے یہ کانفرنس پیدا ہوئی

مذہبی شعبہ

دنیاوی شعبہ جسکو مین ایک مفہوم سے عین دینی شعبہ سمجھتا ہون کیا اسکی ضرورت نہین ہے کہ منتخب کردہ علوم وفنون جنسے تمام قومین ترقی کررہی ہین اوسکے مختصر رسالے ہمارے ملک اور ہماری دکان مین جانے چاہئین کیا اسکی ضرورت نہین کہ یہ اختلاف مذاق جو قوم مین بدقسمتی سے پیدا ہوگیا ہے وہ جسقدر جلد ممکن ہو مٹا دیا جاے ۔ کیا اس سے بہتر کوی طریقہ ہوسکتا ہے تبادلہ خیالات کا کوئی ذریعہ اس سے بہتر ہوسکتا ہے کہ مختلف علوم پاپولر ریڈرز (ہر دل عزیز رسالہ) بہت جلد پیدا کردئے جائین ۔ کیا قوم کے خیالات وسیع کرنے کے لیے اس سے بہتر کوئی طریقہ ہے ۔ ایک طرف تو علوم دینیہ کے مختصر رسالے جنمین اخلاق آئمہ معصومین سیرت ائمہ معصومین علوم ائمہ معصومین

صرف دو کلمہ اس مرحوم رزولیوشن ڈونٹی کالج ۔

کیا قوم کو اسکی ضرورت نہین کہ چند باخبر واعظ پیدا کئے جائین ۔ اور پیدا ہوتے رہین ایک سلسلہ اسکا جاری رہے کہ علوم جدیدہ مذاق وقت سے باخبر ۔ مختلف مذاہب کے مشنری جو بکثرت ملک مین دورہ کرتے ہین کلام کرسکین ۔ جو نہایت جرات کے ساتھ اپنی معقولیت کے دلائل پیش کرسکین ۔ جو ایک خوش عقیدہ مومن کی حیثیت سے نہین ایک فلسفی اور معقولی حیثیت سے ہر ایسا شخص جو خالی الذہن ہو اور اوسنے مختلف مذاہب کی تاریخ کو ملاحظہ کیا ہو کہ سواے مذہب شیعہ کوی مذہب اس کا مدعی نہین کہ ہم جملہ اصول وفروع کو عقلی حیثیت سے سمجھ کے عقیدہ کرتے ہین ۔ مگر حالت کیا ہے ۔ کمال ہمنشین در من اثر کرد ۔ بہت سے اصول جنکو ہمارے مذہب سے کوئی تعلق نہین ہے مثل مسلمات مذہب کے مان لئے گئے ہین منجملہ اسکے ایک مسئلہ قسمت ہے ۔ جسکا ترجمہ مذہب جبر ہے ۔ یہ وہ مسئلہ ہے جس نے قوم کے اعضا وجوارح کو معطل کررکھا ہے ۔ اسی کی بدولت ایک ایسی بیدلی قوم مین پیدا ہوجاتی ہے جس سے کوئی کام نہین ہوسکتا ۔ اسی کا نتیجہ

مذہب لفوظ ہے انگریزی (پسی مزم) جو ان اس لفظ کے معنی سمجھتے ہین یعنے انجام اسکا یہ ہے کہ وہ دنیا ومافیہا سے بیزار خود سے بیزار اور خدا سے بیزار یہ مذہب وبا کیطرح پھیلا ہوا ہے اور پھیلتا جاتا ہے۔ دوسرا مذہب یوٹیلیٹرزم کیا ترجمہ کرون۔ دنیا کے کل کاروبار کا مال نفع ذات ہے۔ ہر کام خودغرضی سے کیا جاتا ہے اس مذہب نے بھی بہت ترقی کی ہے اور اسکے خوفناک نتیجہ یہ ہین کہ قومی ہمدردی۔ بلکہ چند لفظیون کہئے کہ ایثار وکرم جو صفات محمودہ اور مکارم اخلاق سے ہمعنی لفظین ہوجاتی ہین اگرچہ کسی نہ کسی حیثیت سے فہرست اخلاق سے اُسکو خارج نہین کیا ہے۔ لیکن اونکی قدر وقیمت صرف اس قدر باقی رہجاتی ہے جو کہ مقادیر متصلہ مین کی فہرست نقطہ کی ہے اور مقادیر منفصلہ مین صفر کی ہے جبکہ اصول اخلاق سے عناصر خارج کردیے جائین یا برائے نام رہجائین اوسوقت مذہب کہان باقی رہ سکتا ہے۔ اور ایک مذہب آئیڈیلزم تصور ئین جسکا عامیانہ ترجمہ یہ ہے کہ عام وہم وخیال ہے انسان ایک مستقل امکان احساس ہے۔ اور عالم ایک مستقل امکان محسوسیت ہے یہ چند چیتانی الفاظ جو مین نے اپنی زبان پر جاری کئے ہین سخت خوفناک ہین۔ انسے بیدینی کی مضبوط بنیاد قایم ہوجاتی ہے۔ اور مذاہب کے اصول وفروع اس طرح ذہن نشین ہوجاتے ہین کہ پھر کسی طرح مٹ نہین سکتے نقش حجر سے زیادہ استقلال پیدا کرتے ہین۔ آپ کہہ سکتے ہین کہ مسائل دقیقہ مین اور ان تک عوام الناس کی نظرین نہین پہونچتین نہ اسکا کوئی اثر عوام تک پہونچ سکتا ہے۔ اگر خواص کا کوئی اثر عوام کے خیالات پر ہے تو بے شک یہ مضر ہین ورنہ خراب دعوت عوام کے سامان بھی موجود ہین۔ اول وہ علم ادب جو کہ مختلف گروہون کے ہمدرد۔ دخیل لائے تھے خواہ اپنی بیش بہا تحریرون اور تقریرون سے بھلا رہے ہین اور انہین ایک وسیع حد تک کامیاب بھی ہوگئے ہین اب اسکی نسبت صرف مجھے اسقدر کہنا ہے

زیادہ تفاصیل کی یہاں تکلیف نہ دیجئے - پس غالب مرحوم کا یہ شعر میرے مفہوم کو بہت اچھی طرح سمجھا رہا ہے -

ہو گئی ہے غیر کی شیرین بیانی کارگر عشق کا اونکو گمان ہم بے زبانوں پر نہین

کیا ہماری بے زبانی کی یہ حد ہونا چاہیے کہ غیرونکی برائیان ہمارے سر تھوپی جائین تمام دنیا کی مہذب قومین اسکو باور کرین کہ ہم پر بھی الزام جو مصنوعی پولیٹکل پارٹیون نے اپنے اغراض فاسدہ کے پورا کرنے کے لیے بنائے تھے ہم اوسکے ملزم قرار پائین کیا غیرون کے قابل شرم خونریزیان ہمسے منسوب ہون کیا اب بھی اسکا وقت نہین آیا ہے کہ دشمنان اپنے اور خاص دشمنان رحمۃ للعالمین اور آل اطہار کے کہ مسلم بدخواہون نے کسی زمانہ مین جو امور اصول دین کی طرح تعلیم تلقین کی گئی تھی اور مذہبی کتابون مین اونکو مقدس لباس پہنا کے قیامت تک کے لیے نامہ سیاہی کی تدبیرین کیگئی تہین ہم اپنے اوپر سے نہین کیا اسکا وقت نہین آیا ہے - کلام مجید اور احادیث رسول الثقلین پر جاہلانہ اتہام کئے جاتے ہین کچھہ نہو تو اوسکی تکذیب ہی کردی جاے -

کیا ہمارے بچے اور عورتین - اصول و فروع حتی کہ مسائل ضروریہ کے بھی جاہل محض رکھے جائین - ابھی ایک واقعہ اوس محلہ مین جہان بدقسمتی سے میرا مکان ہے واقع ہوا ہے کیا کسیکو اوسکے سننے کی تاب ہے مین سخت مضامین بیان کرنے کا عادی نہین ہون - ایک پہلے مومنہ اور اب کافرہ نے اپنی نا کتخدا لڑکیکو بخوشی خاطر ایک عیسائی کرایہ دار کے حوالہ کردیا - اب وہ عیسائی لباس سے آراستہ اور اوس قسم کے اخلاق سے پیراستہ ہونے کے لیے شاید کسی بورڈنگ کے سپرد کی گئی ہے اور چند ہی روز مین اس قابل ہو جائیگی کہ اپنے غیر مذہب شوہر کی بی بی بننے کے قابل ہو کر اوسی سڑک اور اونہین گلیون مین جہان اوسکی عزت اور مرحوم باپ اور نانا اوسکی نوحہ خوانی کی آواز کو چاردیواری سے باہر نکلنے پر

سو نمبر بنائے وہ بے پردہ اپنے کامیاب شوہر کی بغل مین ہاتھ دیکے چہل قدمی کرتی نظر آ
اپ کہین کہ یہ ایک واقعہ ہے۔ اور مین بھی خدا سے چاہتا ہون کہ یہ ایک ہی واقعہ ہو
اور آئندہ خدا امیر ہے اور آپکے کانون کو ایسی قیامت خیز خبرون سے محفوظ رکھے لیکن
کیا ہماری غفلت مقتضی نہین ہے۔ کہ ایسے واقعات کثرت سے واقع ہون۔

اے خدا ہمکو اس دن کے لیے زندہ نرکھ ! یا ہمارے دلون کو نرم کر دے کہ وہ ناپاک
لٹریچر جس کا خراب اثر طاعونی کیڑون سے زیادہ مہلک ہے پہلے چند کتابین اندر سبھا
امانت و مداری لعل ۔ زہر عشق ۔ فریب عشق ایسی چند کتابون تک محدود اب بے
شمار موجودہ ہین روز بروز بنائے جاتے ہین ۔ اور تعلیم نسوان کی دولت کیطرف
تاکید ہے۔ ملک کی لیڈر اوسکی ترقیونکی کوشش کر رہے ہین۔ کوشش بے اثر
نہین ہے۔ یہ تعلیم روزافزون ترقی کرے گی۔ نہ آپ اسکے روکنے کے مجاز ہین
نہ ایسا کرین گے نہ اسکے لیے تیار ہین۔ اس صورت مین سوائے اسکے کوئی
چارہ نہین ہے کہ اب ایک عمدہ لٹریچر ان نو تعلیم لڑکون اور لڑکیون کے لیے
پیدا کر دین آپکے زمانہ مین صرف بعد جہد سے کام چلتا رہا۔ یہ مرحوم بزرگ ایک
بہت بڑا گروہ اپنے ہمراہ جنت مین لیکے جائے گا۔ ہمکو ایک دو بعد حمد کی ضرورت
نہین ہے۔ اون دشمنون کی کثرت تعداد اور اونکے پروڈکشن کے مقابلہ کے لیے
آپ کو آمادہ ہو جانا چاہیے۔ کم سے کم جتنی کتابین ناول نویس اور نیچرل نظمین لکھنے
والے چھپا کرتے ہین اونہین سے دس کے سامنے ایک ہی کا جواب آپ کی تعریف
سے شایع ہو۔ اور لوگ اپنی جائز یا ناجائز کوششون سے آپ کے خلاف جو زہر
پھیلا رہے ہین اوسکے تریاق کے باون تولہ اور پاؤ رتی اکسیر کے برابر تو کوئی
نسخہ تیار کیجیے۔ اور اگر نہ کیجئے اور اس صریحی مفاد کو ملاحظہ کر کے بھی خاموشی
اختیار فرمائیے تو مین نہین کہہ سکتا کہ آپ کسقدر اپنے فرض کے ادا کرنے مین

مقصود فرماتے ہین۔ دار الترجمہ کی اہمیت پر غور فرماکے نہایت فراخ حوصلگی سے کام لیجئے اس موقعہ پر آپ اوس کا پورا اسکیم درست کر دیجیے۔ سکرٹری کو ایسے اختیار دیجیے کہ وہ ہاتھ پاؤن ہلا سکے۔ مجھے تو دو سال کے تجربہ سے ایسا معلوم ہوا ہے کہ اس کام کیطرف ملتفت نہین ہین۔ سال بھر کے بعد مین اس اسٹیج پر آتا ہون اور چند منٹ تک نوحہ خوانی کرکے چلا جاتا ہون۔ پھر سال بھر تک عجب کس مپرسی کا عالم رہتا ہے۔ مین اس طریقہ سے کام کرنے کے لیے موجود نہین ہون۔ مین دو سال تجربہ کر چکا ہون۔ اگر اس سال آپ مجھ سے کام لینا چاہتے ہین تو اس کام کو ایک سال کے لیے میری رائے پر چھوڑ دیجئے پوری ذمہ داری سے کام کرنے کے لیئے مین حاضر ہون۔ سال گذشتہ زیادہ تر آپکی خواہشون کے لیے مینے چارسو روپیہ اپنی جیب خاص سے صرف کئے ہین انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا کی گیارہوین ایڈیشن کا ایک نسخہ جسکی اس صیغہ کو سخت ضرورت تھی موجود کر دیا ہے۔ اصطلاحات علوم کے لیے تیس برس کی کوشش سے پورہ ذخیرہ اس سنہ مین فراہم کیا گیا ہے غیر جنس نا کارہ مجھے کچھ ہو بھی لینا چاہیے مین آپکو مفت دیتا ہون۔ فقط ایک نگاہ لطف کا امیدوار ہون وہ اسلیئے نہین کہ میری شان آپ بڑہائے حوصلہ مند لوگون کی خواہش ہوا کرتی ہے۔ مجھ ایسا پست ہمت اسکو ہیچ سمجھا ہے۔ دنیا کی چمک دمک چند روزہ ہے۔ ۵۳ برس کی زندگی کو طے کر چکا ہون ہمارے ایک مثل مشہور ہے کہ دیوان حافظ پڑھنے سے آدمی دیوانہ ہو جاتا ہے مین نے کئی دیوان حافظ پڑھے پکا دیوانہ ہون۔ مگر سمجھنے کو بھلی بات کہتا ہون۔

دیوانہ را ہوئے بس است ایک ہا دہوے مستانہ کا امیدوار ہون۔

خلاصہ عرض یہ ہے کہ مین خدمت کے لیے حاضر ہون مگر اونھین شرط پر جو پہلے عرض کیا ہے ورنہ

رسم ست کہ مالکان تقدیر
ازاد کنند بندہ پیر

رزولیوشن نمبر ۸ کی تحریک کرتے ہوئے جناب مولوی سید قاسم علی صاحب ایڈیٹر العوارف نے فرمایا کہ دنیا ایک گذرگاہ ہے جس مین چند روزہ زندگی بسر کرنیکے لئے انسان آیا ہے سب کے لیے فنا ہے ہر شخص اس دنیا سے جانے والا ہے لیکن علماء دین اور ان لوگونکا کہ جن سے علمی فواید پہونچتے رہتے ہین قوم سے اوٹھ جانا نہایت اندوہناک ہے جناب مولانا سید کلب باقر صاحب قبلہ نے جو عالم دین تھے ۱۲ ماہ صیام کو کربلاء معلےٰ مین اس دار دنیا سے عالم بقا کیطرف انتقال فرمایا یہ وہ بزرگ تھے جن سے یہانکے لوگونکو بھی فوائد حاصل ہوتے تھے یہ فرماکر رزولیوشن پڑھا اور جلسہ سے خواہش کی کہ حضرات سورہ فاتحہ پڑھین بعدہ جناب مولوی سید مبارک علی صاحب نے تائید کی سید علی اطہر صاحب بیرسٹرایٹ لا نے ترمیم پیش کی کہ ایک تار مولوی سید کلب حسین صاحب قبلہ کی خدمت مین بھیجا جاے محرک صاحب نے ترمیم منظور کی ۔۔ رزولیوشن نمبر ۹ کی تحریک کرتے ہوے جناب سید علی اطہر صاحب بیرسٹرایٹ لا نے مختصر تقریر مین فرمایا کہ آپ سب حضرات کو معلوم ہے کہ ہز ہائینس آصف جاہ میر محبوب علی خانصاحب بہادر فرمان رواے حیدرآباد دکن نے اس دار دنیا سے انتقال فرمایا ممدوح کے نسبت کہا جاتا ہے کہ اونکی عمر شریف پچاس سال کی تھی ۔ نہایت افسوس ہے کہ بہت بڑا رکن مسلمانونکا اوٹھ گیا اونکے خصائل پسندیدہ ہر شخص پر ظاہر ہین اور یہ بھی ظاہر ہے کہ مذہبی حیثیت سے ہمارے اور حضور ممدوح کے مذہب مین اختلاف تھا مگر بحیثیت والی ملک ہونیکے حضور ممدوح کی سلطنت مین ہمارے مذہب کے بہت سے لوگ آزادی کے ساتھ رہتے تھے اسلیئے کوئی وجہ نہین ہے کہ ہم مسلمان ہوکر اونکے ساتھ ہمدردی نکرین لہذا مین اس رزولیوشن کو آپکے سامنے پیش کرتا ہون اسکی تائید جناب شیخ محمد عاقل صاحب سکرٹری انجمن تہذیب الاخلاق بنارس نے کی اور

باتفاق جلسہ پاس ہوا۔ رزولیوشن نمبر ۳ جناب چودہری نظیر الحسن صاحب رئیس مہابن ضلع متھرا نے تقریر ذیل کے ساتھہ پیش کیا۔ جناب سید علی اظہر صاحب بیرسٹر ایٹ لا نے تائید کی بالاتفاق پاس ہوا۔

پھر سکریٹری نے رزولیوشن نمبر ۳ پڑہکر سُنایا جو حسب ذیل ہے۔

یہ کانفرنس نہایت خلوص کے ساتھہ اپنے شہنشاہ معظم قیصر ہند دام اقبالہ کی خدمتمین حضور ممدوح کی تاجپوشی پر مبارکباد عرض کرتی ہے اور اعلیٰحضرت اور ملکہ معظمہ کی ترقی عمر دولت کی دعا کرتی ہے۔

محرک چودہری سید نظیر الحسن صاحب رئیس مہابن — موید سید علی اظہر صاحب بیرسٹر ایٹ لا فیض آباد

رزولیوشن کے پڑہے جانیکے بعد چودہری سید نظیر الحسن صاحب اپنی کرسی پر سے اوٹھے اور رزولیوشن کی تحریک مین حسب ذیل تقریر کی۔

اسپیچ چودہری نظیر الحسن صاحب

سلام علیکم۔ جناب پریسیڈنٹ صاحب و بزرگان جلسہ۔ مین اپنے آپکو نہایت خوش قسمت سمجھتا ہون کہ مجھکو ایسے مبارک اور ضروری رزولیوشن کی تحریک کی عزت دیگئی ہے۔ مجھکو ہمیشہ فخر رہیگا کہ اپنے عادل بادشاہ ہز مجسٹی جارج پنجم دام اقبالہ کی تخت نشینی کا رزولیوشن پیش کرنے کا موقع مجھکو حاصل ہوا۔ حضرات بادشاہ وقت سے عقیدت رکھنے اور اطاعت و وفاداری کرنے کی ہمارے پاک مذہب نے ہمکو تعلیم دی ہے اور پھر بادشاہ بھی ایسا عادل منصف مزاج رحمدل اور رعایا پرور کہ جسکے احسانات پر غور کرتے ہین تو ہماری عقیدت مندی کا دریا اور بھی زیادہ جوش مارنے لگتا ہے اور بے اختیار اونکی ترقی عمر و اقبال کی دعا دل سے نکلتی ہے۔ یون تو برٹش گورنمنٹ کے ہم پر صدہا احسانات ہین لیکن مذہبی آزادی وہ بیش بہا نعمت ہے جسکی نظیر دنیا کی

سلطنت مین پائے نہین جاتے - یہ مذہبی اور قومی جلسہ جس مین ہم بجا بخت اپنی فلاح وبہبودی کی تدبیرین سوچنے کو جمع ہوے ہین اُسی آزادی مذہب کی بدولت ہے جو گورنمنٹ نے ہمکو مرحمت فرمای ہے - ہندوستان مین جیسی مذہبی آزادی برٹش گورنمنٹ نے ہر قوم کو عطا کی ہے اسکی نظیر نہ صرف ایشیای بلکہ یورپین سلطنتون مین بھی پائی نہین جاتی آپ دوسری سلطنتون کے حالات تاریخ مین دیکھئے اور وہان مذہبی آزادی کی جو کچھ دردناک حالت ہے اوسکو بغور ملاحظہ فرمائیے اسوقت اس حکومت کی مذہبی آزادی کی قدر وقیمت آپکے دلمین بجد شکرگذاری کے ساتھ محسوس ہوگی - تاریخ تو حضرات اچھی طرح جانتے ہین کہ کوئی سلطنت کوی ملک جہان غیر قوم کی حکومت ہو انصاف پابندی قانون اور آزادی مذہب مین گورنمنٹ انگریزی کے گرد قدم کو بھی نہین پہونچ سکتی - بس اسمین کچھ شک نہین کہ آج جو نعمتین اور جو آزادی ہندوستانکی مسلمان رعایا کو یونین جیک کے زیر سایہ حاصل ہے وہ ہلال اور ستارہ کے نیچے بھی میسر نہین آسکتی یون تو ہندوستانمین ہر قوم کو گورنمنٹ نے مذہبی آزادی دے رکھی ہے اس لیے ہماری طرح ہر قوم کو اس نعمت کے واسطے گورنمنٹ کا ممنون ہونا چاہئے لیکن ہم لوگون کو ہر قوم کی بہ نسبت اسکی اسلیئے زیادہ قدر ہے کہ ہمکو کبھی یہ نعمت حاصل نہین ہوی تھی ہم جسقدر اپنی گہری نگاہ پچھلے زمانونکی تاریخ تک لیجا سکین تو ہر موقع پر ہماری حالت نازک اور ابتر نظر آئے گی - گذشتہ ایام مین جو کچھ ہماری حالت رہی ہے اُسکا خیال بھی آج سوہان روح سے کم نہین ہے پس ہمارے واسطے خاص کر یہ سلطنت بلحاظ آزادی مذہب خدا کی رحمت ہے اسلیئے اس نعمت بے بہا کا شکریہ اگر ہر قوم پر واجب ہے تو ہم پر واجب تر اور اس منصف مزاج گورنمنٹ کی بقا و ترقی و اقبال کی دعائین کرنا سب پر فرض ہے تو ہم پر فرض تر ہم کو درگاہ الٰہی مین تہ دل سے دعا کرنا چاہیے کہ خدا ہمیشہ اس منصف مزاج بادشاہ کا

سایہ ہمارے سرون پر قائم رکھے تاکہ ہم اسی طرح آزادی مذہب سے مستفید ہوتے رہین چونکہ اپنے محسن کے عیش و مسرت سے فطرتاً طبیعت مسرور ہوتی ہے اسلیئے حضور ملک معظم و ملکہ معظمہ دام اقبالہما کے جشن تاجپوشی سے ہماری قوم کو جو کچھ مسرت ہوئی ہے اُسکا اظہار بذریعہ الفاظ ناممکن ہے۔ ہمارے دل سے دعا نکلتی ہے کہ ہز مجسٹی ملک معظم جارج پنجم دام اقبالہ مدت دراز تک عیش عشرت اور اقبالمندی کے ساتھ سریر آرائے سلطنت رہین اور خدائے برتر دن بدن اونکی عمر و دولت مین برکت اور اقبال و عروج مین ترقی عطا فرمائے اور اونکی حکومت کا زمانہ شان و شوکت اور امن و امان مین عدیم النظیر ثابت ہو۔ حضرات! اب مین دلی مسرت اور وفادارانہ جوش کے ساتھ اس رزولیوشن کی تحریک کرتا ہون اور امید ہے کہ آپ سب صاحب میرے ہم آواز ہوکر بالاتفاق اس رزولیوشن تہنیت تخت نشینی ملک معظم و ملکہ معظمہ دام اقبالہما کو پاس فرمائین گے۔

چودھری سید نظیر الحسن صاحب اپنی تقریر ختم کرچکے تو سید علی اظہر صاحب بیرسٹر ایٹ لا فیض آباد اسٹیج پر تشریف لائے اور اس رزولیوشن کی تائید مین حسب ذیل گفتگو فرمائی

اسپیچ سید علی اظہر صاحب بیرسٹر ایٹ لا

جب مؤید صاحب اپنی تقریر ختم کرچکے تو تمام حاضرین جلسہ نے صلواۃ کے نعرون اور مسرت اور جوش کی آواز کے ساتھ نہایت خلوص و عقیدت سے رزولیوشن کو بالاتفاق پاس کیا۔ اور اپنے عادل ملک معظم قیصر ہند دام اقبالہ کی تندرستی اور ترقی عمر و دولت اور عروج جاہ و اقبال کی دعا مانگی۔ اور پریسیڈنٹ صاحب نے رزولیوشن کے پاس ہونے کا اعلان فرمایا۔

رزولیوشن نمبر ۴ جناب سید مظفر علی خان صاحب رئیس جانسٹھ نے پیش فرمایا

اور جناب شیخ محمد عاقل صاحب سکرٹری انجمن تہذیب الاخلاق بنارس نے تائید کی بالاتفاق پاس ہوا۔

رزولیوشن نمبر ۵۔ جناب سید صادق حسین صاحب سکرٹری انجمن ناصر الاخلاق جونپور کے تحریک اور مولوی سید وزیر حسن صاحب بی اے۔ ایل ایل بی وکیل چھپرا کی تائید سے بالاتفاق پاس ہوا۔ جناب پریسیڈنٹ صاحب کا شکریہ ادا ہوکر جلسہ برخاست ہوا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یکم اکتوبر ۱۹۱۱ء وقت اول اجلاس سوم۔

اول جناب سید حافظ امیر کاظم صاحب رئیس نگینہ نے تلاوت قران مجید فرمائی بعدہ ازیری سکرٹری نے حسب ذیل رپورٹ پیش کی۔

رپورٹ ازیری سکرٹری بابت اجلاس پنجم ال انڈیا شیعہ کانفرنس

الحمد للہ رب العالمین وصلی اللہ علی خیر خلقہ محمد والہ الطاہرین

سلام علیکم حضرات۔ مین نے پہلے روز صرف اسوجہ سے رپورٹ سنائی کہ مین علیل ہوگیا ہون اور شب بیداری کیوجہ سے نہایت پریشان تھا اسکا سبب یہ نہین ہے کہ مین کسیکا منتظر ہون کیونکہ جسوقت مین اپنا ٹوٹا پھوٹا بیان آپکی خدمت مین پیش کرنے کھڑا ہونگا اوسوقت کوئی میری مدد نہین کرسکتا جو کچھہ کہنا چاہتا ہون اوسکو کوئی روک نہین سکتا اور جو کچھہ نہین کہنا چاہتا اوسکو کوئی کہوا نہین سکتا پس جہان اور بہت سی غلط باتین مشہور کیجاتی ہین من جملہ یہ بات بھی مشہور کی گئی ہے بہر حال مین جناب صدر نشین صاحب و معزز حاضرین کے روبرو اون کامونکی ایک مختصر رپورٹ پیش کرنا چاہتا ہون جو ایک سال کے اندر دفتر کانفرنس سے کئے گئے ہین

لیکن قبل اسکے کہ مین اون کامونکو بیان کرون مجھے یہ بھی دکھلانا ضروری ہے کہ
کانفرنس کو اس چھوٹی سی عمر مین پانچوان سال کیونکر گذرا آپ پر واضح ہے کہ حقتعالے
نے اپنے بندونکو اس دارنا پائیدار مین مطلق العنان اور گسستہ مہار نہین چھوڑا بلکہ اوس
حکیم علے الاطلاق نے ایک صراط مستقیم تیار فرمائی اور اوس پر چلنے کا حکم دیا لیکن
چونکہ انسان مین خدا کی نافرمانی کا مادہ اوسکے نفس امارہ نے پیدا کردیا ہے اس لیے
وہ اوس راہ کے چھوڑ دینے پر امادہ ہوجاتا ہے اور چونکہ وہی راہ مطلوب خدا ہے
لہذا وقتاً فوقتاً اوس نے اپنے قاصد اور ایلچی بھیجے جو اوس طرف جانے کی ہدایت
فرماتے رہے یہ سلسلہ مدتون جاری رہا اور آخر مین چونکہ سلسلہ انبیا منقطع کرنا منظور تھا
لہذا اپنے حبیب خاص جناب محمد مصطفے صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ایک مکمل شریعت کے
ساتھ خلق اللہ کی ہدایت کے لیے دنیا مین بھیجا اوسی نبی برحق نے نہایت تکلیف
اور زحمات گوارا فرماکر لوگون کی ہدایت فرمائی اور وہ شریعت کاملہ جسکے بعد کوئی
دوسری شریعت لانے والی نہ تھی بندگان خدا کے حوالہ کی یہ سب جانتے ہین کہ وہ شریعت
بالکل مکمل تھی لیکن خدا کے نزدیک اوسوقت تکمیل نہ سمجھی گئی جب تک بعد جناب
رسالتماب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ہدایت کا انتظام نہ کرلیا گیا چنانچہ جسوقت اونجناب
نے بعد اپنے بھائی اور داماد علے ابن ابیطالب علیہ السلام کو اپنا جانشین مقرر
کردیا اوسی وقت ایہ اَلْیَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ
عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ نازل ہوئی اور بتلا دیا گیا کہ یہ دین اوسیوقت مکمل سمجھا جاسکتا
ہے جسوقت بعد کی ہدایت کا بھی انتظام منجانب اللہ ہوجائے یعنے یہ نہین ہوسکتا
کہ بغیر ہادی کے خلق اللہ چھوڑ دی جائے یا وہ خود اپنا ہادی مقرر کرلے اب نبوت
ختم ہوئی اور امامت شروع ہوئی یہ سلسلہ عرصہ دراز تک قائم رہا لیکن بمقتضائے
مصلحت الٰہی آخری ہادی نظر مردم سے پوشیدہ کیا گیا اور بعد اسکے ظاہر ہے کہ ہم بالکل

مطلق العنان ہو کر ضلالت اور گمراہی مین مبتلا ہو جاتے مگر اوس حجت خدا نے حجت بالغہ خداوندی کو ختم فرمادیا اور اپنے بعد اپنے نواب عالم علمائے کرام کثرہم اللہ کو ہماری ہدایت کے واسطے مقرر فرمایا اور ہمکو حکم دیا کہ تم انکی اطاعت کرو کیونکہ یہ تم پر حجت ہین اور مین اپر حجت ہون الحمد للہ کہ وہ تو اب حام اپنے امام کی ہدایت اور حکم کے موافق ہماری ہدایت مین مشغول ہین اور انشاء اللہ قیامت تک یہ سلسلہ قائم رہے گا لیکن اگر ہم اونکے ہدایات پر عمل نہ کرینگے تو پیش خدا مشغول الذمہ ہونگے اور کبھی بری نہین ہو سکتے یہ بادی حضرات ائمہ معصومین صلوات اللہ وسلامہ علیہم اجمعین کے احکام کو رواج دیتے ہین دینی امور مین نفسانیت کو قریب بھی نہین آنے دیتے یہ مقدس گروہ شاگرد آل محمد ہے انکے اخلاق ائمہ معصومین سے ماخوذ ہین انکا طرز ہدایت وہی ہے جو انکو انکے معصوم اساتذہ نے تعلیم فرمادیا ہے صبر و تحمل انکسار بے نفسی رحم و کرم انکے آب و گل مین ہے یہ ہی وہ بزرگوار ہین جنھون نے باوجود مخالفت وخوف جان و آبرو نہایت سختی کی حالت مین نہایت خوف کی حالت مین نہایت شدت اور سختی کے اوقات مین دین کو قائم رکھا اگر یہ بزرگوار نہ ہوتے تو تاریخ ہمکو بتلا رہی ہے کہ دین شیعہ روئے زمین پر نظر نہ آتا بہرحال ہماری شریعت مقدسہ کوئی ناقص شریعت نہین اسمین دین و دنیا دونون کے احکام موجود ہین یہ شریعت انسان کو ترک دنیا کی ہدایت نہین کرتی اور نہ محض دنیا کے لیے دین کو ترک کراتی ہے بلکہ ہر شریعت مین معاملات عقود ایقاعات احکام حلال حرام نکاح وطلاق رہن وبیع واجارہ و قرض تجارت صنعت وحرفت وزراعت قصاص و آیات حدود و تعزیرات تہذیب نفس و تدبیر منزل وسیاست مدن حقوق بادشاہ حقوق رعایا حقوق والدین حقوق اولاد حقوق زن و شوہر حقوق ہمسایہ حقوق کنیز وغلام احکام سفر احکام خانہ داری غرض یہ کہ احکام شانہ و مسواک تک بیان کردئے گئے ہین

اسی سے اس شریعت کی حکومت دنیا کے ہر خشک وتر پر ہے اور یہ محض غلط ہے کہ شریعت کی پابندی سے ترقی دنیاوی ناممکن ہے اگر ہم چاہین تو شریعت کی پابندی کے ساتھ پوری پوری ترقی کر سکتے ہین لیکن افسوس کہ ہم نے شریعت کو پس پشت ڈالدیا اور اوسکو ایسا بھلادیا کہ اسلام پامال ہونے لگا اور گمراہی کا یہ زور ہوا کہ لوگون نے شریعت مین ترمیم کرنے کا ارادہ کیا اور خود رائی سے بلکہ اپنی خطا کار رائے پر بھروسہ کر کے اسلام مین ایک سخت تغیر پیدا کر دیا یہ امور ایسے نہ تھے کہ اہل ایمان کے قلوب پر اثر نہ ہوا اور علماے دین خاموش بیٹھے رہین وہ مختلف طریقون سے غور فرماتے ہین اور گو اونکو خود کسی انجمن یا مجمع کی ضرورت نہ تھی لیکن اہل زمانہ کی ہدایت کے لیے ایک ذریعہ کی ضرورت تھی اسلیے جناب قدوۃ العلما مولانا السید آقا حسن صاحب قبلہ نے ۱۳۱۹ ہجری مین ایک انجمن موسومہ انجمن صدر الصدور امامیہ کانفرنس لکھنؤ مین قائم کی اور دیگر علما نے اوسمین شریک ہو کر اوسکی اعانت فرمائی چونکہ اس انجمن کا تعلق زیادہ تر مذہب سے تھا اسلیے قرار پایا کہ اسمین ہمیشہ علما صدر ہوا کرین گے ۔

بدین جہت اول عماد العلما جناب میر آغا صاحب اعلی اللہ مقامہ صدر نشین اور جناب قدوۃ العلما مولانا السید آقا حسن صاحب قبلہ سکرٹری اور بنا رمند جوائنٹ سکرٹری مقرر ہوا ۔

اس انجمن سے جیسا کہ امید تھی بڑے بڑے لوگون نے مخالفت شروع کی اور اسکو تفرقہ انداز قرار دیا لیکن اوسوقت تک یہ اعتراضات تہذیب کے دائرہ سے باہر نہ نکلنے پائے لیکن اوسوقت جبکہ انجمن نے بعض احکام جامع علماے کے شائع کیے معترضین نے تہذیب کو ترک کر کے بداخلاقی پر کمر باندھی اور علماے کرام کو جو کچھ دلمین آیا کہنا شروع کیا اخبارات کے کالم کے کالم

سب پشتم سے بھرے نظر آتے تھے علماے دین نے اس طوفان بے تمیزی کی پروانہ کی اور اپنے کام مین مشغول رہے چند سال کے بعد جناب صدر نشین اعلی اللہ مقامہ کا انتقال ہوگیا اور قاعدہ کے موافق عہدہ دارون مین تغیر وتبدل ضرور ہوا لہذا اجلاس نے جناب مولانا السید نجم الحسن صاحب قبلہ کو صدر نشین اور جناب مولانا السید آقا حسن صاحب قبلہ کو وائس پریسیڈنٹ اور مجھ ضعیف کو سکرٹری مقرر کیا مین نے اس انجمن کو صرف لکھنؤ یا اوسکے اطراف مین محدود رہنا مناسب نہ جانکر تمام ہندوستان کے شیعونکو لکھنؤ مین جمع ہو کر مشورہ کرنے کی تجویز کی اور جلسہ سے منظوری حاصل ہونے کے بعد سفر اختیار کیا مین جناب پروفیسر مرزا محمد ہادی صاحب قبلہ بی۔اے کا کس زبان سے شکریہ ادا کرون کہ جنھون نے میرے ہمراہ زحمات سفر گوارا کئے اور اپنے بیش بہا وقت کو قوم کے فواید پر صرف کر دیا مومنین نے اس دعوت کو فوراً قبول کر لیا لیکن علیگڈھ کالج کے احاطہ کے اندر ایک ڈپٹی کلکٹر صاحب نے سخت اختلاف کیا اور نہایت زور کے ساتھ بیان کیا کہ یہ کانفرنس اسلام مین تفرقہ ڈالے گی ہرگز اسکو قائم نہونا چاہیئے بلکہ ایجوکیشنل کانفرنس کافی ہے لیکن چونکہ اسکے اغراض ومقاصد ایجوکیشنل کانفرنس سے جداگانہ تھی اسلیئے ہمنے اونکے اعتراضات کی کچھ پروانہ کی اور کام کو جاری رکھا مختصر یہ کہ پہلا اجلاس اسکا اسی لکھنؤ مین ہوا اور اوسمین جو کچھ واقعات گذرے وہ سب پر ظاہر ہین اور بعد ختم جلسہ علمائے دین کی جو کچھ توہین کی گئی اور جس قسم کے مضامین لکھے گئے وہ بھی واضح ہین۔

خیال ہوتا ہے کہ ایجوکیشنل کانفرنس کے بانی کی یہ پالیسی رہی ہے کہ اسکے امور انتظامی مین کسیوقت علما کو دخل نہ ہونے پائے* چنانچہ اوسکا نتیجہ یہ ہوا کہ آج تک وہ علما کے اثر سے محروم ہے اور اگر اونھون نے کبھی کچھ اصلاحات چاہین تو بجاے

* ملاحظہ ہو تقریر محمد عبداللہ صاحب بی۔اے ایل ایل بی مندرجہ رپورٹ اجلاس بست وچہارم ایجوکیشنل کانفرنس صفحہ ۱۰۹

قبول کرنے کے اونکی توہین کی گئی اور کوی بات کبھی مطلق نہ سنی گئی بخلاف اسکے علماے دین کے ہمیشہ یہ خواہش رہی کہ شیعہ کانفرنس مین تعلیم یافتہ حضرات شریک ہین اور اپنی راے سے قوم کو فائدہ پہونچاتے ہین انحضرات کو شریک کرنے مین نہایت مشکلین پڑین لیکن شکر ہے کہ کم از کم تین دن جلسہ مین شرکت فرماکر کانفرنس کی عزت افزائی فرما دیتے ہین۔

اگرچہ مناسب مقام یہ تھا کہ مین اون زحمات او ر مشکلات کا ذکر ون جو تین سال مین واقع ہوئین اور یہ بھی ظاہر کردون کہ مرکزی کمیٹی اور سکرٹری کے ساتھ کیا برتاو کیا گیا۔ لیکن ایسا نہو کہ وہ شکایت خیال کیجاے اس لیے اوسے ترک کرکے اتنا کہے بغیر نہین رہ سکتا کہ انھین وجوہ سے ہم ابتک کوئی بڑا کام نہ کر سکے۔

چوتھے اجلاس مین دستور العمل پیش کیا گیا وہ کیونکر پیش ہوا اور قبل پیش ہونے کے کارکنان کانفرنس سے کن کن اشخاص کو اوسکے مضامین کا علم ہوا اسکے بابت حاجت بیان نہین ہے دستور العمل سابق سے بجز مسئلہ صدارت علماء کے اور کوئی اہم بات نہ پائی گئی اور اس مسئلہ نے قوم کو فائدہ پہونچانے کے عوض مین ایسا سخت اختلاف پیدا کیا کہ جو لوگ ایک راے ہوکر قومی ترقی کے لیے کوشش کرنے والے تھے اونکے دو حصے ہوگئے اور ایک پارٹی تعمیم پسند اور دوسری تخصیص پسند کہلانے لگی اس اختلاف کا اثر کانفرنس کے ہر ہر جز پر پڑا اور کیون نہ پڑتا اسواسطے کہ یہ اختلاف جزئیات کانفرنس تک محدود نہ تھا بلکہ کانفرنس کے اصل اصول سے اختلاف تھا اس سے کانفرنس کی زندگی اور اوسکے نشو و نما پر نہایت برا اثر پڑا اور تمام کامون مین دشواریان نظر آنے لگین دونون پارٹیون نے اپنے اپنے خواہشات کے پورا ہونے تک ہمدردی کانفرنس کو بالاے طاق رکھدیا اور کام کرنے والے شش و پنج مین مبتلا ہوگئے۔

ہر صاحب عقل خیال کر سکتا ہے کہ ایسے نازک موقع پر کانفرنس کا قایم رکھنا کسقدر

دشوار تھا بہرحال اجلاس ختم ہونے پر مضامین کی بوچھار شروع ہوئی اور اون سے
جو صدمات علماے دین کے قلوب پر پہونچے اونکو بجز اونکے اور کوئی نہین جان سکتا ادہر تو
مضامین کی کثرت تھی اودہر لوگون نے جابجا جلسے کرکے مرکزی کمیٹی سے مسئلہ مذکور کے
فیصلہ کردینے کی خواہش کی لیکن یہ امر ممکن تھا ناامیدی ہونے پر کچھ زبان درازی بھی تی
ہوی اور دہمکیون کے ساتھ اسکا بھی اظہار کیا گیا کہ اجلاس پنجم مین خاص تعمیم صدارت کی
تائید کے واسطے بکثرت ممبر صرف زر سے پہونچائے جائینگے اگرچہ مین ایسی باتونکو
یقین نہین کرتا کیونکہ کوئی صاحب عقل اور ہمدرد قوم کی آزادروی کو ہرگز ہرگز نہ روکیگا
اور اگر خدانخواستہ ایسا کیا گیا تو یہ بھی بدنصیبی ہے مجھکو بذاتہ تعمیم وتخصیص سے کچھ تعلق
نہین مگر یہ فعل ضرور قابل اعتراض ہے۔ بہرحال ان تمام حالات مین علماے نے
نہایت وقار کے ساتھ کام لیا اور کسی قبیل کی تحریک اسکے متعلق نہین فرمائی اور نہ وہ
اسکو پسند کرتے ہین کہ اس مسئلہ مین اپنے اثر سے کام لین بلکہ اونھون نے اس مسئلہ کو
قوم پر بالکل چھوڑ دیا ہے اسلیئے کہ قوم بفضلہ صاحب عقل وشعور ہے وہ اپنے
نفع وضرر کو بخوبی سمجھ سکتی ہے جو کچھ اپنے واسطے مناسب خیال کرے وہی کرے علماے
دین ہر وقت اپنی تکلیف شرعی کے پابند ہین جب تک اونکو امید ہے کہ آپ اون کے
ہدایات سے فائدہ اوٹھائینگے وہ آپکے ساتھ ساتھ رہینگے جب اونکی امید
مبدل بناامیدی ہوجائیگی وہ بدستور اپنے مرکز ہدایت کیطرف رجوع کرینگے
اور آپکو آپکے حال پر چھوڑ دینگے اونہون نے بمقتضاے انا ھدینه السبیل
اما شاکرا واما کفورا ایک راستہ بتلادیا ہے آپ چاہین اسکو اختیار کرین
خواہ اوس سے کترا کے چلین اونکا کوئی ضرر نہین ہے اگرچہ علما کو تاریک دماغی
اورسفاہت کا معزز خطاب دیدیا گیا ہے اونکی ہر بات قابل مضحکہ خیال کیجاتی ہے
اونپر یہ الزام لگایا جاتا ہے کہ وہ انگریزی تعلیم کو حرام اور انگریزی دان اشخاص کو

کافر کہتے ہیں قوم کو علماء سے مسجد بنانا چاہتے ہیں لیکن باانیہمہ وہ دل سے شیدائے
ہدایت قوم ہیں اور اونکی یہی ہدایت ہے کہ دنیا کے لئے دین کو نہ چھوڑو اور دنیادار
بنکر دین کو نقصان نہ پہونچاؤ جہان تمام قوتیں ڈپٹی کلکٹریان حاصل کرنے کے لئے
صرف ہو رہی ہیں وہان کسیقدر کوشش دین کی ترقی کے واسطے بھی کرو جو کوششیں
ترقی اور بقاے دین کے واسطے کیجاتی ہیں اونمین سنگ راہ نہ ہو اور یہ باتیں قیامت
تک اونسے جدا نہیں ہوسکتیں خواہ زمانہ اونسے پھر ہی کیوں نہ جائے غور کیجئے
کہ جب شیعوں کی زبانسے یہ نکلنے لگا کہ اگر جناب امیر علیہ السلام خلیفہ اول ہوتے تو
دین مدینہ سے باہر نہ نکلتا کیونکہ وہ دنیاوی شخص نہ تھے پس جبکہ معصوم کی نسبت
یہ کلمات نکلیں تو علما کس شمار و قطار میں ہیں بہر حال چونکہ آپ انشاء اللہ ان خیالات
سے بری ہیں اور آپکو بدل اتباع شریعت مقصود ہے لہذا آپکو خود غور کرنا چاہئے
کہ ہمکو کیا کرنا چاہئے اور اپنے زمام ہدایت کن لوگوں کے ہاتھ میں دینا چاہئے۔
اس مسئلہ کو ملتوی کردینے کی یہی مصلحت تھی کہ آپ اسپر بخوبی غور فرمالیتے پس
چونکہ آپ سال بھر غور فرماچکے ہیں آپ نے اپنی جگہ پر پوری رائے قائم کرلی ہے
لہذا آپ عمدہ فیصلہ کرسکتے ہیں اور انشاء اللہ اسی وقت اسکا فیصلہ ہوگا اسکے بعد
مین اون چند امور کو بھی بیان کرونگا جو میری ناقص رائے میں کانفرنس کیلئے مفید ہیں
(۱) پہلا امر یہ ہے کہ آپ کانفرنس کی مالی حالت درست کریں جو فیس ممبران سے
وصول ہوتی ہے وہ ایسی رقم نہیں ہوتی کہ جس سے کوئی کام کیا جائے وہ نہایت
چھوٹی رقم ہوتی ہے جس سے کوئی بڑا کام نہیں ہوسکتا البتہ یہ رقم اوسوقت
کام آسکتی ہے جبکہ ممبر فراہم کرنے اور لوگونکو کانفرنس کا ہمدرد بنانے میں کوشش
کیجائے اور اس کوشش کی یہ صورت ہوتی ہے کہ جب زمانہ کانفرنس قریب آجاتا ہے
تو بعض حضرات خود سے آمادہ ہوتے ہیں اور بعض سے خواہش کی جاتی ہے وہ اپنے

مقامات پر لوگون سے روپیہ وصول کر کے دفتر مین بھیجدیتے ہین یہ حضرات انریری ہوتے ہین انپر کچھ زیادہ اختیار نہین بعض اون ہدایات پر بھی عمل نہین کرتے جو اونکے واسطے تجویز کئے جاتے ہین جن مقامات پر جانے کے لیے ہدایت کیجاتی ہے اوس سے تجاوز کرتے ہین اور نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ایک مقام پر کئی کئی سفیر پہونچ جاتے ہین بعض کو ڈرتے ڈرتے ہم بھی مقرر کر دیتے ہین اور جابجا روانہ کر دیتے ہین اونپر بھی کچھ زیادہ بس نہین ہے کیونکہ وہ بھی انریری ہین جہان جسقدر دل چاہا قیام کیا اور جبوقت چاہا چلدیے بہر حال وہ جو کچھ کرتے ہین بہت شکر گذاری کے قابل ہے لیکن اون کو بجز روپیہ وصول کرنے کے اور کوئی دوسرا کام نہین ہوتا اور اس سے کانفرنس کو زیادہ فائدہ نہین پہونچ سکتا اسلیئے مناسب یہ ہے کہ چند پیڈ سفیر مقرر کئے جائین وہ لوگ قابل اور لائق ہون اونکا کام صرف یہی نہو کہ وہ روپیہ وصول کرین بلکہ کانفرنس کا لوگون کو ہمدرد بنائین انجمن قائم کرائین اسراف سے روکین پابندی مذہب اور شریعت کے رواج دینے مین کوشش کرین یہ لوگ یقیناً ایک کثیر رقم وصول کرین گے اور اپنی ہدایت اور کوشش سے لوگون کے دلون مین کانفرنس کی ایسی ہمدردی پیدا کر دینگے کہ جس سے بہت کچھ فائدہ کی امید ہے۔

مین نے دو سال خود کانفرنس کے لیئے سفر اختیار کیا عجیب و غریب حالات دیکھنے مین آئے مین نے دیکھا کہ بعض جگہ نماز میت پڑھانے والا کوئی نہین نکاح موافق طریقہ آئمہ معصومین نہین ہوتا مسائل ضروریہ صوم و صلواۃ سے لوگ واقف نہین کیا آپ سمجھ سکتے ہین کہ انریری سفیران امور کے دور کرنے مین کوشش کر سکتے ہین کیا ہمپر دین کا کوئی حق باقی نہین کیا دین کو برباد ہو جانے دینا چاہیے اگر دنیاوی فائدہ کے ساتھ دینی کام بھی نکلے تو کیا نقصان ہے مین پانچ برس کے تجربہ کے بعد نہایت زور کے ساتھ عرض کرتا ہون کہ جب تک دو چار آدمی مستقل پیڈ سفیر مقرر

ہون گے ہرگز ہرگز کام نہ چلے گا دفتر کو جو سفیر مقرر کرنے مین جو دشواریان ہوتی ہین وہ قابل بیان نہین ہین جو حضرات انریری طور پر اپنی عنایت سے کام کرتے وہ دادِ قبولیت بھی کرین گے لیکن پیڈ سفیر علاوہ روپیہ وصول کرنے کے وہ کام انجام دین گے جنکے لیئے کانفرنس قائم کی گئی ہے۔

(۲) دوسرا امر یہ ہے کہ جب کوئی رزولیوشن پاس کیا جاتا ہے اور اوس کے انجام دہی کے واسطے کوئی کمیٹی بھی بنائی جاتی ہے تو اوسوقت جلسہ کی تمام تر نظر اسپر ہوتی ہے کہ بڑے بڑے لوگ مقرر کر دیئے جائین اور جو لوگ کام کرنے والے ہین وہ نظرانداز کر دیے جاتے ہین جنکو ایسی کمیٹیوں جو کسی بڑے کام کے انجام دہی کے واسطے مقرر کیجاتی ہین مشکلات پیش آتے ہین بلکہ نہایت مختصر اور معمولی کامون کے واسطے مثل تیاری موریل اور کچھ دیگر مختصر کام اونکے سپرد ہوا وس مین ایسی دشواریان پیش آتی ہین کہ قابل بیان نہین۔

میرا یہ منصب نہین ہے کہ مین اپنی رپورٹ کو شکایات کا دفتر بناؤن ورنہ اکثر واقعات بیان کر سکتا ہون یہ جو عرض کیا اسکی بھی ضرورت تھی ورنہ مین اپنے اوپر الزام آجانیکو کسی کی شکایت سے بہتر جانتا ہون۔

اس لیے جب ایسا موقع ہو تو اگر آپ دس نام آور اور بڑے آدمی مقرر کرین تو چند ایسے چھوٹون پر بھی نظر رکھا کیجئے کہ جو کام کرنے والے ہون۔

(۳) مرکزی کمیٹی مین اجلاس اول کی اجازت سے سو ممبر کئے گئے ہین انھین کچھ انریری بھی ہوتے ہین اور ایک روپیہ فی کس ماہوار فیس مقرر کر دی گئی ہے اور اوس سے دفتر کا خرچ چلا جاتا ہے لیکن افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ یہ روپیہ ماہوار ایک ربع بھی وصول نہین ہوتا ویلو روانہ کئے جاتے ہین اور وہ واپس ہوتے ہین جس سے کانفرنس کو نقصان اوٹھانا پڑتا ہے لیکن اگر ملازمونکی تنخواہین

یہ تقسیم ہونی ڈاک اور دیگر مصارف بند کر دیئے جائیں تو پھر دفتر کجا اور کانفرنس کہاں باقی رہے نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ کانفرنس فنڈ کا روپیہ اوسمین صرف کر دینا پڑتا ہے اور اگر کل روپیہ ماہ بماہ وصول ہو جاوے تب بھی اعلے درجہ پر دفتر کا کام نہ چلے گا مین نے دفتر مین بہت سی اصلاحین کی ہین اور اب کسیقدر بہتر حالت مین ہے مگر کچھ بھی ضرورتین باقی ہین اور یہ ضرورتین کم از کم دو سو روپیہ ماہوار کمیٹی کی آمدنی کر دینے سے رفع ہو سکتی ہین اور اوسکی یہ صورت بہتر ہے کہ کمیٹی مین ڈہائی سو ممبر از بری اور فیس ادا کرنے والے مقرر کئے جائین اسمین کانفرنس کا کوئی ہرج نہین ہے بلکہ انشاء اللہ فائدہ ہو گا۔

(۴) مثل سالگذشتہ اس سال پھر عرض کرونگا کہ متعدد رزولیوشن کا پاس کرنا مفید نہین ہو سکتا تاوقتیکہ وہ عمل مین نہ لائے جائین گذشتہ برسون مین جو رزولیوشن پاس کئے گئے کیا وہ کسی محدود وقت کے لیے مفید سمجھے گئے اور اب وہ وقت گذر گیا لہذا اونکی ضرورت نہین رہی تھی بلکہ وہ ہمیشہ کے لیے مفید سمجھے گئے تھے اور جیسا کہ اوسوقت خیال تھا اور جس خوشی کے ساتھ وہ اوسوقت پاس کئے گئے تھے وہی جوش اسوقت بھی باقی ہے حقیقت مین بعض رزولیوشن ایسے ضروری اور مفید پاس کئے گئے تھے کہ جنکی قوم کو نہایت ضرورت ہے اجلاس اول کا رزولیوشن نمبر ۵ متعلق ڈیونٹی کالج ورزولیوشن نمبر ۷ متعلق زکوۃ وخمس رزولیوشن نمبر ۱۴ ایجنٹ مقرر کرنے رزولیوشن نمبر ۱۱ التصنیف وتالیف واشاعت کتب رزولیوشن نمبر ۲۰ متعلق نصاب تعلیم مدارس عربیہ نمبر ۲۱ اسکے متعلق کا انجمن تعلیم دینیات کا بندوبست کیا جائے۔

اجلاس دوم کا رزولیوشن نمبر ۷ متعلق پرائمری اسکولون نمبر ۱۱ متعلق تعلیم صنعت وحرفت نمبر ۲۳ - بورڈنگ ہاوس نمبر ۲۴ - ۱ - فنج رزولیوشن نمبر ۲۶

متعلق دار الترجمہ نمبر ۸ تعلیمی فنڈ یہ ایسے رزولیوشن پاس ہوئے ہین کہ اگر عمل مین لائے جائین تو اسنے قوم اور مذہب کو کثیر فائدہ ہے وقت زیادہ نہین ہے اور نہ موقع ہے ورنہ مین ان تمام رزولیوشن کے تفصیلی فوائد کا اظہار کرتا بہر حال میری ناچیز راے مین جب تک ان رزولیوشنوں کی تعمیل نہ ہو دوسری تجویزات بالکل خلاف عقل ہین آئندہ آپ حضرات کی جو راے ہو وہی بہتر ہے۔

(۵) اجلاس دوم نے ایک رزولیوشن متعلق شیعہ تاریخ بایمائے دی انریبل جناب راجہ صاحب بہادر محمود آباد پاس کیا تھا بلکہ جہان تک مجھے یاد ہے مسٹر عبد العلی صاحب مرحوم نے فرمایا تھا کہ اس رزولیوشن کے عمل مین لانے کے لیے جناب موصوف ایک لاکھ روپیہ مرحمت فرمائین گے اسی امید پر اسوقت تک نہ صرف مین نے بلکہ نجم العلما جناب مولانا السید نجم الحسن صاحب قبلہ نے بارہا یاددہانی کی اور دفتر سے متعدد تحریرات بھیجے گین لیکن بدقسمتی سے کبھی جواب تک نہ مرحمت ہوا اس سال جناب سید محمد یوسف صاحب کاظمی جوائنٹ سکریٹری کے سپرد کیا گیا اگر اونھون نے اس معاملہ مین کوئی کارروائی کی ہوگی تو وہ بیان فرمائینگے

(۶) اس سال بھی مثل سنین گذشتہ کے ریلوے کنسشن مین کوشش کی گئی اور حسب ہدایت بعض واقف کارون جناب مرزا شجاعت علی بیگ صاحب کانسل جنرل ایران و جناب پرنس غلام محمد شاہ صاحب نے بطریقہ خاص کوشش کی لیکن افسوس کہ کامیابی نہوئی اور وجہ اسکی یہ معلوم ہوتی ہے کہ ریلوے کوئی جدید کانسشن دینا گوارا نہین کرتی بلکہ بہت سی پرانی رعایتین بھی اوسنے بند کردی ہین۔

(۷) اب مین اون اعتراضات کا مختصر جواب عرض کرونگا کہ جو اس سال کئے گئے ہین۔

پہلا اعتراض روداد کے دیر شایع ہونے پر ہے واقعی یہ اعتراض بہت درست ہے
لیکن رپورٹ کی تیاری مین تاخیر محض میری کاہلی سے نہین ہوئی اسکا موقع نہین ہے
کہ مین اپنی محنتون کا ذکر کرون بلکہ واقعہ یہ ہے کہ رپورٹ کئی حصون پر منقسم ہوتی ہے۔
ایک حصہ اوسکا وہ ہوتا ہے جسمین انتظامی امور اور سفیرونکی رپورٹین درج ہوتی ہین
اور اسیکا نتیجہ گویا حصہ سوم ہوتا ہے یعنے سفیرون کے ذریعہ سے جو ممبر فراہم ہوتے ہین
اونکی فہرست ...... مین درج کیجاتی ہے اور حصہ چہارم مین حسابات ہوتے ہین پس
اگر یہ حضرات میری طلب پر اپنی رپورٹ فہرست ممبران اور حساب دیدین تو مین بہت
جلد رپورٹ کو مرتب کر دون یہ ظاہر ہے کہ روداد کی اوسقدر تعداد ہوتی ہے جسقدر
ممبر ہوتے ہین پس تاوقتیکہ ہمکو تعداد ممبران کی نہ معلوم ہو جائے ہم ہرگز رپورٹ کی
تعداد نہین مقرر کر سکتے اور اسیلئے وہ بعض حصص جو ہمارے پاس موجود ہون یا تیار
ہون اونکو بھی پریس مین نہین دے سکتے لیکن جیسا کہ آپکو رپورٹ ادمیر صاحب
سے معلوم ہوا ہوگا سفیرون نے آخر سال تک اپنے حسابات اور فہرستین داخل
دفتر نہین کین اس سے ایک تو بہت بڑا نقصان یہ ہوا کہ رپورٹ دیر مین شایع
ہوئی دوسرے ان حضرات سے تقاضا کرنے مین سیکڑون خطوط کے بھیجنے کی نوبت
آتی ہے اسمین علاوہ دفتر کے فضول وقت ضائع ہونے کے کانفرنس کا باقی
نقصان بھی ہوتا ہے چونکہ یہ حضرات انریری ہوتے ہین اسلیئے انپر بجز اخلاقی دباؤن
اور کوئی دوسرا دباؤ نہین ہو سکتا اس سال اول تو ممبرون کی فہرستین دیر مین ملین
دوسرے سید وقار حسین صاحب نے اجلاس کی کارروائی شارٹ ہینڈ مین تحریر
فرمائی تھی اور یہ وعدہ کیا تھا کہ انشاءاللہ ایکماہ مین صاف کرکے حوالہ کرونگا
لیکن ایکسال گذر گیا اور اونھون نے اوسکو نہ دیا پھر آپ بتلائے کہ مین کارروائی
کیونکر شایع کرتا جو کچھ کیا گیا وہ بالکل نامکمل ہے جیسا کہ مین نے آخر مین اظہار کر دیا ہے

(۸) انتخاب پریسیڈنٹ - اسمین کیون تاخیر ہوئی اسکے اسباب ناگفتہ بہ ہین اونکو بیان کرنے کے لیے تیار نہین ہون اور نہ ضرورت ہے کہ وہ امور جلسہ عام مین بیان کئے جائین -

مرکزی کمیٹی کی کارروایان

بعد ختم اجلاس چہارم اور قبل اجلاس سالانہ مرکزی کمیٹی صرف چہہ اجلاس مرکزی کمیٹی نے کئے جسمین ایک کمیٹی بسبب کورم پورا نہ ہونے کے ملتوی ہوی اور باقی کمیٹیون نے جو کچہ کارروای کی وہ بہایت اختصار کے ساتہ ذیل مین درج کیجاتی ہے
جلسہ اول مرکزی کمیٹی ۲۰ - نومبر ۱۹۱۱ء دفتر کانفرنس مین منعقد ہوا اس کمیٹی نے وظایف طلبہ کیطرف توجہ کی اور سرمایہ موجودہ مین ؎ عربی طلبہ کو اور ؎ انگریزی طلبہ کے واسطے مقرر کردیے لیکن چونکہ سرمایہ کم تھا اسلیئے صرف انٹرنس کلاس تک وظایف کا دیا جانا منظور ہوا اور یہ شرط منظور کی گئی کہ جو طالب علم دینیات حاصل کرے گا اوسیکو وظیفہ دیا جائے گا یہ وظایف ہندوستان کے جملہ صوبون کے واسطے مقرر ہوے اور یہ بھی تجویز ہوا کہ اگر تاریخ اعلان سے تین ماہ تک کسی صوبہ سے درخواست نہ آوے تو دوسرے طالبعلم پر یہ وظیفہ صرف کردیا جاے تقسیم وظایف کے لیئے کچہ قواعد مرتب کرنے کی ضرورت تہی اسلیئے ایک مختصر کمیٹی پانچ صاحبونکی بنائی گئی اور تجویز ہوا کہ دو ہفتہ مین قواعد مرتب ہو کر کمیٹی کے روبرو پیش ہوجائین اس سال کے واسطے دارالترجمہ اور بورڈنگ ہاوس کا کام معین کیا گیا اور ہر دو صیغون کے سکریٹری صاحبان سے خواہش کی گئی کہ وہ اپنا کام شروع فرماکر کمیٹی کو شکر گذار کرین -
کچہ عرصہ قبل سے سید فصیح الغمر طالب علم جو اپنی تحقیق سے ہمارے مذہب مین

داخل ہوے تھے کانفرنس کیطرف سے اس طرح وظیفہ پاتے تھے کہ مین کچھ لوگوں نے
ماہوار انتظام کرتا تھا لیکن یہ طریقہ نہایت تکلیف دہ تھا اور ہر ماہ مین رقم وظیفہ
وصول نہ ہوتی تھی اور اسوجہ سے طالب علم کو تکلیف اور مجکو زحمت ہوتی تھی لہذا
کمیٹی نے کانفرنس کے سرمایہ سے آٹھ روپیہ ماہوار وظیفہ مقرر کردیا اسکے علاوہ
جناب شیخ یوسف حسین خانصاحب بارسٹر ایٹ لا نے بھی طالب علم کے اکثر ضروریات
فراہم کردینے مین مدد دی بہرحال یہ طالب علم حسین آباد ہائے اسکول کے ساتوین
درجہ مین بہ نگرانی جناب مرزا حبیب حسین صاحب بی۔اے ہیڈ ماسٹر تعلیم پاتا ہے
اور دینیات بھی حاصل کرتا ہے۔

جلسہ چہارم ختم ہونے پر بعض حضرات نے جلسے کرکے صدارت کے متعلق رزولیوشن
پاس کئے تھے کہین سے یہ خواہش کی گئی تھی کہ کمیٹی صدارت مین تخصیص علما
رکھے اور بعض نے تعمیم کی خواہش کی تھی لہذا کمیٹی نے تجویز کیا کہ چونکہ کانفرنس مین
یہ مسئلہ پیش ہوکر ملتوی ہوگیا ہے لہذا کمیٹی کو کوئی اختیار اسکے فیصلہ کا نہین ہے۔
اسی جلسہ نے درخواست انجمن تہذیب الاخلاق بنارس دربارہ دعوت اجلاس پنجم
جسکو سکریٹری صاحب انجمن نے خود آکر پیش کیا تھا منظور کی اور جناب مولانا
السید علی جواد صاحب قبلہ اور دیگر مومنین بنارس کا شکریہ ادا کیا۔

جلسہ ثانی منعقدہ ۱۸ دسمبر ۱۹۱۰ء

چونکہ تاریخ تاجپوشی اعلیحضرت ملک معظم قیصر ہندوستان زمانہ محرم مین مقرر ہوئی تھین
لہذا ۱۸ دسمبر کو خاص جلسہ اس غرض سے طلب کیا گیا کہ وہ تبدیل تاریخ کی
استدعا کرے مگر چونکہ قبل انعقاد جلسہ تاریخ تبدیل ہوگئی تھین لہذا ایک تار شکریہ حضور
وائسرائے کی خدمت مین بھیجا گیا۔

اجلاس سوم ۲۹ و ۳۰ جنوری ۱۹۱۱ء

اس کمیٹی نے تجویز کیا کہ ایک کمیٹی کی کارروائی آئندہ کمیٹی کے نوٹس کے ساتھ ممبران کیخدمت مین بھیجی جایا کرے۔

اسی کمیٹی نے جناب مرزا وزیر حسن صاحب بی۔اے سینئر اڈیٹر لوکل فنڈ اکونٹ مقرر کیا اور جلسہ پنجم کی تواریخ ۳۰ ستمبر لغایت ۲۔ اکتوبر مقرر کر کے انجمن تہذیب الاخلاق کو وہی اختیارات دیے جو اجلاس چہارم کے واسطے انجمن انتظامیہ امروہہ کو دیئے گئے تھے۔

انجمن تہذیب الاخلاق کو صرف پنڈال مع متعلقات اندرون یعنے کرسیان اور تیاری ڈیس و روشنی و فرش وغیرہ دیا جانا منظور کیا گیا اور تجویز ہوا کہ انتظام طعام انجمن خود کرے اور حسب رائے انجمن فیس طعام مہمانون سے وصول کیجائے۔

تجویز ہوا کہ دستور العمل قدیم و جدید طبع ہو کر تقسیم کیا جائے۔

رزولیوشن نمبر ۱۱۔ اجلاس اول کی عملی صورت یہ تجویز کی گئی کہ انجمن دار التالیف کانفرنس کے متعلق سمجھی جائے۔

سکرٹری کو سفیر مقرر کرنے کا اختیار دیا گیا۔

جناب سید محسن مرزا صاحب کا استعفا منظور کیا گیا نمبر ۴ مین تغیر و تبدل ہوا انجمن مبشر الایمان ماتحت تجویز کی گئی باقی امور مندرجہ نوٹس بسبب ضیق وقت کے پیش نہو سکے

اجلاس چہارم ۲۶ فروری ۱۹۱۱ء

بسبب کورم پورا نہ ہونے کے ملتوی کیا گیا۔

۲۷ فروری ۱۹۱۱ء

دوسرے روز کمیٹی نے پھر نشست کی اور جناب سید سلطان رضا صاحب عقیل کا وہ خط جسمین اونھون نے تحریر فرمایا تھا کہ اجلاس پنجم کانفرنس بجائے بنارس کے دہلی مین منعقد کیا جائے پیش ہوی کمیٹی نے جناب ممدوح کی ہمدردی کا شکریہ ادا کیا اور تجویز سابق کو منسوخ کرنے سے معذوری کا اظہار کیا۔

اسی کمیٹی کے روبرو قواعد وظائف منظوری کے واسطے پیش ہوئے۔

(۱) جملہ طلبہ پر جو شیعہ کانفرنس سے وظیفہ پا ئینگے دینیات کی تحصیل لازمی ہوگی اور تعلیم دینیات اوس نصاب کے موافق ہوگی جو مرکزی کمیٹی تجویز کریگی۔

(۲) ایسے ہر طالب علم کو جو کسی درجہ کا وظیفہ لینا چاہے اوسکے درجہ ماسبق کے دینیات کی واقفیت کا ثبوت یا سند پیش کرنی چاہیے۔

(۳) جس جگہ انتظام دینیات نہ ہو وہان کے طالب علم کو ایسی جگہ جانا چاہیے جہان یہ انتظام قابل اطمینان ہو۔

(۴) قابل اطمینان انتظام اوسوقت سمجھا جائے گا جہان پر کوئی شخص تعلیم دینیات کا ذمہ دار ہو۔

(۵) ہر ماہ کا وظیفہ اوسوقت دیا جائے گا جبکہ دفتر کانفرنس مین اس امر کی تصدیق پہونچ جائے گی کہ طالب علم نے اس ماہ مین قابل اطمینان کام کیا۔

(۶) ہر طالب علم کو پابندی صوم وصلوۃ و دیگر فرائض مذہبی لازم ہوگی۔

(۷) اگر طالب علم توجہ نہ کرے یا ایسے خیالات کا اظہار کرے جو مخالف شریعت ہون یا مذہب وعلمائے مذہب کا استخفاف و توہین کرے تو اوسکا وظیفہ بند کردیا جائیگا

(۸) ہر صوبہ کے لیے وظایف ہون گے اور تقسیم اوسکی حسب رائے مرکزی کمیٹی ہوگی

(۹) بذریعہ اخبارات اعلان کیا جائے گا اور درخواستین کمیٹی کے روبرو انتخاب کے لئے پیش ہونگی۔

(۱۰) اگر تاریخ اعلان سے تین ماہ تک کسی صوبہ سے درخواست نہ آوے تو وہ رقم دوسرے طالب علم پر صرف کیجاے گی۔

(۱۱) وظیفہ کی تقسیم حسب ذیل ہوگی ــ انگریزی طلبہ کے واسطے۔

(۱) درجہ چہارم تا ششم	پانچ سال	سے ر ماہوار
(۲) درجہ ہفتم تا دہم	دو سال	آٹھ روپیہ ماہوار
(۳) ایف اے	دو سال	دس روپیہ
(۴) بی اے	دو سال	بارہ روپیہ ماہوار
(۵) ایم اے	دو سال	پندرہ روپیہ ماہوار

عربی خوان طلبہ کیواسطے کتب ذیل یا مثل انکے پڑھنے والونکو وظیفہ دیا جائیگا

سال اول ــ شرح قطر ــ قال اقول ــ شرح تہذیب ــ شرح باب حادی عشر جمہرہ ــ حل الحساب دوم

سال دوم ــ سیوطی ــ دروس البلاغہ ــ قطبی ــ جامع الاخبار الفاظ الکتابیہ ــ حل الحساب حصہ چہارم ــ شرایع الاسلام

دو سال تین روپیہ ماہوار

سال سوم ــ مختصر معانی ــ ملامبین ــ شرح فصول ــ خلاصۃ الحساب حصہ چہارم اقلیدس مقالہ اول ــ شرایع الاسلام

سال چہارم ــ شرح تجرید ــ مقامات حریری ــ اقلیدس مقالہ دوم شرایع الاسلام

دو سال چار روپیہ ماہوار

سال پنجم ــ معالم ــ تشریح ــ شرح تجرید حماسہ ــ

شرایع الاسلام مختلف مقامات
ایک سال چھ روپیہ ماہوار
درجہ اعلے محض دینیات پانچ سال

الف دو سال ۔ آٹھ روپیہ ماہوار
ب تین سال ۔ دس روپیہ ماہوار

کتب ذیل دو سال ۔ مغنی اللبیب ۔ مطول ۔ حمد اللہ ۔ صدرہ شرح چغمنی ۔ نہج البلاغہ ۔ ارشاد الطالبین شرح لمعہ ۔ قوانین ۔

کتب ذیل تین سال ۔ قاضی ۔ تجرید علامہ توشجی ۔ شرح کبیر ۔ فصول احقاق الحق ۔ مکاسب ۔ رسائل اربعہ

اس کمیٹی نے دینیات کا نصاب ثانی کے لیے ذیل کی ایک کمیٹی تجویز کی جسکے ممبر یہ ہیں ۔

کمیٹی نصاب تعلیم دینیات

(۱) جناب مولانا السید ابوالحسن صاحب قبلہ لکھنؤ (۲) جناب مولانا السید نجم الحسن صاحب قبلہ لکھنؤ (۳) جناب مولانا السید ناصر حسین صاحب قبلہ لکھنؤ (۴) جناب مولانا السید باقر صاحب قبلہ لکھنؤ (۵) جناب مولانا السید ظہور حسن صاحب قبلہ لکھنؤ (۶) جناب مولانا السید ہادی صاحب قبلہ لکھنؤ (۷) جناب مولانا السید مبارک علے صاحب قبلہ لکھنؤ (۸) جناب پروفیسر مرزا محمد ہادی صاحب بی ۔ اے لکھنؤ (۹) جناب مرزا حبیب حسین صاحب بی ۔ اے لکھنؤ (۱۰) جناب شیخ مہدی حسن صاحب ناصری انڈر گریجویٹ لکھنؤ (۱۱) جناب مولانا السید آقا حسن صاحب قبلہ لکھنؤ

(١٢) جناب مولانا السید محمد حسین صاحب قبلہ لکھنو (١٣) جناب مولانا السید احمد صاحب قبلہ لکھنو (١٤) جناب مولانا السید سبط حسن صاحب قبلہ صدر الافاضل لکھنو

اسی کمیٹی نے اون حضرات کی درخواستین منظور کین جنہون نے انزیری سفارت چاہی تہی ۱۳ مارچ ۱۹۱۱ء کو کمیٹی نصاب نے نشست کی اور اس کمیٹی سے ذیل کے حضرات کا اضافہ کیا۔

(١) جناب مولانا السید غلام حسنین صاحب قبلہ کنتوری (٢) جناب خواجہ غلام الحسنین صاحب پانی پتی (٣) جناب مولوی سید احمد علے صاحب بی۔اے (٤) جناب مولانا السید فرمان علے صاحب قبلہ ممتاز الافاضل (٥) جناب شیخ فدا حسین صاحب پروفیسر عربی علیگدہ کالج

اور یہ بھی تجویز کیا کہ سکرٹری نے جو تین ہزار روپیہ مصارف نصاب دینیات کے لیے تجویز کئے ہین وہ بہت کم ہین یہ کمیٹی کم از کم پانچہزار روپیہ تجویز کرتی ہے

سالانہ کمیٹی ١٤-١٥-١٦-اپریل ١٩١١ء

اسکے بعد حسب معمول سالانہ جلسہ مرکزی کمیٹی کا ہونا ضرور تہا اور اوس سے قبل حساب کانفرنس کی جانچ لازمی تہی لہذا حسب تجویز کمیٹی مرزا وزیر حسن صاحب بی۔اے سینیر اڈیٹر لوکل فنڈ کونٹ نے اول نہایت محنت سے حساب کانفرنس کی جانچ کی جنکی رپورٹ روداد اجلاس چہارم کے ساتھ شایع ہو چکی ہے یہان پر اوسکے اعادہ کی ضرورت نہین ہے۔

کمیٹی کے روبرو وہ تمام درخواستین طلبہ کی جو اوسوقت تک وصول ہوئی تہین پیش کردیگئین کمیٹی نے چند امور متعلق طلبہ اور نیز تجویز کیے۔

اول یہ کہ اگر کسی صوبہ سے معتبر تصدیق کے ساتھ ایک ہی درخواست آوے تو اوسکو

اوسط درجہ کے موافق وظیفہ دیدیا جاے اور اگر متعدد درخواستین ہون تو وجوہ ترجیح دیکھی جائین اور مساوات کی حالت مین قرعہ اندازی کیجائے۔

دوم یہ کہ اگر ایک ہی ضلع سے کئی درخواستین ہون تو اول مذکورہ بالا طریق پر باہم قرعہ اندازی کیجاے اور ایک طالب علم لیکر صوبہ کے دوسرے طلبہ کے ساتھ انتخاب کیا جاے۔

سوم یہ کہ۔ سرمایہ موجودہ کے لحاظ سے اعلے تعلیم کے واسطے اسطرح پر مقرر کیا گیا کہ منجملہ رقم مذکورہ کے للعہ انگریزی طلبہ کو اور للعہ عربی طلبہ کو دیا جاے۔

چہارم یہ کہ تاوقتیکہ کمیٹی نصاب تعلیم تیار کرے حسب ذیل کتب طلبہ پڑہین۔

درجہ چہارم کے لیے۔	درجہ پنجم۔	درجہ ششم	درجہ ہفتم
دینیات کی پہلی کتاب۔	بعد محمد فارسی	حسن اعتقاد	تصحیح الاعمال

درجہ ہشتم۔ درجہ نہم الصافی منہج الرشاد نصف اول۔ درجہ دہم سوانح ایمان منہج الرشاد نصف آخر ہدیہ رضویہ

۱۵- اپریل سنہ ۱۹۱۱ء

اس کمیٹی نے تجویز کیا کہ طلبہ کے لئے قبل ۱۴ مئی سنہ ۱۱ء دوبارہ نوٹس شائع کیا جائے کہ وہ زمانہ معینہ مین اپنی درخواستین دفتر ہذا مین بھیجدین چنانچہ ایساہی کیا گیا۔

ہمیشہ حضرات نہایت تاخیر کے ساتھ اپنی تجویزات جلسہ مین پیش کرنے کے لیے بھیجا کرتے ہین اسلیے تجویز کیا گیا کہ آخر جولای سنہ ۱۹۱۱ء تک تجویزات آنی چاہئین ورنہ انکا پیش کیا جانا لازم نہ ہوگا۔

نصاب تعلیم دینیات کا مسئلہ چونکہ عرصہ سے زیر بحث تھا اسلیے نصاب کی نوعیت کے باب مین تجویز کیا گیا کہ ایسی کتابین تالیف کیجائین جو علوم جدیدہ کے منافی مذہب اثر سے محفوظ رکھ سکین اور ایسی تالیف کے لیے ماہران علوم جدیدہ منتخب کیے جائین جو بمشورہ ماہران علوم دینیہ کام کرین اور فلسفہ جدیدہ کے مقابلہ کے لیے علم کلام کی جدید کتابین تالیف کرین اور ایسی کتابین علوم جدیدہ و قدیمہ کی فراہم کردی جائین جنکی استحکام کے لیے ضرورت ہے۔

جو مقدار پانچہزار روپیہ کی کام کے لیے کمیٹی نے تجویز کی تھی اوسمین اختلاف تھا لہذا کمیٹی نے تجویز کیا کہ جناب مرزا حبیب حسین صاحب بی۔اے اور جناب پروفیسر مرزا محمد ہادی صاحب بی۔اے مقدار مصارف معین فرمائین اور اونکی تجویزات اسی رویداد کے ساتھ شایع کردی جائے چنانچہ ان حضرات کو لکھا گیا اور اونہون نے جو رائے بھیجی وہ درج ذیل ہین۔

جناب مرزا حبیب حسین صاحب بی اے۔ ایک تفصیلی تخمینہ اوس رقم مجوزہ کمیٹی نصاب تعلیم کا جسپر کمیٹی نے بہت غور وخوض بحث و مباحثہ کرلیا ہے حضرات معترضین کے روبرو پیش کرنا چاہیے جو رقم رزولیوشن نمبر ۷ کو (معہ جملہ شرایط کے) عملی صورت مین لانے کے لیے بعد تجربہ کے عجب نہین کہ بجائے زاید خیال کیجانیکے ناکافی ثابت ہو۔

مرزا حبیب حسین جناب مرزا محمد ہادی صاحب بی۔اے۔ جناب من۔ تسلیم بجواب رزولیوشن متعلق نصاب تعلیم ۲۱۔اپریل ۱۹۱۶ء اپنی رائے عرض کرتا ہون میری رائے مین یہ تعداد پانچہزار روپیہ کی بھی کم ہے دس ہزار ہونا چاہیے جو حضرات پانچہزار کی تعداد کو زاید بتاتے ہین اونکی عالی ہمتی اور ناواقفیت کا اظہار ہے اور صرف اس روپیہ سے کام نہین چل سکتا بلکہ چند صاحب جو علوم قدیمہ وجدیدہ سے ماہر ہین جو کچھ ایثار نفس فرماوین اور جو کچھ کانفرنس اون کا یار

اپنے ذمہ لے اوسوقت یہ کام انجام کو پہونچ سکتا ہے اور اسکا اسکیم نہایت ہوشیاری اور صرف وقت سے تیار کیا جاے کہ ہمکو کس قسم کی تالیفات کی ضرورت ہے اور اور بعض کتب بھی مہیا ہون اور اوسکے لیے بعض محررون اور مددگارونکی ضرورت ہوگی خلاصہ یہ کہ ایک عارضی دفتر چندروزہ قایم کرکے نظم خاص کے ساتھ کام ہوگا صرف زبانی دعوے اور فرمایشونسے کام نہین چل سکتا۔ ہادی ۴ اپریل سنہ ۱۹۱۱ء جب اسطرف سے اطمینان ہوا تو روپیہ فراہم کرنے کی یہ فکر کی گئی کہ یہ رقم کچھ ایسی زیادہ نہین ہے کہ جسکے لیے عام طور سے اپیل کیجاے لہذا ذیل کا ایک خط جناب مولانا السید نجم الحسن صاحب قبلہ نے بنام حضرات روساء ذیل تحریر فرمایا۔

بعد تحیہ سلام باکرام واحترام کے خدمت عالی مین عرض یہ ہے کہ مسال اجلاس چہارم شیعہ کانفرنس مین تعلیمی فنڈ کچھ فراہم ہوا ہے اور یہ فنڈ کا بقیہ ملکر ایک مقدار لایق عطاے وظایف ہوگئی وظایف کی دو صنفین کی گئین عربی خوان طلاب کے لیے اور انگریزی خوان طلاب کے لیے اور یہ شرط لازم کردی گئی کہ بغیر تعلیم دینیات کسیکو وظیفہ نہ دیا جاے گا اسلیے لازم ہوا کہ انگریزی درجات کے لیے نصاب دینیات مرتب کیا جاوے چنانچہ مرکزی کمیٹی مین یہ امر پاس ہوگیا اور اوسکے لیے ایک خاص کمیٹی بھی منتخب ہوگئی لیکن نصاب کا کام کوئی آسان کام نہین ہے نہایت سخت مرحلہ ہے بشرطیکہ وہ نصاب اعلےٰ درجہ کا ہو اور اون مقاصد کا جو انگریزی تعلیم سے دین ومذہب کے متعلق بدقسمتی سے پیدا ہوگئے ہین مصلح تام قرار دیا جاے لہذا مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اس مطلب کی زیادہ توضیح کیجاے۔

یہ نصاب دینیات ابتدائی درجات سے انٹرنس اور ایف اے بی۔ اے

اور ایم اے کلاس کے لیئے بھی ہو گا۔

ابتدائے درجات کے لیئے نصاب کا بنانا چندان دشوار نہین اور نہ اوسکی اہمیت زیادہ ہے کہ اسلیئے انٹرنس تک جو تعلیم ہے اوسمین ایسی چیزین بہت کم ہین یا بالکل نہین ہین جنکا خراب اثر عقائد مذہبی پر پڑے ہان یہ ضرورت ہے کہ ایسی کتابین تجویز کیجائین جنمین عقاید حقہ بغیر دلیل اور بہر مناسب دلیل کے ساتھہ مذکور ہون اور اخلاق شرعیہ اور مسائل فقہیہ اور سیرت نبی وال اطہار علیہم السلام صاف الفاظ اور بامحاورہ سلیس زبان مین لکہے جاوین اور ایسی کتابین اچہی بہی کم دستیاب ہوتی ہین۔

انکے بعد جو درجات ہین اونکا نصاب دینیات مرحلہ عظیم ہے اسلیئے کہ ان درجات مین فلسفہ جدید اور سائنس اور ہیئت جدید وغیرہ ایسے علوم بہی پڑہائے جاتے ہین جس سے مذہبی عقائد یا عملی مسائل کے خلاف امور ظاہر ہوتے ہین اور پڑہنے والے اپنے معتقدات مین ایسے متزلزل ہو جاتے ہین کہ اونکی نظر مین مذہب ایک قصہ کہانی رہجاتا ہے پہر چونکہ استاد اسکی اصلاح نہین کرتے بلکہ اصلاح نہین کر سکتے اور نہ اونکے پیش نظر ایسی کتابین ہوتی ہین جوان شبہات کا ازالہ کرین اسلیئے وہ شبہات رفتہ رفتہ رائج ہو جاتے ہین فلسفہ قدیم کے مضرتون کے دور کرنے کے لیے علماے اسلام نے جو جو محنتین اوٹہائین اور انتہا درجہ کی جانفشانی اور عرق ریزی کر کے بلکہ خون جگر کہا کر علم کلام مدون کیا جسکا اثر یہ ہے کہ عربی طلبہ کتب فلسفہ پڑہتے ہین اور کتب کلامیہ ساتھہ ساتھہ درس مین داخل رہتے ہین مگر کچھہ ضرر اونہین نہین پہونچتا اسی طرح اب ضرورت ہے کہ فلسفہ جدید کے مقابل مین علم کلام بنایا جاے اور کامل طور پر اس سیلاب کے لیئے مستحکم دیوار قایم کر دی جاے نصاب

دینیات مین ایسی کتابین شامل ہونگی اور معمولی کتابین اعتقادات کی انگریزی
طلبہ کے لیے کافی نہین ہوسکتین پہر ایسی کتابون کا تصنیف کرنا آسان کام نہین ہے
اور کوئی شخص مہیا نہین معلوم ہوتا کہ اوسکا متکفل ہو سکے اسکے لیے لایق لایق
حضرات عربی خوان اور انگریزی دان منتخب ہونگے جو پورا وقت اپنا صرف کر کے
اس مرحلہ کو طے کرین ایسے حضرات کو دیگر اشغال سے فارغ کر دینا اور اونکی
ضروریات کی فکر سے سبکدوش کرنا لازم ہوگا جس کے لیے ایک مقدار
معتد بہ کی ضرورت ہوگی۔

غور کے بعد پانچہزار روپیہ کی مقدار کم از کم تجویز کی گئی ہے جو ایسے حضرات کی
تنخواہون اور خرید کتب مین صرف کیا جائے گا۔

بنابراین حضرات عمایدسے استدعا ہے کہ وہ ایسے موقع پر ہمت فرمادین اور کانفرنس
کو اس نصاب کے بنانے کے لیے مناسب مقدار عطا کرین اسی بنا پر جناب والا
کو زحمت دی گئی کہ آپ بہی اسمین اعانت فرمائین۔

یہ خط۔ بنام آنریبل جناب راجہ صاحب بہادر محمود آباد۔ جناب آنریبل نواب
فتح علے خان صاحب بہادر لاہور۔ جناب راجہ سید ابو جعفر صاحب اکبرپور جناب
راجہ توکل حسین صاحب اکبرپور جناب راجہ محمد مہدی علے خانصاحب بہادر حسن پور
جناب راجہ ابوالحسن خانصاحب بلہرہ۔ جناب بادشاہ نواب صاحب پٹنہ
جناب سید مظفر علے خان صاحب جانسٹہ کیخدمت مین روانہ کیا گیا بعض حضرات
نے تو اس مہتم بالشان تجویز کو ایسا خفیف خیال فرمایا کہ جواب خط بہی عنایت نفرمایا
لیکن جناب راجہ توکل حسین خان صاحب نے ایک سو روپیہ کی رقم فرمانیکا وعدہ فرمایا۔
جناب راجہ صاحب محمود آباد نے پہلے خط مین تحریر فرمایا کہ نصاب تعلیم عام اس سے
کہ شیعہ کانفرنس کا ہووے یا مسلم یونیورسٹی ایک ہی ہوگا اسلیے مجہے چاہیے کہ اوس مناسب

تخمینہ کی منظوری کے لیے جواب تحریر کرین تاکہ سنٹرل کمیٹی سے سفارش کرون دوسرے خط مین تحریر فرماتے ہین کہ میری آخری اور قطعی رائے ہے کہ تا اختتام کارروائی تیاری نصاب تعلیم مذہبی مسلم یونیورسٹی شیعہ کانفرنس کے نام سے ترتیب نصاب تعلیم ملتوی ہونا چاہیے۔

جناب نواب فتح علے خان صاحب بالقابہ نے جو کچھ تحریر فرمایا اوسکا خلاصہ یہ ہے کہ یہ امر ابھی قریب ناممکن ہے لیکن فارغ التحصیل علما کی جماعت کو انگریزی تعلیم دینی چاہیے اوسکے بعد نہ تو صرف کثیر ہو گا اور نہ کوئی دشواری ہوگی بادشاہ نواب صاحب نے ایسے معاملات مین شرکت سے قطعی انکار فرمایا۔

جب اہل دولت سے بالکل ناامیدی ہوئی تو مین نے ایک اپیل بذریعہ اخبارات مومنین کے روبرو پیش کی چونکہ عام طور سے اخبار بینی کا شوق پیدا نہین ہوا ہے اسلیے اسمین بھی کامیابی نہوئی اور ان تمام حالات پر نظر کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اسکے واسطے خاص کوشش کی ضرورت ہوگی اور کوشش ضرور کیجائے گی اسلیے کہ یہ معمولی کام نہین ہے بلکہ اسکی اہمیت ظاہر ہے اور ہر فرد کو اسکی طرف توجہ کرنی چاہیئے جناب سید نظیر الحسن صاحب رئیس صاحبن ضلع متھرا کا شکرگذار ہون جنھون نے محض نوٹس کمیٹی مین اس امر کو ملاحظہ فرما کر اسکی اعانت کا وعدہ فرمایا۔

ابھی سالانہ کمیٹی نے عہدہ داران وممبران مرکزی کمیٹی کا انتخاب فرمایا جس کی فہرست ذیل مین درج کیجاتی ہے۔

فہر عہدہ داران ممبران مرکزی کمیٹی

۱-جناب مولانا سید آقا حسن صاحب قبلہ پریزیڈنٹ ۲-جناب انریبل نواب فتح علےخانصاحب بہادر قزلباش سی ایس آئی لاہور وائس پریزیڈنٹ اول

۳- جناب سید آغا حسین صاحب بیرسٹرایٹ لا لکھنؤ وائس پریزیڈنٹ دوم۔
۴- جناب مولوی سید علی غضنفر صاحب انریری سکرٹری کانفرنس۔
۵- جناب سید مظفر علی خان صاحب جائنٹ سکرٹری پیسہ فنڈ۔
۶- جناب شیخ یوسف حسین خانصاحب بیرسٹرایٹ لا سکرٹری بورڈنگ ہاؤس۔
۷- جناب نواب مرتضیٰ حسین خان صاحب سکرٹری اوقاف۔
۸- جناب پروفیسر مرزا محمد ہادی صاحب بی۔ اے سکرٹری دارالترجمہ۔
۹- جناب بابو سید احمد حسین صاحب جائنٹ سکرٹری کانفرنس۔
۱۰- جناب سید محمد یوسف صاحب کاظمی جائنٹ سکرٹری۔
۱۱- جناب نواب سید محمد زکی علی خان صاحب جائنٹ سکرٹری۔

ممبران مرکزی کمیٹی

۱- جناب مولانا سید ناصر حسین صاحب قبلہ لکھنؤ ۲- جناب بابو سید احمد حسین صاحب بجنور۔
۳- جناب سید علی نظیر خانصاحب جونپور۔ ۴- جناب حکیم مرزا محمد مہدی صاحب لکھنؤ۔
۵- جناب شہزادہ غلام محمد شاہ صاحب کلکتہ۔ ۶- جناب محمد رضا ابو سفین صاحب بدایوں۔
۷- جناب مرزا بہادر محمد جعفر صاحب لکھنؤ۔ ۸- جناب مرزا محمد عسکری صاحب لکھنؤ۔
۹- جناب نواب ابرار علی خان صاحب شیخپورہ مونگیر۔
۱۰- جناب نواب سید شہنشاہ حسین صاحب بی اے لکھنؤ۔
۱۱- جناب سید محمد عابد رضا صاحب آگرہ۔ ۱۲- جناب مولانا سید آقا حسن صاحب قبلہ لکھنؤ
۱۳- جناب مولانا سید نجم الحسن صاحب قبلہ لکھنؤ ۱۴- جناب مولوی سید اعجاز حسین صاحب قبلہ امروہہ
۱۵- جناب مولوی سید محمد حسین صاحب فیض آباد۔ ۱۶- جناب مولوی سید سبط حسن صاحب قبلہ لکھنؤ
۱۷- جناب سید محمد صاحب مرادآباد۔ ۱۸- جناب سید آغا حسین صاحب بیرسٹر لکھنؤ۔

۱۹- جناب سید عبد اللہ صاحب آگرہ- ۲۰ جناب سید وزیر حسن صاحب بی-اے لکھنؤ
۲۱- جناب سید عابد حسین صاحب بیرسٹر بمبئی ۲۲- جناب مرزا منعم بخت بہادر بیرسٹر بہرائچ
۲۳- جناب سید معوض حسین صاحب بی-اے کانپور ۲۴- جناب شہزادہ مسعود قدر بہادر رامپور
۲۵- جناب شیخ یوسف حسین خانصاحب بیرسٹر لکھنؤ- ۲۶ جناب سید انوار الحسن صاحب بنارس-
۲۷- جناب شہزادہ حیدر مرزا صاحب لکھنؤ- ۲۸- جناب شیخ محمد حسین صاحب گونڈہ-
۲۹- جناب نواب مرتضے حسین خانصاحب لکھنؤ- ۳۰- جناب منشی تعشق مرزا صاحب بی اے لکھنؤ
۳۱- جناب سید غلام جبار صاحب حیدرآباد- ۳۲- جناب نواب فتح علیخانصاحب سی اے ائی لاہور-
۳۳- جناب شہزادہ سید صاحب لکھنؤ- ۳۴- نواب سید محمد زکی علے خانصاحب لکھنؤ-
۳۵- جناب نصیر الممالک مرزا شجاعت علے خان صاحب بہادر کلکتہ-
۳۶- جناب منشی سید مقبول حسین صاحب مولوی گنج ۳۷ جناب شہزادہ مرزا ہمایون قدر بہادر لکھنؤ-
۳۸- جناب سید مظفر علیخانصاحب جانسٹہ- ۳۹ جناب نواب سید امیر علے خانصاحب کانپور-
۴۰- جناب سید توکل حسین صاحب اکبرپور- ۴۱ جناب نواب آغا مرزا محمد جعفر حسین صاحب لکھنؤ
۴۲- جناب مفتی سید محمد باقر صاحب جونپور- ۴۳ جناب چودہری نظیر الحسن صاحب مہابن-
۴۴- جناب حکیم سید فضل علے صاحب لکھنؤ- ۴۵ جناب سید نواب علے صاحب سندیلوی مرادآباد
۴۶ جناب محمد رشید علیخانصاحب رامپور- ۴۷- جناب سید مرتضے حسنین صاحب جولی
۴۸- جناب سید حکیم امیر حسین صاحب رامپور- ۴۹ جناب مرزا کاظم حسین صاحب محشر لکھنؤ-
۵۰- جناب سید مہر علے صاحب بہرائچ ۵۱ جناب مولوی سید حکیم ابو ابراہیم صاحب لکھنؤ
۵۲- جناب سید لطف علے صاحب حیدرآباد- ۵۳- جناب سید امیر کاظم صاحب کلکتہ
۵۴- جناب خلیفہ سید محمد زکی صاحب پٹیالہ ۵۵ جناب حکیم سید حفاظت علی صاحب نیوتنی
۵۶- جناب مرزا نواب حسین صاحب لدھیانہ- ۵۷ جناب خلیفہ پیر بخش صاحب ملتان-
۵۸- جناب سید جعفر حسین صاحب بہیری- ۵۹ جناب سید علے صاحب تاجر سکنہ کربلا معلے-

۶۰-جناب منشی محمد اکرام عالم صاحب بی اے شاہجہانپور- ۶۱-جناب سید تہنیت علی صاحب جلالی
۶۲جناب نواب علی جواد خانصاحب شیخپورہ حسین اباد-۶۳-جناب سید محمد آغا صاحب وکیل
لکھنو ۶۴جناب سید عباس صاحب عرف نواب ابو صاحب پٹنہ-۶۵-جناب
راجہ سردار حسین خانصاحب بھٹوامئو-۶۶-جناب مولوی سید محمد مہدی صاحب
وکیل الہ اباد- ۶۷ جناب سید محمد یوسف صاحب کاظمی لکھنو-۶۸جناب سید
بادشاہ علے صاحب ضیا حیدر آباد- ۶۹-جناب سید موسی کاظم صاحب دربھنگا
۷۰-جناب مولانا سید علے صاحب قبلہ لاہور-۷۱-جناب سید باقر علی صاحب
جائس- ۷۲جناب مولوی ثامن علے صاحب وکیل حیدر اباد-۷۳-جناب
چودہری سید افضل علے صاحب فتح پور-۷۴جناب سید رضا حسین صاحب
ڈپٹی انسپکٹر...۷۵جناب نواب سید امجد علے خان صاحب تقیر لکھنو-
۷۶جناب حکیم عزیز حسین صاحب ایم اے فتح پور-۷۷جناب سید حسن رضا
صاحب ادیب سیتاپور-۷۸-جناب سید محمد عسکری صاحب زیدپور ۷۹جناب
مولوی قاسم علے صاحب لکھنو-۸۰-جناب سید قلندر حسین صاحب نجرالولہ
۸۱-جناب منشی شوکت علے خان فورٹ ولیم کلکتہ-۸۲-جناب وزیر محمد صاحب لکھنو-
۸۳-جناب سیٹھ علے دینا لاڈک ڈیم جی جی ۸۴جناب سید محمد حسین صاحب امروہہ
۸۵-جناب خلیفہ واحد بخش صاحب ملتان-۸۶جناب مولوی سید علے اظہر
صاحب کھجوہ — جناب مولوی سید عباس حسین صاحب قبلہ علے گڈہ
۸۸-جناب مولوی سید محمد باقر صاحب قبلہ لکھنو ۸۹-جناب سید علے غضنفر
صاحب لکھنو-۹۰جناب مولوی سید علے صاحب بی اے پرتاب گڈہ
۹۱-جناب مولوی سید ابوالحسن صاحب قبلہ لکھنو- ۹۲جناب مولوی سید
امجد حسین صاحب قبلہ الہ اباد ۹۳-جناب مولوی سید مبارک علے صاحب لکھنو

جناب مولانا سید ظہور الحسن صاحب قبلہ لکھنو۔ ۹۵ جناب مولوی سید علے گوہر صاحب لکھنو ۹۶ جناب مولوی علے جواد صاحب بنارس۔ ۹۷۔ جناب مولانا سید غلام حسنین صاحب اکبر پور۔ ۹۸ جناب مولوی سید فرمان علے صاحب پٹنہ ۹۹ جناب مولوی سید محمد حسین صاحب قبلہ لکھنو۔ ۱۰۰ جناب آغا شیخ محمود جیلانی صاحب کلکتہ۔

اس کمیٹی کو دوران اجلاس مین بذریعہ اخبار جناب شیخ الاسلام قسطنطنیہ کے اوس فتوی کا حال معلوم ہوا جو اونہون نے ضبطی خزائن کربلائے معلے و نجف اشرف صادر کیا تھا لہذا کمیٹی نے یہ رزولیوشن پاس کیا۔

رزولیوشن نمبر ۱۱

شیخ الاسلام قسطنطنیہ کے حال کے اس مضمون کے فتوے کی جو اشاعت ہوئی ہے کہ خزانہائے مشاہد مقدسہ اہل تشیع متعلقہ کربلائے معلے و نجف اشرف ضبط کرکے تعمیر مدارس و شفاخانجات مین صرف کیے جائین اسکی نسبت یہ جلسہ کمال اظہار ناراضی و خطرہ ظاہر کرتا ہے اور نہایت زور کے ساتھ اس مضر و خلاف مصلحت اختراع جدید کی مخالفت کرتا ہے کیونکہ اسکا صرف یہی نتیجہ نہو گا کہ تمام شیعی دنیا مین انقلاب عظیم پیدا ہو جائے اور اس جماعت کو شدید مذہبی نقصان پہونچے بلکہ دو فرقہائے اسلام کے تعلقات دوستانہ مین تزلزل واقع ہو جائے گا اور مابین دو بڑی سلطنتہائے اسلام روم و ایران سخت پولیٹیکل پیچیدگیان پیدا ہو جائینگی

نمبر ۱۲

یہ جلسہ سلطنت برطانیہ کے منصفانہ وہمدردانہ طرز عمل کا جو اوسنے بالفعال سے نسبت مضرت رسان اختراع جدید کی مخالفت کے باب مین کیا ہے اپنا اطمینان

وشکر گذاری ظاہر کرتا ہے اور امید قوی رکھتا ہے کہ سلطنت برطانیہ اپنے ذاتی اثر سے باز رکھے ۔ ان رزولیوشنون کا ترجمہ لوکل گورنمنٹ آف انڈیا اور اخبارات انگریزی وہندوستانی مین بہیجا گیا۔

جلسے لکھنو مین سب سے پہلے ایک عظیم الشان جلسہ بصدارت جناب ناصر الملتہ والدین مولانا السید ناصر حسین صاحب قبلہ فتوی مذکور کی مخالفت مین منعقد کیا گیا بعدہ ہندوستان کے مختلف مقامات پر بکثرت جلسے ہوے۔

خیرات خانہ شاہی

لکھنو مین ایک خیرات خانہ شاہی ہے اور وہ وقف کردہ بادشاہ اودہ ہے اوسمین ہمیشہ شیعہ داروغہ رہا کرتا تہا لیکن چند عرصہ سے اسکے خلاف عمل درآمد شروع ہوا اور ایک سنی داروغہ مقرر کیا گیا لیکن اوس زمانہ مین اوسنے استعفا دیا تھا اسلیئے کمیٹی نے جناب کمشنر صاحب بہادر سے خواہش کی کہ آئندہ شیعہ داروغہ مقرر کیا جاے اور کمیٹی سے ایک رزولیوشن پاس ہوکر اونکی خدمت مین بہیجا گیا اور بفضلہ نتیجہ موافق خواہش ہوا۔

مصارف پنڈال امروہہ

کمیٹی نے مصارف کیمپ امروہہ کا بار اپنے ذمہ لیا تہا اور سکریٹری صاحب کمیٹی انتظامی امروہہ نے مبلغ الصہ/عہ تخمینہ بہیجا تہا لیکن وہ تخمینہ ایسے وقت آیا کہ کوئی کمیٹی نہ ہوی اسلیے بعد ختم اجلاس چہارم اونکا وہ حساب جو اونہون نے منظوری کے واسطے بہیجا تہا سالانہ کمیٹی مین پیش کیا گیا لیکن اوسمین مقدار مصارف کیمپ اعمار۔۔۔ درج تہی لہذا کمیٹی نے اس زیادتی کی وجہ سے

دریافت کی ممدوح نے جواب دیا کہ چونکہ مہمان زیادہ آگئے اسیلئے مصارف بھی زیادہ ہو گئے بہرحال وہ حساب بھی تفصیلوار نہ تھا بلکہ اوسکی شان ایک گوشوارہ سے زاید نہ تھے اسلئے کمیٹی نے تفصیلی حساب طلب کیا جسکا تذکرہ اڈیٹر صاحب نے اپنی رپورٹ مین کیا ہے اور یہ تفصیلی حساب آج تک کمیٹی کو نہین ملا اسلئے معاملہ برابر ملتوی ہوتا چلا آتا ہے۔

۱۶-اپریل کی کمیٹی مین ممبران کا امتحان

اسی کمیٹی نے حسب معمول ممبران مرکزی کمیٹی کا انتخاب کیا جسکی فہرست ابھی عرض کر چکا ہون اسکے بعد جانچ کردہ مرزا وزیر حسن صاحب اڈیٹر من ابتداے یکم اپریل سنہ ۱۹۱۰ء لغایت ۱۵- مارچ سنہ ۱۹۱۱ء پیش ہو کر باتفاق جلسہ پاس کیگیا اور مرکزی کمیٹی کا بجٹ لماللیعہ ، کا منظور ہوا۔

اسیطرح پر سالانہ جلسہ مرکزی کمیٹی کا اختتام کو پہونچا۔

۲۵-جون سنہ ۱۹۱۱ء

اس کمیٹی نے سفیر مقرر کیے اور حضرات ذیل سے خواہش کی کہ براہ کرم زحمت سفر گوارا فرماکر قوم کو ممنون بنائین۔

(۱) جناب مولوی سید سبط حسن صاحب ممتاز الافاضل۔

(۲) جناب مولوی سید محمد رضا صاحب مولوی فاضل۔

(۳) جناب مولوی سید قاسم علے صاحب ایڈیٹر العوارف۔

(۴) جناب مولوی دولت علی صاحب وکیل بدایون۔

(۵) جناب مولوی سید محمد رضا صاحب مشکوۃ آبادی۔

(۶) جناب مولوی سید علی محمد صاحب بمبی۔

(۷) جناب سید وزیر حسن صاحب بی - اے ایل ایل بی۔

(۸) جناب سید عابد حسین صاحب بار ایٹ لا۔

(۹) جناب مولوی سید احمد علے صاحب بی - اے۔

(۱۰) جناب منشی تعشق مرزا صاحب بی - اے وکیل۔

(۱۱) جناب مرزا محمد ہادی صاحب بی - اے۔

(۱۲) جناب سید آغا حسین صاحب بارسٹر۔

(۱۳) جناب سید علے احمد صاحب وکیل۔

(۱۴) جناب سید شہنشاہ حسین صاحب بی - اے۔

حضرات مذکورہ بالا سے بذریعہ تحریر استدعا کی گئی صرف جناب مولوی سید سبط حسن صاحب قبلہ نے پٹنہ اور مظفر پور اور مولوی سید احمد علے صاحب بی - اے نے جناب قاری محمد حسین صاحب سفیر کے ہمراہ کام کیا باقی حضرات نے جواب تک نہ دیا البتہ جناب مولوی سید محمد رضا صاحب تشریف لیجانے پر آمادہ تھے لیکن اونکو بسبب قایمقام نہ ملنے کے رخصت نہ مل سکی باقی سفیروں کی فہرست یکجائے اور مختصر حالات عرض کئے جاتے ہیں۔

انجمن تہذیب الاخلاق بنارس کو بھی سفارت کی اجازت دی گئی۔

فہرست اسمای گرامی سفیران آل انڈیا شیعہ کانفرنس لکھنؤ

نمبر شمار	اسمائے گرامی	سکونت	
۱	جناب سید حفاظت علیصاحب	دیوگام ضلع اعظم گڑھ	

نمبر شمار	اسمائے گرامی	سکونت
۲	جناب شیخ باسط علے صاحب	دیوکام ضلع اعظم گڈھ
۳	جناب سید امیر کاظم صاحب	نگینہ ضلع بجنور
۴	جناب سید نجم الحسن صاحب	حیدر آباد دکن
۵	جناب سید محمد عباس صاحب	حیدر آباد دکن
۶	جناب سید حشمت علے صاحب	چھاونی گونہ
۷	جناب سید راحت حسین صاحب	نیوتنی ضلع اوناو
۸	جناب سید مرتضیٰ حسنین صاحب	جولی ضلع مظفر نگر
۹	جناب سید ارتضیٰ حسین صاحب	نیوتنی
۱۰	جناب چودہری نظیر الحسن صاحب	مہابن ضلع متھرا
۱۱	جناب منشی قاسم حسین صاحب	شاہ گنج بہادی جونپور
۱۲	جناب سید اکبر علے صاحب	رڑکی
۱۳	جناب سید دلدار حسین صاحب	بتھور کانپور
۱۴	جناب سید ببر علے صاحب	بہرائچ
۱۵	جناب سید اعجاز حسین صاحب	جبل پور
۱۶	جناب محمد الیاس صاحب	امرت سر
۱۷	جناب سید احمد حسین صاحب نقوی	بریلی
۱۸	جناب سید محمد یوسف صاحب	اوری
۱۹	جناب سید سلامت علے صاحب	جونپور
۲۰	جناب سید مہدی حسن صاحب	سرائے میر ضلع اعظم گڈھ

نمبر شمار	اسمائے گرامی	سکونت
۲۱	جناب کنور رضا حسین خانصاحب	بھسوامئو
۲۲	جناب مولوی سید تاثیر حسین صاحب	ضلع بجنور
۲۳	جناب مولوی زین الدین صاحب	ضلع ہردوئی
۲۴	جناب مولوی سید خورشید حسن صاحب	ضلع مظفرنگر
۲۵	جناب مولوی مرزا جعفر محمد صاحب	بارہ بنکی
۲۶	جناب مولوی سید محمد علے صاحب	مراد اباد لوگاون کراچی وسندھ
۲۷	جناب مولوی سید علے زہاد صاحب	رام پور بلند شہر
۲۸	جناب شہزادہ سید صاحب	لکھنؤ
۲۹	جناب سید انور علے صاحب نقوی	علیگڈھ
۳۰	جناب شیخ محمد عاقل صاحب سکرٹری تہذیب	الاخلاق بنارس ۔ بنارس
۳۱	جناب سید شمشیر علے صاحب	عبداللہ پور ضلع میرٹھ
۳۲	جناب سید غلام علے صاحب	آگرہ
۳۳	جناب سید محمد حسین صاحب سکرٹری گلشن اتحاد کلب	صفی پور ضلع اوناو
۳۴	جناب سید حسن محمد صاحب سکرٹری انجمن امامیہ	سہارنپور
۳۵	جناب مولوی سید محمد لطیف صاحب	زنگی پور ضلع غازی پور
۳۶	جناب سید محمد عسکری صاحب سکرٹری انجمن	سونی پت دہلی
۳۷	جناب سید سجاد حسین صاحب قانونگو	سلطان پور
۳۸	جناب سید محمد رضا صاحب سکرٹری مدرسہ نجم	الشرایع ۔ کانپور
۳۹	جناب سید محمد نقی صاحب	علیگڈھ

نمبر شمار	اسمائے گرامی	سکونت
۴۰	جناب ڈاکٹر سرفراز حسین صاحب اسسٹنٹ سرجن	لال گنج ضلع اعظم گڈھ
۴۱	جناب سید محمد کامل صاحب سکرٹری ناصر الا	خلاق سپاہ - جونپور
۴۲	جناب سید نواب علی صاحب سندیلوی	مراد آباد
۴۳	جناب قاری محمد حسین صاحب	لکھنؤ
۴۴	جناب حکیم صفدر حسین صاحب	لکھنؤ
۴۵	جناب مولوی مبارک علی صاحب	لکھنؤ
۴۶	جناب سید اکبر حسین صاحب سکرٹری انجمن	فتح پور
۴۷	جناب میر باقر حسین صاحب	کلکتہ
۴۸	جناب نواب مرزا صاحب	لکھنؤ
۴۹	جناب سید تفضل حسین صاحب	کلانور ضلع گورداس پور
۵۰	جناب سید قسمت علے صاحب	جلالی ضلع علی گڈھ
۵۱	جناب مولانا سید سبط حسین صاحب قبلہ	کلکتہ و بنگال
۵۲	جناب مولوی محمد رضا ابو حسن صاحب	بداون
۵۳	جناب سید نظیر الحسن صاحب	عسکری گنج گورکھپور
۵۴	جناب سید احمد شاہ صاحب	راولپنڈی
۵۵	جناب حکیم واحد علے خانصاحب	جی پور
۵۶	جناب چودہری سید طالب علی صاحب	اوناؤ
۵۷	جناب مولوی جرار حسین صاحب	ہردوئی
۵۸	جناب مولوی دلدار حسین صاحب	مدرسہ مشارع الشرایعہ

نمبر شمار	اسمائے گرامی	سکونت
۵۹	جناب سید ریاض علے صاحب	سنبھل بریلی
۶۰	جناب مولوی سید محمد سجاد صاحب	اسمٰعیل گنج ضلع الہ آباد
۶۱	جناب مرزا کاظم حسین صاحب محشر	لکھنو
۶۲	جناب سید اصغر علے صاحب عرف حکیم نبے صاحب	لکھنوٗ
۶۳	جناب نواب ابرار علے خانصاحب	شیخپور حسین آباد
۶۴	جناب میر صادق حسین صاحب	جونپور

وظائف طلبہ

اسکے بعد درخوستہاے طلبہ پیش ہوئین چونکہ کئی کمیٹیون نے وظائف دئے اور ایک سلکٹ کمیٹی بہی بنائی گئی اسلیے مناسب معلوم ہوتاہے کہ وظیفہ خوار طلبہ کی یک جائی فہرست مع مقامات پیش کردون ورنہ طول ہوگا۔

فہرست طلبہ وظیفہ خواران ال انڈیا شیعہ کانفرنس

انگریزی

نمبر شمار	نام طالبعلم	سکونت	درجہ اسکول	تعداد وظیفہ	کیفیت
۱	سید غلام حسین	پشاور	بائے سکول درجہ نہم	ملے	پیسہ کیفیت یہ طالبعلم کو مسٹر [illegible] تعلیمی فنڈ کے کانفرنس فنڈ سے خاص وظیفہ دیا جاتا ہے
۲	فصیح اللہ	فتحپور	حسین آباد لکھنو درجہ پنجم	ملے	
۳	آغا مہدی حسین	دہلی	انٹرنل سکول فورتھ کلاس	ملے	

نمبر شمار	نام طالبعلم	سکونت	درجہ اسکول	تعداد وظیفہ	کیفیت
۴	سید نثار حسین	پٹنہ		ملے	
۵	میر تراب علے	مچھلی بندر	انٹرنس نوبل کالج	ملے/	
۶	سید علے اسداللہ	باہر سر بہرتپور	درجہ ہفتم سفید عام سکول آگرہ	سے/	
۷	سید شفیق احمد	ریاست جے پور	درجہ ہشتم ریواڑی ہائی سکول	سے/	
۸	مظہر حسین	بیتول	درجہ چہارم ہائی سکول	سے/	
۹	سید وزیر حسن	لاہور	درجہ پنجم اسلامیہ ہائی سکول	سے/	
۱۰	سید فرزند علے	گجرانوالہ	جونیر اسپیشل کلاس خالصہ کالج	سے/	
۱۱	ذاکر حسین	انبالہ	سکنڈ مڈل مشن سکول	سے/	
۱۲	سید ہادی حسین	امرت سر	خالصہ کالجیٹ سکول درجہ پنجم	سے/	
۱۳	سید محمد حسین	پٹنہ بانکے پور	درجہ سوم اینگلو سنسکرت سکول	سے/	
۱۴	سید باقر حسین	مظفر پور	درجہ چہارم کالجیٹ سکول	سے/	
۱۵	سید سجاد حسین	دربھنگہ	درجہ پنجم سلیمانیہ	سے/	
۱۶	سید آغا حسین	تحصیل پٹیالہ	جونیر سپیشل کلاس	سے/	
۱۷	سید باقر حسین	سونی پت	درجہ ششم میونسپل سکول	سے/	
۱۸	سید خورشید حسین	الہ آباد	درجہ پنجم ہائے سکول	سے/	
۱۹	شیخ صفدر حسین	ڈبائی	درجہ ہفتم [illegible] ڈبائی سکول	سے/	
۲۰	ابرار حسین	فرخ آباد	درجہ ہفتم مشن ہائی اسکول	سے/	
۲۱	سید محب حسین	مراد آباد	درجہ	سے/	
۲۲	شیخ غضنفر علے	گونڈہ	درجہ ہفتم حسین آباد لکھنؤ	سہے/	

نمبر شمار	نام طالبعلم	سکونت	درجہ اسکول	تعداد وظیفہ	کیفیت
۲۳	سید محمد مسعود	لکھنؤ	درنہم "	صہ ر	
۲۴	سید غلام عباس	پشاور	مڈل کلاس اسلامیہ اسکول	سے ر	
۲۵	ایوب حسین	سہارنپور	درجہ پنجم اے وی پے	سے ر	
۲۶	شیخ اکبر حسین	بدایون	بی اے اسلامیہ کالج لاہور		اس طالبعلم نے کشت کیا
۲۷	سید ظفر احمد	امروہہ	فیض آباد	للعہ ر	
۲۸	سید علی احمد		عربی خوان	للعہ ر	
۲۹	جعفر محمد	لکھنو	عربی سلطان المدارس	سے ر	
۳۰	فضل حسین	مظفرپور	عربی خوان سلیمانیہ	صہ ر	
۳۱	سید علی اسد	بھیک پور سارن	عربی خوان	للعہ ر	
۳۲	سید مہدی عباس	لکھنؤ	سلطان المدارس لکھنؤ	سے ر	
۳۳	محمد عابد	"	مدرسہ ناظمیہ لکھنو	سے ر	
۳۴	سید علی زہاد	زنگی پور	"	سے ر	
۳۵	اشفاق احمد	ضلع جونپور	"	سے ر	
۳۶	سید محمد علی	"	"	سے ر	
۳۷	سید محمد جواد	لکھنؤ	سلطان المدارس لکھنو	للعہ ر	
۳۸	شیخ علی نقی	ضلع اعظم گڈھ	"	سے ر	
۳۹	سید مرتضے	لکھنؤ	مدرسہ ناظمیہ لکھنؤ	سے ر	
۴۰	سید اصغر حسین	"	لکھنؤ	سے ر	
۴۱	سید محمد	غازی پور	"	للعہ	

نمبر شمار	نام طالبعلم	سکونت	درجہ اسکول	تعداد وظیفہ	کیفیت
۴۲	سید منور حسین	ڈیرہ میر میران	مدرسہ ناظمیہ لکھنو	للعہ	
۴۳	سید ظفر حسین	امروہہ		للعہ	
۴۴	سید قمر حسین	"	مدرسہ ناظمیہ لکھنو	سعہ	
۴۵	سید منہاج الحسن	"	امام المدارس	سعہ	

محسن مرزا صاحب کا استعفا منظور کیا گیا۔

اور چونکہ اڈیٹر صاحب کو حساب کی جانچ کے وقت دیگر سکرٹریون سے حساب نہ ملنے کی وجہ سے جانچ مین دقت ہوتی تھی اسلیے۔ تجویز ہوا کہ آجکی تاریخ سے جب ہدایت انریری اڈیٹر صاحب سکرٹری صاحبان بورڈنگ و اوقاف و دار الترجمہ عمل کرین اور انریری سکرٹری کانفرنس دیگر سکرٹریان کے بل آنے پر روپیہ دیا کرین اور اوسکا حساب جمعخرچ منگوا کر دفتر کانفرنس مین رکھا جاے تاکہ جو دقتین اڈیٹر صاحب کو بوقت جانچ ہوتی ہین نہ ہوا کرین اور سکرٹری صاحبان کو اطلاع دیجاے۔

ہاشم علی طالبعلم زیدپوری

یہ ایک طالبعلم تھا جو اکتوبر گذشتہ مین رڑکی کالج بھیجا گیا تھا لیکن افسوس کہ یہ طالبعلم ناقابل کار ثابت ہوا اور کالج سے علیحدہ کر دیا گیا پرنسپل صاحب کی چٹھی کے بموجب کمیٹی کو اطلاع دی گئی۔

اسکے بعد پے درپے چار کمیٹیان بسبب کورم پورا نہ ہونے کے ملتوی کی گئین اور پھر ۹۔ اگست ۱۹۰۸ء کو طلبہ کے انتخاب کی غرض سے کمیٹی منعقد ہوئی اور اوسمین درخواستین طلبہ کی پیش کی گئین اس کمیٹی نے پنجاب کے چند طلبہ کا انتخاب کیا۔

اور چونکہ انجمن ناصر الایمان انبالہ انجمن امامیہ کلانور ضلع گورداسپور انجمن مرتضوی امرتسر انجمن شیعۃ الصفا سونی پت ضلع دہلی نے جو فہرستین طلبہ کی بہیجین تہین وہ مین امیدوار زیادہ تہے اور بسبب ناواقفیت حالات طلبہ کے انتخاب مشکل تہا اسلیئے تجویز ہوا کہ انجمنہاے مذکورہ خود مستحق تر طالب علم کو تجویز کرین اونکو کانفرنس سے تین روپیہ ماہوار وظیفہ دیاجائیگا اور یہ بہی تجویز ہوا کہ ضرورتمند طلبہ کو دینی کتابین مفت دیجائین ۔

سید راحت حسین صاحب وکیل کے انتقال پر کمیٹی نے تعزیت کی اور اونکی جگہ پر جناب سید بادشاہ علے صاحب ضیا سکریٹری نواب بہرام الدولہ حیدرآباد کو ممبر مقرر کردیا ۔

مین ذکر کرچکا ہون کہ ایک ہزار روپیہ مصارف پنڈال کے لیے دفتر نے انجمن تہذیب الاخلاق کو دینا منظور کئے تہے لیکن انجمن نے اس رقم کو ناکافی خیال کرکے خواہش کی کہ کچہہ اور اضافہ کیا جائے چنانچہ مبلغ دوسو روپیہ کا اضافہ کردیا گیا چونکہ کئی کمیٹیان بسبب کمی کورم کے ملتوی ہوچکی تہین اسلیئے کمیٹی ہذا نے تجویز کیا کہ اگر دو کمیٹیان بسبب کورم پورا نہونے کے ملتوی ہون تو تیسری کمیٹی مین جسقدر حضرات تشریف فرما ہون اونہین سے کورم پورا سمجھا جائے ۔

انتخاب صدر نشین ۴ ستمبر ۱۹۱۱ء

۳ ستمبر کی کمیٹی کا کورم پورا نہونے سے ۴ ستمبر کو کمیٹی کی گئی او کمیٹی نے بہ کثرت رائے جناب مولانا السید آقا حسن صاحب قبلہ کو صدر نشین اجلاس پنجم تجویز کیا ۔ اس کمیٹی نے ممبران سبجکٹ کمیٹی کی تعداد اسطور پر ساٹھہ مقرر کی کہ ۴۰ ممبر اسیوقت کمیٹی مقرر کرے اور دس ممبر اجلاس سبجکٹ کمیٹی خود مقرر کرے اور ۱۰ اکی اجازت انجمن تہذیب الاخلاق بنارس کو دیدی گئی ہے ۔ اور عہدہ داران کانفرنس

بر صیغہ کے ممبر سبجکٹ کمیٹی سمجھے جائیں گے۔

فہرست ممبران و عہدہ داران سبجکٹ کمیٹی

عالیجناب مولانا سید نجم الحسن صاحب قبلہ پریزیڈنٹ۔
جناب بابو سید احمد حسین صاحب سکرٹری۔

ممبران

جناب مولانا سید آقا حسین صاحب قبلہ لکھنو۔ جناب مولانا سید ناصر حسین قبلہ لکھنو جناب مولانا سید نجم الحسن صاحب قبلہ لکھنو۔ جناب مولانا سید محمد حسین صاحب قبلہ لکھنؤ۔ جناب مولانا سید ظہور الحسین صاحب قبلہ لکھنو۔ جناب مولانا سید ابو الحسن صاحب قبلہ لکھنو۔ جناب مولانا سید علے صاحب قبلہ حایری لاہور جناب مولانا سید امجد حسین صاحب قبلہ الہ آباد۔ جناب مولوی سید سبط حسن صاحب قبلہ لکھنو۔ جناب مولوی سید قاسم علے صاحب لکھنو۔ جناب مولوی سید مبارک علے صاحب لکھنو۔ جناب سید یعقوب حسین صاحب ایڈیٹر مشورہ جبل پور۔ جناب سید صادق حسین صاحب جونپور۔ جناب مولوی سید علے جواد صاحب قبلہ بنارس۔ جناب مولوی حکیم سید علے اظہر صاحب کجوہ جناب مفتی سید محمد باقر صاحب جونپور۔ جناب مولوی سید احمد علے صاحب بی اے پرتاب گڈھ۔ جناب سید مفوض حسین صاحب بی اے کانپور۔ جناب مولوی محمد رضا ابو الحسنین صاحب بدایون۔ جناب چودہری سید نظیر الحسین صاحب مہابن۔ جناب ماسٹر سید عبد اللہ صاحب رضوی آگرہ۔ جناب مولوی سید محمد یعقوب صاحب نگی پور۔ جناب مولانا سید احمد صاحب قبلہ لکھنؤ۔

جناب سید نواب علی صاحب سنڈیلوی مراد آباد ۔ جناب سید طالب علی صاحب اناو
جناب سید غلام مرتضے صاحب اندر گریجوئٹ جونپور ۔ جناب سید خورشید علی صاحب جلالی ۔
جناب حکیم سید فضل علی صاحب لکھنو ۔ جناب سید علی اطہر صاحب فیض آباد ۔
جناب شہزادہ حیدر مرزا لکھنو ۔ جناب شہزادہ منعم بخت بہادر بیرسٹر لکھنو ۔ جناب
سید وزیر حسین صاحب بی اے ایل ایل بی لکھنؤ ۔ جناب نواب سید شہنشاہ حسین
بی اے وکیل لکھنو ۔ جناب سید مہدی الزمان صاحب وکیل الہ آباد ۔ جناب
سید باقر علی صاحب جائس ۔ جناب سید سلطان رضا صاحب عقیل دہلی
جناب سید صغیر حسین صاحب ایڈیٹر اثنا عشری دہلی ۔ جناب سید حیدر حسین صاحب
ایڈیٹر شیعہ بازار بندے ۔ جناب شہزادہ غلام محمد شاہ صاحب کلکتہ ۔
جناب سید حیدر مہدی صاحب بی اے ایل ایل بی الہ آباد ۔

کمیٹی ۲۰ ستمبر سنہ ۱۹۱۱ء

بموجب منشائے نوٹس حضرات ممبران نے جناب مولانا السید علی صاحب حایری
جناب مولانا السید محمد حسین صاحب وجناب مولانا السید عباس حسین صاحب
علیگدھ وجناب مولانا السید امجد حسین صاحب کو ووٹ دیے اور کمیٹی نے
تجویز کیا کہ بہ ترتیب ووٹ یکے بعد دیگرے ہر صاحب سے منظوری طلب کیجائے
جو صاحب منظور فرمائیں وہی صدر نشین اجلاس پنجم کے مقرر ہوں اور جناب مولانا
السید علی صاحب سے بذریعہ ارجنٹ تار منظوری منگائی جائے چنانچہ بعلت
نامنظوری جناب مولانا السید علی صاحب حائری جناب مولانا السید محمد حسین
صاحب قبلہ صدر نشین اجلاس پنجم مقرر ہوئی ۔

رزولیوشنون کی تعمیل

اجلاس چہارم نے صرف ۱۴- رزولیوشن پاس کئے تہے منجملہ اونکے دو رزولیوشن متعلق تعزیت تہے جنکی تعمیل فوراً کردی گئی چوتھا رزولیوشن متعلق پیسہ فنڈ کے انریری سکرٹری کے تقرر کے تہا ساتوین رزولیوشن کا یہ منشا تہا کہ کہانے کا بار دعوت دہندگان کانفرنس پر نہ ڈالا جاے آٹھوان رزولیوشن تعلیمی فنڈ اور چودہوان شکریہ سفیران کے متعلق تہا جسکی تعمیل کردی گئی پانچوان نوان دسوان گیارہوان اور تیرہوان رزولیوشن کمیٹی اوقاف کے متعلق تہا اسکی تعمیل یا عدم تعمیل کے متعلق سکرٹری صاحب اوقاف بیان کرین گے۔

ایک رزولیوشن دستور العمل کے متعلق تہا جو زیر تعمیل ہے نمبر ۶ متعلق دار الترجمہ ہے جسکو جناب مرزا محمد ہادی صاحب بی اے بیان کرین گے۔

بارہوان رزولیوشن متعلق ارمغ تہا جسکا تذکرہ کرچکا ہون۔

سکرٹری کا استعفا

سالگذشتہ صرف ایک سال کے واسطے میرا تقرر ہوا تہا اور جلسہ مین مجہہ سے وعدہ کیا گیا تہا کہ تمکو تمہارے کامو نمین مدد دیجاے گی لیکن افسوس ہے کہ مجھکو ذرہ برابر بھی مدد نہین دی گئی اور مین نے جس طرحسے مجہہ سے ممکن ہوا آپ کے کام کو انجام دیا اب چونکہ سال ختم ہوگیا ہے اسلیے مین علیحدہ ہوتا ہون جو صاحب مقرر ہون وہ بہت جلد مجہہ سے چارج لیکر مجھکو سبکدوش فرمائین ؎

سیر کی پھول چنے خوب پھری شاد رہے
باغبان جاتے ہین گلشن ترا آباد رہے

اجلاس سوم یکم اکتوبر ۱۹۱۱ء وقت صبح

بعد ختم رپورٹ انریری سکرٹری جناب مرزا محمد ہادی صاحب پروفیسر بی اے

لکھنؤ نے یہ سوال کیا کہ کیا سکریٹری صاحب اون صلاحون کو جو اونہون نے اپنے اعلے درجہ کے تجربون سے قوم کو دی ہین اونکو بطور رزولیوشن کل ہی کے جلسہ مین پیش کردین تو نہایت مناسب ہوگا۔

اسکے بعد عالیجناب نواب محمد اسحاق خانصاحب حسین گنج ضلع چپلانے جو پچاس روپیہ کی رقم بتقریب اپنے صاحبزادہ کے مکتب کے تعلیمی فنڈ کے لیئے نکالے تھے بذریعہ جناب صدر نشین صاحب پیش کی گئی۔

(**سوال**) ڈاکٹر سرفراز حسین صاحب نوگانوان ضلع مرادآباد اجلاس چہارم کا چندہ جیسے سفیرون نے ادا نہین کیا ہے اوسکے وصول کرنے کا آپ نے کیا طریقہ اختیار کیا ہے مولوی سید کلب عسکری صاحب کے ذمہ تین سو روپیہ باقی ہے۔

(**جواب**) بار بار تقاضا کے گیئے اخلاقی دباؤ ڈالے گئے اب کمیٹی کے سامنے پیش کیا جاوے گا اگر وہ اجازت دیگی تو دعوی کیا جاوے گا بجز اسکے اور کوئی چارہ نہین ہے۔ ایک رقم سید باقر علے صاحب جائسی کے ذمہ باقی تھے وہ درحقیقت میرون کے ذمہ باقی تھے وہ وصول کرکے اونہون نے داخل کی ایک قلیل رقم باقی ہے۔

(**سوال**) سید وقار حسین صاحب سب انسپکٹر پولیس وظائف کے لیے جو شرط دینیات کی لگائی گئی ہے اسکا انتظام کیونکر ہوگا کیونکہ انگریزی اسکول مین دینیات کا انتظام نہین ہے۔

(**جواب**) یہ سب جانتے ہین کہ واقعی انگریزی اسکولون مین دینیات کا انتظام نہین ہے اوسکے لیئے یہ طریقہ ہے کہ خارج از اسکول دینیات کو حاصل کرین کیونکہ دینیات کی کتابین بہت ہی سہل رکھی گئی ہین جو ہر جگہ کوئی نہ کوئی پڑھا سکتا ہے۔ اور اوسکا اطمینان پڑہانیوالے اور اسکول کے ہیڈ ماسٹر سے ہوگا۔

(سوال سید کلب عباس صاحب)

کیا آپ چند نام بتا سکتے ہین۔

(جواب) مین زبانی نہین بتا سکتا آخر مین پوری فہرست پڑہونگا ابھی صرف ایک ماہ اجراے وظائف کو ہوا ہے۔ سید فصیح اللہ طالب علم دفتر مین رہتا ہے اور اوسکا مین خود نگران ہون۔

(سوال سید غلام مرتضے صاحب جونپوری)

سالگذشتہ راجہ صاحب بلہرہ نے ایک وظیفہ عربی حاصل کرنے والے کالج کے طالبعلم کو دینے کا وعدہ کیا تہا اوسکا کیا انتظام ہوا۔

(جواب) مجھکو اوسکا بالکل علم نہین ہے آخر مین نام طلبہ وظیفہ خواران کانفرنس کے سنائے اور دستور العمل پیش کیا۔ جناب صدر نشین صاحب قبلہ نے ارشاد فرمایا کہ اسوقت تک یہ کانفرنس یقیناً دینی کانفرنس ہے اسوقت تک کوئی راے خلاف شریعت نہین پاس ہوئی لیکن آئندہ کیا انجام ہوگا اسکو کوئی نہین بتلا سکتا ہے۔ ابتک اسکی پرورش دامن علماء مین ہوی اور اونہون نے قوم کو سب کچھ کر دکھایا۔ مین مناسب سمجھتا ہون کہ یہ مسئلہ تہوڑی دیر کے واسطے ملتوی رہے آج اسی وقت آخری جلسہ مین پیش ہوکر طے کیا جائے اور قوم کو اختیار ہے سب نے اتفاق کیا لہذا کانسٹے ٹیوشن پیش ہونا ملتوی رہا رزولیشن (۲) تحریر ذیل کے ساتھ جناب چودہری سید نظیر الحسن صاحب محرک نے پیش کیا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سلام علیکم۔ جناب پریسیڈنٹ صاحب و بزرگان جلسہ۔

یہ رزولیشن جو مین اسوقت آپ حضرات کیخدمت مین پیش کرتا ہون دراصل

سالگذشتہ کے رزولیوشن کا ضمیمہ ہے جو میرے معزز دوست سید نواب علے صاحب سندیلوی نے پیش کیا تھا اور مجھکو اسکی تائید کی عزت دی گئی تھی۔ پہلے سال اس ضروری رزولیوشن کو آپ سب حضرات نے نہایت جوش خروش کے ساتھ پاس کیا تھا اور نہایت دوراندیشی۔ قابلیت۔ اور اصابت راے سے کام لیکر ایک نہایت ہمدرد مذہب۔ اور خیرخواہ قوم رئیس کو اسکا جنرل سکرٹری مقرر کیا تھا۔ جنھون نے اس کام کو ایسی لیاقت۔ محنت اور جانفشانی کے ساتھ انجام دیا کہ قوم اونکے اس احسان سے ہمیشہ گرانبار رہے گی۔ حضرات! جسوقت پہلے پہل اس کام کا قصد کیا گیا تھا اوسوقت قسم قسم کے شبہات دلونمین پیدا ہوتے تھے کبھی خیال آتا تھا کہ بھلا کون شخص ہر جگہ سے ایک ایک پیسہ وصول کرتا پھرے گا کبھی سمجھا جاتا تھا کہ بالفرض اگر وصول بھی ہو گیا تو ایسی خفیف رقم سے ہم کون سے خزانے جمع کرلینگے لیکن کسی نے سچ کہا ہے ع قطرہ قطرہ بہم شود دریا۔ دیکھئے ہمت اور استقلال کا یہ نتیجہ ہے کہ ہم بہت بڑی حد تک اپنے مقصد مین کامیاب ہوئے۔ اور خدا کے فضل سے آج جنرل سکرٹری صاحب کی رپورٹ سنکر وہ دل خوش ہوا اور امید افزا منظر آنکھونکے سامنے پھر گیا جسکی بامید موہوم بھی توقع نہ تھی اگر اسیطرح استقلال سے کوشش جاری رکھی اور اسکی کمی مقدار پر خیال نکیا گیا تو اس سے بہتر مستقبل کی امید لگانا شاید بیجا نہو گا۔ اس چندے کی کمی مقدار ہمین کامیابی کی امید دلاتی ہے کیونکہ چندہ جسقدر کم ہوتا ہے اسیقدر اسکا ادا کرنا آسان ہوتا ہے اور وہ بہت عرصہ تک چلتا رہتا ہے چندہ دینے والونکی تعداد زیادہ ہونا چاہئے خواہ رقم کتنی کم ہو۔ لیکن جو چندہ زیادہ ہوتا ہے وہ لوگون پر ایک بار سا ہو جاتا ہے اور چند روز تک جوش و خروش سے لیکر پھر اسمین تنزل شروع ہو جاتا ہے اور بالآخر بند ہو جاتا ہے جیسا کہ دن روپیہ فنڈ وغیرہ کا حال نظر آتا ہے۔ سچ ہے ۔

اسپ تازی دوتک رود بشتاب اشتر آہستہ مے رود شب روز

لیکن افسوس ہے کہ باوجود جنرل سکرٹری صاحب کے بار بار متوجہ کرنے اور پرزور الفاظ مین اپیل کرنے کی ہماری قوم نے اس مفید رزولیوشن کا اوس جوش وخروش اور سرگرمی سے خیر مقدم نہین کیا کہ ہمکو یقینی طور پر توقع تہی حضرات یہ ہرگز خیال نکرنا چاہیے کہ کانفرنس نے جن جن حضرات کو مختلف مقاصد کا منتظم بنادیا ہے اُسکی انجام دہی بہی انھین کا فرض ہے۔ نہین نہین بلکہ ہم مین سے ہر شخص کے ذمہ تہوڑا بہت قومی فرض ہے اور ہر شخص پر واجب ہے کہ اپنی زندگی مین کچہ نہ کچہ قومی کام کرے۔ جنرل سکرٹری صاحب کا بہی کام تہا کہ وقتاً فوقتاً ہم لوگونکو اس فنڈ کی اہمیت اور ضرورت پر متوجہ کرتے۔ فنڈ کا حساب کتاب درست رکہین اور اس روپیہ کو کانفرنس مین پہونچادین اور ان سب فرائض کو اونہون نے ہماری توقع سے زیادہ عمدگی سے پورا کیا لیکن وہ ہر جگہ چندہ وصول کرنے کے واسطے نہین جاسکتے تہے یہ کام مقامی حضرات کا تہا پس انکی کوششونکی سرسبزی اور اون کی محنتونکی کامیابی بہت کچہ ہماری سعی وجانفشانی پر منحصر ہے۔

چونکہ تجربہ کے بعد ہر کام کے حسن وقبح کا علم ہوتا ہے اور زمانہ کی رفتار اچھی طرح بتادیتی ہے کہ فلان کام مین حسب دلخواہ کیون کامیابی نہوئی اور کیا تدابیر ہین جن پر عمل کرنے سے ہم اس سے زیادہ کامیاب ہوسکتے ہین۔ مین نے جہان تک غور کیا اسکا یہی سبب ہے کہ اس سال بہی ہندوستان کے ہر گوشہ مین اسکی صدا نہ پہونچی مانگنے والونکی کوتاہی ہے ورنہ دینے والے بخوشی دینے پر آمادہ اور مستعد ہین کیونکہ یہ چندہ ایسا خفیف ہے کہ سمجہ مین نہین آتا کہ مانگنے والے مانگین اور دینے والے انکار کردین۔ افسوس ہے کہ اس سال بہی ہر جگہ وصول مین تساہل سے کام لیا گیا۔ اور اسکی وجہ یہی ہے کہ کسی شخص نے اپنے تئین اسکام کے انجام دینے کا

ذمہ دار نہین سمجھا۔ سال بھر مین ہر ضلع کے دو چار شخص بھی ۵ دن اسکام کے لیے وقف کردین اور تمام ہندوستان کے شیعون مین کوئی گھر بھی ایسا نہ چھوڑا جائے جہان اس فنڈ کے چندہ لینے والے نہ پہونچین تو ہر سال ایک معتدبہ سرمایہ جمع ہوجائے اس رقم سے سیکڑون غریبون کو وظائف دیے جاسکتے ہین اور قوم کے بہت سے مفلس بچے تعلیم سے مستفید ہوسکتے ہین جو حقیقت مین کانفرنس کا سب سے بڑا مقصد ہے اور کانفرنس کا یہ عملی کام اسکو لوگون کی نگاہون مین سرخرو بنا سکتا ہے۔ اور یقین ہے کہ ہمارے اس عمل درآمد سے پھر بہت سے لوگ جو اسوقت اپنی ناواقفیت سے کانفرنس پر عملی کام نہ کرنے کا الزام لگاتے ہین آئندہ اسکی مداح اور بھی خواہ بن جائینگے حضرات! اگر یہ چھوٹا سا کام بھی آپ سے شائستہ طور پر نہ ہوسکا تو آئندہ ہم کیونکر آپ سے کسی بڑے اور مشکل اور محنت طلب کام کی امید کرسکتے ہین اور پھر ہماری کانفرنس کیونکر اپنے عملی کام دکھا کر دوسرے لوگون کو مطمئن کرسکتی ہے۔ ان وجوہ سے لامحالہ اس نتیجہ پر پہونچنا پڑتا ہے کہ اس سال ہم ہر ایک ضلع مین اک اک سکرٹری مقرر کردیا جائے اور ان تمام سکرٹریون کا اعلان اسی کانفرنس مین ہوجائے اور ہر سکرٹری اپنے اپنے ضلع سے وصول کرنے کا ذمہ دار کردیا جائے آئندہ کانفرنس مین جنرل سکرٹری صاحب ہر سکرٹری کے کام کی مفصل رپورٹ کرین اور اونکی سال بھر کی کوشش اور کارگذاری قوم کے سامنے ظاہر کرین۔ اسکے واسطے ہندوستان کے تمام اضلاع کی ایک فہرست بنائی جائے اور ہر ضلع کے سامنے سکرٹریون کے نام درج کرکے سبکے نامونکا اعلان کردیا جائے اور آئندہ سال دیکھا جائے کہ اس انتظام کا کیا نتیجہ نکلتا ہے۔ مین وثوق کے ساتھ کہتا ہون کہ انشاء اللہ اس کارروائی کا نتیجہ نہایت بہتر اور مفید نکلے گا اور ایک کثیر سرمایہ ہماری تعلیمی ترقی کے لیے جمع ہوجائے گا۔ اور یقین ہے کہ پھر ہندوستان بھر مین کوئی گوشہ ایسا

باقی نہ رہے گا جہان پیسہ فنڈ کے کارروائی شروع نہ ہو گئی ہو — کیونکہ یہہ ہر سکریٹری زنانہ
کرے گا کہ اس کام کے انجام دہی کا بار صرف میرے ہی ذمہ ہے اور میری کوشش سے
سرمایہ جمع ہو سکتا ہے — کاش اگر اس ترکیب سے ہم جنرل سکریٹری صاحب سے
جیسے جوش کا دسوان حصہ ہی ہر سکریٹری کے دلمین پیدا کر سکے تو یقین جانئے کہ یہہ فنڈ
ہماری امیدون سے بڑھ کر بابرکت اور روز افزون ترقی پکڑتا نظر آئے گا حضرات
! توجہ کرکے اس مفید کام کو انجام پر پہونچا دیجئے تاکہ ہمکو صحیح تخمینہ ہو جائے کہ ہم ہر سال
مستقل طور پر کسقدر روپیہ پیسہ فنڈ سے جمع کر سکتے ہین اور کسقدر غریب طلبا اس فنڈ سے
وظیفہ پاکر اپنی تعلیم جاری رکھ سکتے ہین — مینے پارسال عرض کیا تھا کہ اس فنڈ مین
ہم اپنی کم از کم ۵۰ لاکھ آبادی سے اٹھتر ہزار روپیہ سالانہ سے زیادہ وصول کر سکتے
ہین حالانکہ ہماری آبادی اس سے بہت زیادہ ہے لیکن افسوس ہے کہ تخمینہ مذکورہ
مین صرف ایک فیصدی کامیابی ہوئی یعنے بجائے پچاس لاکھ کے صرف پچاس ہزار
سے وصول ہوا حضرات ! آپ جوش وخروش کے ساتھ سکریٹری بننے کی درخواست
کرین اور اس کام کا انجام دینا اپنا فرض سمجھین تاکہ انشاءاللہ سال آئندہ آپکی
کوششونکا نتیجہ ہر شخص کو محو حیرت بنا دے اور دنیا کو معلوم ہو جائے کہ باوجود بیکسی
اور قلت تعداد کے ہمنے جس کام کا ارادہ کر لیا اور دلپر جوش ایکبار اوسکو پورا کرکے رہے
آپکا اس فنڈ کا تمام روپیہ تعلیمی وظایف مین صرف کیا جائے گا جو ایک نہایت ضروری
مفید اور کار ثواب ہے اسلام نے مسلمانون کو تاکید کی ہے ایک بھائی دوسرے
بھائیکی مدد کرے پس علمی مدد سے زیادہ کونسی مدد ہے جو زیادہ باعث ثواب
اور موجب رضاے خدا و رسول ہو سکتی ہے — آپکی پس ماندہ قوم کے غریب بچے
جو کسی طرح اپنی تعلیم کے اخراجات پورے نہین کر سکتے آپ اونکو اس فنڈ سے
تعلیم دلاکر دولت علم سے مالامال کر دینگے اور اسطرح پر نہ صرف اونکی زندگی

عزت و آبرو کے ساتھ بسر کرانیکے باعث ہوتے ہین بلکہ اونکی آئندہ نسلون کے واسطے بھی فیض کا دروازہ کشادہ کر رہے ہین ۔ کیونکہ جب یہ لوگ تعلیم سے بہرہ در ہو کر اپنے دماغ کو روشن خیالات کو وسیع بنا سکین گے اور اسکے وسیلے سے کچھ تمول حاصل کر لین گے تو آئندہ اپنی نسلون کو بھی تعلیم دلا سکین اور وہ بھی دنیا مین عیش و عشرت زندگی بسر کرین گے ۔۔ اور پھر ایسے تعلیم یافتہ لوگ اپنے مقتدر بزرگونکی ناموری و شہرت کو زندہ کرین گے ۔۔ قوم کی گری ہوی حالت کو سنبھال سکین گے نہ صرف اپنی ذات بلکہ اپنی قوم اپنے مذہب کے واسطے بھی مفید اور کارآمد رکن ثابت ہونگے اونکی ذات سے آپ کے قومی کامون اور نیز قوم کے دوسرے مفلس اور محتاج لوگون کو فیض پہونچے گا ۔ چونکہ کانفرنس سے نفع اوٹھائین گے لہذا اوسکے معاوضہ مین وہ بھی آئندہ زندگی مین کانفرنس کی ہمدردی اور خدمت کو اپنا اہم ترین فرض سمجھین گے اپنے وقت اپنی کوشش اپنے مال و زر کو فلاح قوم کے واسطے وقف کر دین گے اور اس طرح پر ایک کثیر گروہ کانفرنس کے مقاصد اور اغراض کا ہمدرد آپ کو مل جائے گا اور یہ خادمان قوم کا پر جوش گروہ آپکی قوم کے بہت کام آئے گا ۔ پس آپ ایسا بیج بو رہے ہین جس کے درخت سے قوم ہمیشہ ثمرہ حاصل کرتی رہے گی ۔۔ بہ صورت دیگر بھی لاوارث و یتیم اور مفلس بچے تعلیم سے بے بہرہ رہکر جاہل بیدین ۔ ناخدا ترس ۔ احکام اسلام سے بے خبر چور ۔ راہزن بنکر مذہب اور قوم کے دامن پر دہبہ لگائین گے انکی ذات سے ہزارون فواحش و خرابیون کا ظہور ہو گا ۔ یا غیر قومون کی خدمت گاری کر کے ذلیل اور مبتذل طور پر زندگی بسر کرین گے یا اپنی بداطواری اور بدچلنی کی وجہ سے جیل خانون مین نظر آکر ننگ قوم و مذہب ثابت ہونگے یا جا بجا لوگون کو جا کر ستائین گے بھیانی کے ساتھ ان سے بھیک مانگین گے اور اسطرح پر اونکا وجود آپکی قوم کے واسطے بار اور باعث تکلیف و ایذا ثابت ہو گا اور اونکی زندگی بزرگونکی نیکنامی

اور شہرت پر دھبہ لگائین گے۔ حضرات! ان بیکس بچون پر رحم کیجیے اور انکی حالت درست کرنے کی فکر فرمائیے سب ہر شخص کو لازم ہے کہ خود اس کام مین سعی کرے اور دوسرے لوگون کو بھی ترغیب دے۔ اگر ایک خفیف سی قومی ہمدردی اور اپنی قوم کے یتیم اور مفلس بچونکے درد دل کا احساس آپکے دلمین پیدا ہو جائے تو کچھ شبہ نہین کہ سب کام بن جائے گا۔ اور چونکہ کثیر التعداد اضلاع کے حضرات یہان تشریف فرما ہین اگر وہ اسیوقت اس قومی خدمت کو قبول فرما کر اپنے اسم گرامی درج فرما وین تو جنرل سکرٹری صاحب کے کام مین بہت آسانی ہو جائیگی اور کام بھی بلا توقف شروع ہو جائے گا۔ پس مین اس ضروری رزولیوشن کی بہت زور کے ساتھ تحریک کرتا ہون اور امید ہے آپ سب بھی میرے ہم آواز ہو کر اسکو پاس فرمائین گے۔

جناب سید وقار حسین صاحب سب انسپکٹر پولیس نے کہا کہ جنرل سکرٹری کے خدمات قابل شکریہ ہین لیکن ایک شخص اس کام کو نہین کر سکتا ہے لہذا اسکی مین تائید کرتا ہون سید مظفر علے خانصاحب نے توضیح فرمائی۔

انجمن تہذیب الاخلاق بنارس کے سکریری نے مبلغ ۱۰؎ روپیہ اور سید امیر کاظم صاحب نگینہ نے ۱۰؎ روپیہ وصول کرکے پیسہ فنڈ مین داخل فرمائے اور ایک آرسی ایک مسماۃ کی جانب سے داخل ہوئی شیخ یوسف حسین خانصاحب نے فرمایا کہ مین وہی جوش دیکھتا ہون جو سالہائے گذشتہ مین تھا اس لیے مجھکو شکریہ کا بہت موقع ہے۔ وہ کامیابی جو اس فنڈ کو ہوئی رپورٹ سے معلوم ہیے لیکن کثرت سے کام بگڑ جاتا ہے لہذا ضلع سے صرف ایک آدمی ہو اوسکو اختیار رہے کہ وہ اپنی طرف سے اور لوگ مقرر کرے۔

سید مظفر علے خان صاحب نے فرمایا کہ مین نے بہت کوشش کی ہے کہ اپنی طرف سے

سکرٹری مقرر کروں لیکن صرف دو حضرات نے منظور کیا لہذا تقرر سکریریان اجلاس کانفرنس سے ہو۔ اسکے بعد اسماے سکرٹریان پیسہ فنڈ کی فہرست سنائی گئی جسکی تعداد (۲۹) حضرات کی تھی جو حسب ذیل ہے۔

فہرست اُن حضرات کی جنھوں نے اسسٹنٹ سکرٹری پیسہ فنڈ ہونا منظور فرمایا

نمبر	ضلع	نام اسسٹنٹ سکرٹری	پتہ
۱	جونپور	خان بہادر مفتی حیدر حسین صاحب	رئیس جونپور
۲	ضلع غازیپور	سید محمد قاسم صاحب	ڈنہرہ ضلع غازی پور
۳	ضلع غازیپور	حامد حسین صاحب	سکریری انجمن حمدویہ
۴	متھرا	چودھری سید ذوالفقار حسین صاحب	مہابن ضلع متھرا
۵	آگرہ	سید امیر حیدر صاحب	آگرہ شاہگنج۔ نثار منزل
۶	مرزاپور	سید محمد جلیل صاحب	گھوڑیکھا میبولی ضلع مرزاپور
۷	سیتاپور	محمد شاکر صاحب ٹھیکہ دار	سیتاپور
۸	اعظم گڈھ	شیخ باسط علے صاحب	رئیس پوگام ضلع اعظم گڈھ
۹	سارن	سید وزیر حسن صاحب بی اے	وکیل سارن
۱۰	پلاموں	نواب حاجی سید اسحاق علیصاحب	رئیس
۱۱	ہردوئی	شیخ نظیر حسین صاحب	سندیلہ ضلع ہردوئی
۱۲	کھیری	سید منظور حسین صاحب	ڈپٹی انجنیر جنگلات
۱۳	پرتابگڈھ	شیخ گلزار حسین صاحب	امین پرتاب گڈھ

۱۴	اناؤ	سید طالب علی صاحب	اناؤ
۱۵	بریلی	نواب امیر حسن خانصاحب	نائب صدر نشین لایل شیعہ سوسائٹی بریلی
۱۶	آرہ	سید فواد حسین صاحب	سکریٹری انجمن اثنا عشری کواتھ
۱۷	مونگیر	میر سید حسین صاحب	تاج حسین آباد ضلع مونگیر
۱۸	گورکھپور	سید نظیر الحسن صاحب	عسکر گنج ضلع گورکھپور
۱۹	الہ آباد	چودہری سید غلام حیدر صاحب	تعلقہ دار منجھن پور ضلع الہ آباد
۲۰	کانپور	سید محسن علی صاحب رضوی	اور سیر ملٹیری ورکس
۲۱	بھاگلپور	مناظر الحسن صاحب	مختار بھاگلپور
۲۲	بجنور ضلع لکھنؤ	سید احمد حسین صاحب	پریسیڈنٹ انجمن ناصر وجائنٹ سکریٹری شیعہ کانفرنس
۲۳	فتح پور	چودہری فضل حسین صاحب	رئیس قاسم پور ضلع فتحپور
۲۴	کلکتہ	شاہ محمد ضمیر صاحب حسین آبادی	شارشہ ہینڈ ثانی ہیسٹ بنگال کونسل
۲۵	ہردوئی	شیخ محمد جرار حسین صاحب	ہیڈ مولوی گورنمنٹ ہائی اسکول
۲۶	محمد آباد ضلع اعظم گڈھ	سید نور حسین صاحب	سکریٹری انجمن جولیہ
۲۷	اجودھیا ضلع فیض آباد	حکیم حامد حسین صاحب	محلہ سید واڑہ
۲۸	تحصیل سیدپور	شیخ محمد عسکری صاحب	ڈاکخانہ اتراون ضلع الہ آباد
۲۹	فیض آباد	سید محمد اختر صاحب	فیض آباد - امام باڑہ کلان
۳۰	بلگرام	منشی سجاد حسین صاحب	سکریٹری انجمن حیدریہ
۳۱	باندہ	سید مختار مہدی صاحب	کوٹھی الفت حسین صاحب باندہ
۳۲	شہر لکھنؤ	نواب سانولے آغا صاحب	منصور نگر - لکھنؤ
۳۳	لکھنؤ	شیخ صفدر حسین صاحب	نخاس - لکھنؤ
۳۴	لکھنؤ	جعفر محمد صاحب	نخاس لکھنؤ

۳۵	ناگپور	حکیم ضیاء حسین صاحب	رئیس ناگپور
۳۶	شہر امرتسر	چودہری مشتاق حسین صاحب	معرفت سکریٹری انجمن مرتضوی
۳۷	دکن	حکیم سید حفاظت علی صاحب نیوتنوی	سررشتہ دار بمبئی - دکن
۳۸	جبل پور	سید اعجاز حسین صاحب	محلہ لکڑ گنج

فہرست اسسٹنٹ سکریٹریان چندہ مضمون نے بعد اجلاس کانفرنس بذریعہ خطوط اپنی منظوری سے مطلع فرمایا

حکیم سید ذاکر حسین صاحب - مقام کہات - لال محل - حسن نواز صاحب - سکریٹری انجمن حسینی مطوکرہ - سید محمد مرتضی صاحب - لدولا درگاہ ڈاکخانہ رانی تولہ ضلع دربہنگہ سید تصدق حسین صاحب - کلرک پوسٹ آفس روپڑ ضلع انبالہ - سید محمد سجاد صاحب خلف میر امانت علے صاحب - میر منشی مرشد آباد - غلام مصطفے صاحب - مقام دہولپور بارہ سادات سید امیر حیدر صاحب - رئیس ککرولی ضلع مظفرنگر - سید خورشید حسن صاحب - وکیل بہنڈوہ علاقہ پٹیالہ علی قدر صاحب - لکھنو معرفت بی دیال کمپنی فوٹوگرافر حضرتگنج - سید علی نقی صاحب بہرت پور سید اولاد حسین صاحب - پریسیڈنٹ انجمن امامیہ کلانور مقام چوترہ چترران ضلع گرداسپور

رزولیوشن نمبر ۷

مولوی شیخ جرار حسین صاحب نے اس مختصر تقریر کے ساتھ پیش کیا کہ گیارہوین محرم کو عدالتون اور دیگر گورنمنٹی محکمہ جات کے کہل جانے سے ملازمین کو اوس تاریخ حاضری مین نہایت ہی دشواریان ہوتی ہین — روز عاشورہ کا غم والم اور فاقہ وغیرہ اونکو ایسا کمزور کردیتا ہے کہ وہ اپنے ہی ضلع مین دوسرے روز حاضری کے ناقابل ہوتے ہین اور اگر دوسرے ضلع مین جانا ہوتا ہے تو اور بہی تکلیف ہوتی ہے اور بعض کو تو اپنی جائے ملازمت کے دور ہونے

عاشورہ ہی کے دن سفر کرنا پڑتا ہے جس سے اونکی بہت دل آزاری ہوتی ہے لہذا مین رزولیوشن ہذا پیش کر کے امید کرتا ہون کہ تمام جلسہ اسکو منظور کریگا جناب سید غلام مرتضے صاحب انڈر گریجویٹ نے تائید کی۔

جناب نواب مرتضے حسین خانصاحب نے ترمیم پیش کی جسکی تائید جناب مولوی مبارک علے صاحب کی اور محرک نے منظور کیا۔

مسٹر یوسف حسین خانصاحب بیرسٹر ایٹ لا نے کہا کہ دل تو یہ چاہتا ہے کہ چہلم تک تعطیل ہو لیکن گورنمنٹ سے اوسیقدر مانگنا چاہیے جو مل سکے۔

ایسا رزولیوشن ہندوستان کے تمام انجمنون سے پاس ہونا چاہیئے رزولیوشن بالاتفاق پاس ہوا اوسکے بعد جوہر صاحب ایڈیٹر اتحاد نے اپنی نظم سُنائی بعد ایک آرسی جو کسی ضعیفہ نے دی تھی نیلام ہوئی اور جلسہ برخاست ہوا۔

یکم اکتوبر ۱۱؁ء ۱۹ اجلاس چہارم وقت شام

حافظ کفایت حسین صاحب نے تلاوت قرآن مجید فرمائی۔ اسکے بعد جناب نواب نصیر الممالک صاحب بہادر نے حسب ذیل تقریر فرمائی۔

تقریر عالیجناب نواب نصیر الممالک خان بہادر جناب مرزا شجاعت علی صاحب پرشین کانسل جنرل مقیم کلکتہ

اللہم صل علے محمد و آل محمد

حضرات۔ حمد و درود کے بعد مین انجمن تہذیب الاخلاق بنارس کا شکریہ ادا کرتا ہون کہ کانفرنس کے اس جلسہ مین انجمن نے شرکت کے لیے مجھے مدعو کیا۔ مین اس اجلاس کی نمایان کامیابی پر خدا کا شکر بجا لاتا ہون اور آپ حضرات کو مبارکباد

دیتا ہون - اس عظیم الشان مجمع کو دیکھکر ہمین فخر کرنا چاہیے بلکہ آئندہ کیلیے بڑی بڑی امیدین قایم کرنی چاہین —

حکومت برطانیہ کی سرپرستی مین شیعون کو اپنے دینی اور دنیوی ترقیات کا ویسا ہی عمدہ موقع حاصل ہے جیساکہ ایران مین - اگر ایران مین اتحاد و مذہب زبان رہنماے ترقیات ہے تو یقین فرمایئے کہ ہندوستان مین بھی باوجود اختلاف قومیت والسنہ حکومت برطانیہ کی معدلت شعاری آزادی پسندی اور انصاف دوستی ہماری ترقیات کے لیئے اس سے کم معین نہین اسوقت خوش قسمتی سے ہماری قسمتین ایک مہذب اور شایستہ گورمنٹ کے ہاتھ مین ہین - جو اپنی رعا کی تعلیم اور تربیت مین رنگ اور مذہب کا فرق نہین کرتی اور جسکے مبارک دور مین ہمکو یہ قطعی اطمینان ہے کہ ہمارے مذہبی یا تمدنی ترقی کی روک کے لیئے کوئی اندرونی یا بیرونی فساد ہمارے دامن کو مس نہین کرسکتا - باوجود ان اسباب کے بھی اگر موجودہ دور کے میدان مسابقت مین ہمارے قدم ہمارے ارادون کا ساتھ نہ دین اور عروج و ترقی کی منزل سے دور رہجائین تو دراصل اوسکی ذمہ داری خود ہماری قوم پر ہے نہ کسی اور پر - الحمد للہ کہ کانفرنس نے قائم ہوکر علما کی سرپرستی مین قوم کو خواب غفلت سے بیدار کیا - اور اب زمانۂ سابق کی ان غلط فہمیون - ناتجربہ کاریون اور غفلت کاریون کو راستے سے ہٹا رہی ہے جنکا وجود راہ ترقی مین سنگ حائل تھا اگر علما اور ملت نے اسکا ویسا ہی ہمیشہ ساتھ دیا جیساکہ اب نظر آرہا ہے اور توفیق الٰہی اسنے رہنمائی کی تو انشاء اللہ وہ دن دور نہین - جب قومی ترقی کا صاف وشفاف مطلع جو عوارض گوناگون سے غبار آلود اور مکدر ہوگیا تھا پھر اپنی اصلی درخشندگی کے ساتھ نمایان ہوجائے گا —

اس بات سے انکار نہین ہوسکتا کہ جسقدر امیدین کانفرنس سے وابستہ ہین

وہ سب ابتک پوری نہین ہوئین۔ اور بعض نکتہ چین احباب کا قول یاد آجاتا ہے
(جو درحقیقت ہمارے دوست ہین کیونکہ جس کام مین نکتہ چینی نہین کیجاتی ہے وہ
کام پورا نہین اوترتا) کہ ہمارے کانفرنس کے اجلاس مین محض نمایش ہی نمایش
ہے اور باتون کے سوا کوئی نتیجہ مترتب نہین ہوتا ہے مجھے اون نکتہ چین دوستون سے
صرف یہ درخواست کرنی ہے کہ وہ براہ نوازش تھوڑی دیر کے لیے سوچین
اور بہ نظر انصاف غور فرمائین کہ کانفرنس کا یہ اجلاس جو پیش نظر ہے یا آئندہ
اجلاس جو ہر سال ہند کے بڑے بڑے شہرون مین منعقد ہونگے اور تمام شیعہ
اپنے دینی اور دنیوی تعلیم کے پیچیدہ مسائل پر غور کرنے کے لیے جمع ہونگے اونکے
مقابلہ مین دنیا مین اور کونسا اہم ترین مقدس کام ہوسکتا ہے۔ ہمارا یہ امید کرنا
فضول ہے کہ آج جن امور پر بحث ہو رہی ہے کل ہی وہ سب کے سب تکمیل کو پہونچ
جائین گے۔ اور اوسکا خاطرخواہ نتیجہ بھی نکل آئے گا۔ جو لوگ یہ الزام لگاتے ہین
اونکو چاہیے کہ دو باتون کو ملحوظ خاطر رکھین۔ اول یہ کہ کانفرنس کے قیام کو کے روز
ہوئے کہ اس سے نتیجہ کی امید کیجائے طفل مکتب سے عالم متبحر کی امید بے معنی ہے
رومتہ الکبریٰ ایک دن مین آباد نہین ہوگیا تھا۔

دوسرے یہ کہ جو کچھ الزام لگایا جاتا ہے وہ کسی شخص خاص سے مخصوص
نہین ہے بلکہ خود معترض اور کل افراد شیعہ اس طرح کے الزامات مین شریک ہین
بہرحال گذشتہ سے ہمکو آئندہ کے لیے سبق لینا چاہیے اور ایسی تدبیرین سوچنی چاہئین
جنسے اغراض کانفرنس اب عملی طور سے ظہور مین آئین صاحبو؟ یہ ہماری کیسی خوش
نصیبی ہے کہ جماعت شیعہ کے ایک ایسی شاندار منظر کو دیکھ رہے ہین جہان ہند کے
علماے کرام، عالی خیال ارباب علم، اور شیعون کے مختلف طبقات سے
منتخب احباب اپنی جماعت کی تعلیمی ضروریات کو محسوس کرنے اور انکی تدابیر پر غور کرنے

کے لئے شریک ہوئے ہین - بھلا اس سے زیادہ دل خوش کن اور امید دلانے والا منظر اور کیا ہو سکتا ہے - اس کانفرنس نے کم از کم ہمارے دلونمین اپنی مدد آپ کرنیکی خواہش اور اپنے اوپر آپ بھروسہ کرنے کی دھن ضرور پیدا کر دی ہے - اور اور یہی ہماری قوم کا شعار ہونا چاہیئے اگر اسکو پستی اور رذلت سے نکلنا ہے اور اور اپنے گم شدہ عزت کو از سر نو حاصل کرنا ہے - مگر ساتھ ہی یہ بھی یاد رہے کہ جو جوش اور مستعدی شیعون مین پیدا ہو گئی ہے اوسکو ضائع ہونے دینا چاہیے بلکہ ایک مرتب نظام کے تحت مین لا کر اس سے کام لینا چاہیے تاکہ مفید نتائج مرتب ہون اور پیش نظر مقاصد کیطرف صرف ذہن و تخیل ہی کا نہین بلکہ عمل کے قدم آگے بڑہین - اس غرض سے چند امور آپ حضرات کی خدمت مین توجہ اور غور کے کے لئے پیش کئے جاتے ہین -

(۱) اول سب سے مقدم سب سے اہم - اور سب سے ضروری مسئلہ کانفرنس کے افراد و جماعت کو منظم کرنا ہے - اسلیئے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ہند کے ہر صوبہ کے دار الامارہ مین ایک انجمن قائم ہو اور اس صوبہ کے کل شہر اور قریون مین جہان جہان شیعونکی بستی ہے انجمنین قائم کیجائین اور یہ سب انجمنین اوسی صوبہ کے صدر انجمن کے ماتحت رہین - اور تمام صوبون کی صدر انجمنین لکھنؤ کے مرکزی کمیٹی کانفرنس کے ماتحت رہین اور اپنی اپنی سالانہ رپورٹ مرکزی انجمن مین ارسال کرین - مرکزی انجمن ان سب رپورٹونکا خلاصہ اپنے سالانہ رپورٹ مین مندرج کرے - اور کل ایسی کارروایان جسمین تمام شیعونکے مشترک ہون بصلاح و صوابدید کل انجمنہائے صدر مرکزی کمیٹی انجام دے - کل ماتحت انجمنین اپنے صوبہ کی صدر انجمن مین اپنی آمدنی کا ایک معین حصہ قلیل ہو یا کثیر ماہ بماہ داخل کیا کرین - اسی طرح ہر صوبہ کی صدر انجمن اپنی مجموعی آمدنی میں سے

ایک معین حصہ مرکزی کمیٹی مین داخل کیے جسکے حساب کتاب سے مرکزی کمیٹی ذمہ دار ہو گی۔ اس تجویز کی تفصیل و ترمیم کانفرنس کی راے پر موقوف ہے یہ محض ایک خاکہ ہے اور اوسکو تفصیل کے ساتھ لکھا جاسکتا ہے مگر یہان صرف مقصود ایک اشارہ کردینا ہے۔

(۲) انجمنہاے تجوزہ کے مقاصد مین سے پہلا مقصد بناے مجلس امام مظلوم ماہانہ و تابوت چہلم باعث ثواب دارین و موجب برکت ہے اس ذریعہ سے مومنین جمع بہی ہوا کرین گے۔ اور بعد اختتام مجلس کارروائی کا بہی ایک عمدہ موقع حاصل ہوجایا کرے گا۔

(۳) نماز جمعہ و ترمیم مساجد سے علاوہ جزاے اخروی کے وقار و عزت قوم بہی متصور ہے۔ اسواسطے انجمنونکے لیے یہ امور لازمی ہونے چاہئین۔

(۴) تحفظ اوقاف۔ یہ ایک اہم مسئلہ ہے اسپر ملت شیعہ کو نظر غایر ڈالنی چاہیے اور اوسکے تحفظ کی کوشش کرنی چاہیئے اوقاف ہند سے تمام شیعونکی تعلیم کے لیئے کافی سرمایہ جمع ہوسکتا ہے اور ہمارے تعلیمی مسائل مین اوسنے ایک عدیم النظیر مدد مل سکتی ہے۔ دنیا کے قدیم اور بڑے بڑے دار العلمون سے اگر وہ کثیر اوقاف نکال لیئے جائین جو بادشاہون۔ شاہزادون۔ اور امراے اونکی بقا اور دوام کے لیئے اپنے اپنے وقت مین مقرر کردیئے تھے۔ تو پہر وہ کچہ بہی نہین رہتے اسی طرح اسلامی تمدن کی ترقی کے لیئے زمانہ مین نظامیہ۔ مستنصریہ۔ مستنصریہ۔ اور ناصریہ جیسے مشہور عالم دار العلوم بہی سلاطین اور امراے اوقاف کے سرچشمہ سے جاری تہے۔ اور آج مصر کا جامع ازہر اور قسطنطنیہ کی بیسیون قدیم درسگاہ مین اسکی ایک زندہ نظیر ہمارے سامنے موجود ہے۔ ہند مین شیعون کے وزرا اور امراے مساجد حسینیہ اور تعلیم کے لیے

اپنے بیش بہا جائداد دین وقف کین اور اس دریاے فیض سے شیعون کے تعلیمات کا سلسلہ جاری رہا۔ اب بھی اگر اون اوقاف کی حفاظت کیجاے اور اونکے مصارف صحیح طور پر عمل مین لائے جائین تو شیعونکی تعلیمی حالت مین ایک انقلاب عظیم نمایان ہو

(۵) کانفرنس کے سالانہ اجلاس مین جو تجاویز منظور ہون اونکے انصرام کی ذمداری خاص خاص کمیٹیونکے متعلق ہونا چاہیئے۔ تاکہ وہ کمیٹی پورے طور سے ذمہ دار ہو۔ اور اپنی کارروائیون کی سالانہ رپورٹ مرکزی کمیٹی مین پیش کیا کرے مرکزی کمیٹی کا فرض ہونا چاہیئے کہ بذریعہ تحریر و رسائل تجاویز منظور شدہ کے انصرام و کامیابی کے متعلق برابر استفسار کرے۔ اور اُسکی عمل درآمد مین کوشش کرے اور سالانہ اجلاس مین کل کیفیت بذریعہ تحریر پیش کیا کرے۔

(۶) ایک انگریزی اخبار جسکے ساتھ اوسکا اُردو ترجمہ بھی ہو اور ہند کے تمام شیعون کا خیال اور مدعا ظاہر کرے اور جو بسبب اپنے راستی اور متانت کے گورنمنٹ اور پبلک کے نزدیک باوقعت سمجھا جائے بہت اہم اور ضروری ہے اسمین شک نہین کہ ایسے اخبار کے لیئے ایک معقول سرمایہ کی ضرورت ہے لیکن اگر قوم متوجہ ہوجاے تو کوئی بڑی بات نہین۔

(۷) درس و تدریس مین بھی کسیقدر اصلاح کی ضرورت معلوم ہوتی ہے۔ جو لوگ اسکولون اور مدرسون مین اپنے بچون کو کسی وجہ سے تعلیم نہین دیتے اونکے لیے اور بھی ضرورت ہے کہ اپنے لڑکونکی تعلیم کا زیادہ تر خیال کرین۔ لیکن جو رائج طریقہ کا تعلیم کہ چلا آتا ہے زمانہ کی رفتار کے موافق نہین۔ اسلیئے ایک کمیٹی قائم ہونی چاہیے۔ جس سے تالیف اور تصنیف کا کام متعلق ہو۔ ابتدائے تعلیم مین قرآن مجید اور اصول و فروع دین کے ساتھ اُردو کی چھوٹی چھوٹی کتابین اور حساب و جغرافیہ کے تعلیم سے جب فراغت حاصل ہو تب عربی اور فارسی کے

طرف توجہ کیجائے ۔ اس مطلب کے پورا کرنے کے لیے حساب اور جغرافیہ کے مفید رسالونکا تالیف ہونا ضروری ہے ۔ اس طرح کی تعلیم ہر مسجد اور امام باڑہ مین ہونی چاہیئے علے الخصوص ہر گاؤن اور ہر قصبہ مین جہان شیعونکی بستی ہے ۔ اسطرحکی تعلیم کا انجام دینا نہایت ضروری معلوم ہوتا ہے ۔ اور جو نصاب کانفرنس سے منظور ہو اوسی نصاب کی تعلیم عام ہند کے شیعونکو دیجاے ۔

(۸) لکھنؤ مین جو مدارس شیعونکے مخصوص موجود مین اور اوسط درجہ کی تعلیم دے رہے ہین اونمین سے ایک مدرسہ کا نصاب اعلی درجہ کے جدید پیمانہ پر انتہائی تعلیم کے لیے معین ہونا چاہیئے ۔ جو دینیات مین ایک مقتدر کالج کی حیثیت پیدا کرے اور اور صوبون کے لیئے اعلے نمونہ ہو ۔ نیز کامیاب متعلمین سے چند سند یافتہ فارغ التحصیل طلبا ہر سال بغرض تکمیل دینیات وعلوم شرعیہ وتہذیب نفس نجف اشرف بھیجے جائین ۔ اس ذریعہ سے چند دنون مین بہت کچھ ترقی ظہور مین آئیگی ہماری تعلیمی اخلاقی اور تمدنی تنزل کے علاج کی یہی ایک صورت ہے اور صرف تعلیم اور تربیت ہی ہماری اس حالت کو بدل سکتی ہے ۔ صحیح تعلیم وتربیت سے بڑھکر درستگی اخلاق کا اور کونسا ذریعہ ہوسکتا ہے ۔ یہی وہ سانچہ ہے جس مین مختلف انسانی کریکٹر ڈھلکر خراد پر چڑھ سکتے ہین ۔

(۹) صنعت وحرفت علے الخصوص فن زراعت مین شیعہ اطفال کو داخل کرنا بہت ضروری ہے اگر ہر سال ہر ہر صوبہ سے ایک متعلم کو بھی تعلیم دیجاے تو اسباب مین بھی بہت کچھ نمایان نتیجہ ظاہر ہوگا ۔ الزراعت کیمیا ر الاکبر ۔

(۱۰) اگر مجوزہ بالا انجمنین کسیقدر تجارت سے بھی انجمن کا سرمایہ بڑھائین تو تجربہ بھی حاصل ہوگا اور فائدہ کے حصول کا بھی ذریعہ ہوگا ۔

(۱۱) انجمن کے ساتھ ایک کتب خانے کا ہونا جسمین دار الاخبار بھی ہو لازم وملزوم ہے

فوائد اسکے محتاج بیان نہین۔

(۱۲) شادی بیاہ و دیگر تقاریب مین جو رسوم بے معنی مہمل اکثر صورتون مین خلاف تعلیم و منشاء شارع علیہ السلام ہوا کرتے ہین اونسے مومنین کو روکنا اور اونکو اسرافات سے محفوظ رکھنا کانفرنس کا ایک فرض ہونا چاہیئے۔

مین اپنی تقریر کو ختم کرتا ہون اور آپ حضرات سے بعد آرزو درخواست کرتا ہون کہ تجاویز بالا پر جہانتک ممکن ہو غور و فکر کرنیکے بعد عمل درآمد کے ہم سبکو سعی کرنی چاہیے جنکی قوم کو اشد ضرورت ہے۔ دلونکو یکجا کرین۔ کمرہمت مضبوط باندہین اور توفیق الٰہی پر بھروسہ کرکے کام شروع کردین پھر انشاء اللہ منزل آسان ہے اور منزل مقصود دور نہین۔ اب مین مجیب الدعوات سے دعا کرتا ہون کہ اس کانفرنس کی کارروائیان اچھے عنوان سے انجام پائین اور سب حضرات جوش و مستعدی اور خوشی و خوش اسلوبی سے اپنے اپنے فرائض ادا فرمائین۔ بحق محمد و آلہ الامجاد۔

بعدہ سکرٹری نے کہا کہ اعلیحضرت ہز ہائنس نواب صاحب بہادر بالقابہ دام ملکہم والیے رام پور نے اپنی تقریر دلپذیر بھیجی ہے جناب شیر زمان صاحب رکن ریاست مذکور پڑھ کر سنائینگے۔ امید ہے کہ سب حضرات نہایت توجہ کے ساتھ اوسکی سماعت فرمائین وہوہذا۔

تقریر دلپذیر اعلیحضرت کرنل ہز ہائنس عالیجاہ فرزند دلپذیر دولت انگلشیہ مخلص الدولہ ناصر الملک امیر الامرا نواب سر محمد حامد علیخانصاحب بہادر مستعد جنگ جی سی آئی ای فرمان روائے ریاست رام پور اے ڈی کانگ ٹو ہز مجسٹی دی کنگ ایمپرر دام ملکہم۔

حضرات - اخیر سنہ ۱۹۰۹ء مین بمقام لکھنؤ اسی کانفرنس کے اجلاس مین مینے شریک ہوکر اتفاق و اتحاد اور ترقی تعلیم و وفاداری گورنمنٹ پر اپنے خیالات ظاہر کئے تھے آج بھی بہت سے حضرات موجود ہونگے جنھون نے خود میری زبان سے میرے خیالات سنے تھے - خدا کا شکر ہے کہ اس تین برس کے زمانے مین کانفرنس استقلال سے کام کرتی رہی اور عملی کوشش بھی شروع ہوگئی ہے - فی الحقیقتہ یہ مجموعی حالت نہایت عمدہ فال اور قابل مبارکباد احوال ہے - لیکن جس طرح نے کام مین اختلافات ہوا کرتے ہین یہ کانفرنس بھی اوسکے اثر سے نہ بچ سکی -

حضرات یاد رکھیے کہ دنیا مین کوئی کام بغیر اختلاف کے مکمل نہین ہوتا اختلاف ہی سے کامیابی کی راہین کام کرنے والون کو سوجھتی ہین - اور کامیابی کی آرزوئین بڑھ جاتی ہین - کام کرنے کا جوش پیدا ہوجاتا ہے اختلاف ہی کامیابی کا ذریعہ ہے اسوقت جو مشکلین پیدا ہون جو دشواریان پیش آئین صبر و حلم سے اونکا مقابلہ کرنا چاہیے - عقل و حزم سے اوسے حل کرنا مناسب ہے - بجاے اس کے کہ معترضین کے حملے بیدل کردین اون حملون سے کام کی درستی کا جوش بڑھ جانا مناسب ہے - اس زمانہ مین تقسیم و تخصیص صدارت کی بحث ایک اہم مسئلہ ہے افسوس ہے کہ مین خود اسوقت شریک نہین ہوسکتا ورنہ اس مسئلہ کے متعلق اپنی راے خود بیان کرتا اس تحریر کے ذریعہ سے اپنے خیالات ظاہر کرتا ہون -

کانفرنس کا اصلی مقصود تمام قوم کی نصرت و حمایت ہے خواہ علمی امداد ہو - خواہ صنعتی اعانت یا اخلاقی نصرت مدعا رفاہ عام سے ہے - جسمین یہ عالیشان اور انصاف پسند سلطنت انگلشیہ ہر طبقہ کی معین ہے - خاص ممبران قوم جو تعلیم یافتہ ہین اونکو اسقدر اصلاح کی احتیاج نہین ہے بلکہ وہ تو خود اپنی قابلیت اور اپنی صداقت سے قوم کے لیے نمونہ ہین اور دوسرونکی اصلاح کا ذریعہ

لیکن اونکی تعداد اقل قلیل ہے اصلی اور قومی عنصر قوم کا افراد عام ہین - یہی گروہ مستحق امداد ہے اور یہی طبقہ محتاج اصلاح - خدا کا شکر ہے کہ عام طور پر علما کے ساتھ عقیدت ہے اور اونکے احکام بطیب خاطر قبول کئے جاتے ہین - جب کانفرنس کا مدعا بہبود عام ہے تو عام راے کا ملحوظ رکھنا ہی ضروری اور مناسب ہے ابھی کانفرنس کی ابتدا ہے فی الحال عام افراد قوم کی رائے کو ترجیح دینا اور صدارت کو علمائے ملت سے مختص رکھنا قرین مصلحت معلوم ہوتا ہے - رفتہ رفتہ جب کامل استقلال حاصل ہو چکیگی تو بمقتضاے وسعت خیال تعمیم صدارت پر ہر وقت غور و فکر کرنے کا موقع حاصل ہے - فقط

اسکے بعد رزولیوشن نمبر ۸ ہز ہائینس نواب صاحب بہادر بالقابہ موصوف کے شکریہ مین صدارت کیطرف سے پیش ہوا جسکی تائید کل حضار جلسہ نے بکثرت نعرہ ہاے درود سے کی بعدہ جناب پروفیسر مرزا محمد ہادی صاحب بی اے لکھنؤ نے جناب مولوی سید احمد علی صاحب موہانی مترجم صحیفہ کاملہ کو جلسے کے سامنے پیش کیا اور فرمایا کہ ہمارے کام کی ابتدا ہو گئی ہے کیونکہ ممدوح نے زبان انگریزی مین ترجمہ کرکے میرے ہاتھ مین دیدیا ہے اور یہ وہ مبارک ترجمہ ہے جس کے واسطے ہمارے قبلہ و کعبہ جناب مولانا سید ناصر حسین قبلہ لکھنؤ نے اپنے جیب خاص سے سو روپیہ چندہ کا وعدہ فرمایا ہے - مسودہ موجود ہے کہ بحیثیت سکریٹری دار الترجمہ اوسکو شروع سے اور آخر تک دیکھ لون اسکے بعد چندہ شروع ہوا اور اوسی اثنا مین ہز ہائینس عالیجناب مہاراجہ صاحب بہادر بالقابہ بنارس تشریف لاے حضار جلسہ نے تعظیم کی اور جناب خان بہادر مفتی سید حیدر حسین صاحب جونپوری نے حسب ذیل ایڈریس پڑھا -

بحضور معلی القاب جلالت مآب ہز ہائینس مہاراجہ سر پربھو نرائن سنگھ بہادر جی سی آئی ای والی ریاست بنارس دام اقبالہ وزاد اجلالہ

ہم تمامی ممبر و بہی خواہان آل انڈیا شیعہ کانفرنس بلکہ تمام قوم حضور معلی کا نہایت ادب سے خیر مقدم کرتے ہین اور تہ دل سے شکریہ ادا کرتے ہین کہ حضور معلےٰ نے ہم قومی مہمانان کو اپنے قدوم میمنت لزوم سے سرفراز فرمایا۔ یہ ہماری خوش نصیبی ہے کہ آج ہمارے درمیان مین حضور والا رئیس باقتدار رعایا پرور اور کرم گستر رونق افروز ہے حضور معلےٰ کی وسیع الخیالی اور عام ہمدردی کا اثر تو ہمارے دلون پر قبل سے موجود ہی لیکن اس عملی ثبوت نے ایسا ہمارے قلوب کو حضور والا کا گرویدہ بنالیا ہے کہ جسکو امتداد زمانہ بہی مشکل سے محو کرسکتا ہے یہ اسی وسیع الخیالی اور عام ہمدردی کا نتیجہ ہے کہ ایسے نازک وقت مین جبکہ دسہرا کا زمانہ اور بہت سے مشاغل کا سامنا ہے۔ حضور والا نے اپنے اشفاق و اخلاق عظیمہ او نیز مقامی حقوق پر لحاظ فرماکر کمیٹی انتظامیہ کی درخواست شرکت کو منظور فرمایا یہ اسی کا اثر ہے کہ ہمارے دل نہایت خلوص کے ساتھ ایسے ہمدرد رکن ہندوستان کے لیئے ترقی عمر دولت کی دعا کر رہے ہین۔ اس موقع پر ہم اپنی قومی جوش کے ساتھ اس امر کا اعتراف کرنے کے لیئے تیار ہین کہ اس ہمدردی اور وسیع الخیالی کا نتیجہ ہے کہ نیک نیت برٹش گورنمنٹ نے نہایت خوشی کے ساتھ ایسے کامل اختیارات حضور معلےٰ کو عطا فرمائے جسکی تہنیت ہم اپنے تمام قوم کیطرف سے ادا کرتے ہین اور یہ امر مسرت بالائے مسرت کا باعث ہے کہ ہمارے دین و دنیا کی ترقیون کی ذمہ دار کانفرنس ایسے مسعود زمانہ مین مدعو ہوے کہ جس مین ہماری تمام قوم کو ادائے تہنیت کا سب سے پہلے

موقع ملا ہے اور ہمارے معزز والے ریاست جو بعد حصول اختیارات سب سے پہلے کسی قومی کانفرنس مین شرکت فرمائی اور مبارکباد دینے کا موقع دیا وہ ہماری ہی کانفرنس ہے یہ زحمت فرمائی و عزت افزائی ہندوستان کی تمام روسا کو ہمدردی کا سبق دینے والی ہے کیونکہ حضور کا شی نریش کا اظہار ہمدردی فرمانا مذہبی وملکی دونون حیثیتون سے قابل پیروی ہے سمجھا جائے گا علاوہ اسکے ریاست بنارس سے جو خاص توسل شیعونکو رہا ہے اوسکا ایک خاص اثر ہمارے قوم کے دلون مین بھرا ہوا ہے اور حضور والا کی شفقت قدیمانہ و ہمدردی سے پوری امید ہے کہ یہ اثر ہمیشہ ہمارے دلونمین قائم رہے جسکا جواب بہ سبب نادرستی مزاج عالی خود مہاراجہ صاحب ممدوح نہین پڑھ سکے پرائیوٹ سکریٹری مہاراجہ صاحب ممدوح نے حسب ذیل سنایا۔

تقریر عالیجناب ہز ہائینس مہاراجہ صاحب بہادر بنارس جی سی آئی ای

معزز پریسیڈنٹ و حاضرین جلسہ شیعہ کانفرنس

آج مجھے اس جلسہ کی شرکت سے سچی خوشی و آپ صاحبونکے اڈریس دینے سے سچا فخر حاصل ہوا مین اس دن کو مدت تک یاد رکھونگا۔

اس ہندوستان مین اہل شیعہ کی تعداد دوسرے فرقون کے مناسبت سے ضرور کم ہے مگر اوس کمی کی تلافی اونکی لیاقت وحسن اخلاق و بزرگ نفسی سے نہایت اچھی طرح سے ہو جاتی ہے۔

اس قوم مین ابھی تک شیر خدا و فاتح خیبر حیدر کرار کا خون جوش زن ہے اور یہ فرقہ فن سپہگری و امور انتظام و انصرام ممالک وعلوم دینی و دنیوی کی مہارت مین ہمیشہ سبقت لیگیا ہے۔ زمانہ سلف کی تواریخ کو چھوڑ کر اگر اس زمانہ کے

لوگونمین دیکھا جاوے تو بہی شاید یہ قوم کسی دوسرے فرقہ سے کسی قسم کی لیاقت مین کم نہ پائی جاوے گی۔
سرسالار جنگ بہادر خلیفہ سید محمد حسن وسید محمد حسین صاحبونکا نام ایسا ہے جن سے کسی ملک کو فخر اور کسی قوم کو اونکے ہمول کا رشک ہو سکتا ہے۔
میرا و میرے خاندان کا تعلق اس فرقہ سے ایک مدت سے چلا آتا ہے۔ میرے مورث اعلے مہاراجہ بلونت سنگ کے سپہ لار- لال خان صاحب تہے جنکا مزار یہان سے نظر آتا ہے انکی خدمت اس ریاست کے قائم ہونے مین ایسے اعلے درجہ کے تہے کہ ہملوگ اونکا نام ہمیشہ شکر گزاری کے ساتھہ یاد رکھتے ہین میرے والد کے دیوان مولانا حاجی سید گلشن علے صاحب مرحوم نے ایک مدت دراز تک اپنے حسن انتظام سے ریاست کو فائدہ پہونچایا ہے اور اون کے حقوق خدمت بہت زیادہ ہین اور اب بہی میرے کلکٹر سید احمد حسن و میرے معزز تحصیلداران و میرے طبیب خاص سید منظر حسن وغیرہ جوکہ موجود ہین و نائب دیوان پنشنر کہ محض دو تین ماہ قبل سے پنشن لیا ہے فرقہ شیعہ اثنا عشریہ سے ہین میرے اوستاد فن سپہگری سید علے حسن مرحوم نے حسن محنت و وفاداری کے ساتھہ مجھے تعلیم و تربیت دی ہین اوسکا ہمیشہ ممنون رہونگا۔
غرضکہ میرا و میرے خاندان کا ذاتی تعلق اس فرقہ سے ایک مدت سے چلا آتا ہے اور مجھے جو امداد اہالیان قوم شیعہ سے اس ریاست کو ملی و مل رہی ہے اوس کی بابت ہملوگ تہ دل سے مشکور رہین۔ آج اس مجلس مین شریک ہونے سے اور آپ صاحبونکی طرف سے اڈریس پانے کی عزت حاصل ہونے سے گذشتہ باتین اور بہی یاد آگئین مین امید کرتا ہون کہ جو تعلقات ہملوگو نکے قایم ہین اونمین ہمیشہ ترقی ہوتی رہے گی۔ جوش اتحاد و خلوص کا سبق آپ حضرات نے

اج اس مجلس کے ذریعہ سے ہندوستان کو دیا ہے اس کا فائدہ ہر قوم و ملت کو لینا چاہیے۔ میری یہی دعا ہے کہ خداوند کریم اس قوم کو ترقی بخشے اور اس کانفرنس کے ذریعہ سے اس فرقہ کو علمی و عقلی و دینی و دنیوی دولت حاصل کراوے اور ہم تم مختلف طریقہ و ملت کے لوگ ایک دوسرے کے ساتھ حسن اتحاد سے بسر کریں اور ایک دوسرے سے فائدہ اوٹھاویں۔ ہز ہائینس پربھو نرائن والی بنارس

بعد اسکے تھوڑی دیر مہاراجہ صاحب ممدوح نے توقف فرمایا جناب محشر لکھنوی نے اوسیوقت دو شعر تصنیف فرما کر حضور ممدوح کے روبرو ارشاد فرمائے۔ جس پر ہز ہائینس نہایت مسرور ہوئے اور وہ یہ ہیں۔

یہ ظاہر ہو گیا ہر ایک پر اس بزم ایمان سے
خدا رکھے برستی ہے ریاست شان سبحان سے

یہ ہے اک مژدہ آمد میں مہاراجہ بنارس کی
بڑھیگا اتحاد باطنی ہندو مسلمان سے

فوراً ہی عالیجناب صفی صاحب لکھنوی نے تین شعر تصنیف فرما کر اوسیوقت پڑھے جو درج ذیل ہیں۔

سُن کانفرنس ایک تجھے بات بتائیں
دے اپنے مہاراجہ بنارس کو دعائیں

وہ سرور ذیجاہ تیری قوم کا محسن
جب آئے تو لازم ہے سر آنکھوں پہ بٹھائیں

یہ شیعوں کا ایک تخت جگر پانچ برس کا
مچلا تھا کہ سرکار کے جلسے دیکھنے آئیں

آخری شعر کو حضور ممدوح نے نہایت پسند فرمایا لیکن چونکہ وقت کم تھا اس لیے حضور ممدوح رخصت ہوئے اور حضار جلسہ نے اپنے معزز مہمان کو عزت و احترام سے رخصت کیا۔ بعدہ بقیہ چندہ صحیفہ کاملہ کی فہرست کھولی گئی اور وہ ختم ہو جانے کے بعد شکریہ پریزیڈنٹ صاحب جلسہ برخاست ہوا۔

٢- اکتوبر وقت صبح اجلاس پنجم

حافظ علی محمد صاحب جونپوری نے تلاوت قرآن مجید فرمائی اسکے بعد سید شبیہ حسن صاحب آنریری منیجنگ ڈایرکٹر شیعہ شیو کو کمپنی لیمیٹڈ نے رپورٹ حسب ذیل سنانا شروع کی تھی کہ جناب صاحب کلکٹر بہادر ضلع بنارس معہ جناب صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس وایک لیڈی صاحبہ ضلع مذکور جلسہ مین تشریف لائے اور اونکی موجودگی مین سید مظفر علی خان صاحب نے رزولیوشن متعلق وظایف خاندان شاہی لکھنؤ پیش کیا اور بیان فرمایا گورنمنٹ نے اٹھارہ ہزار روپیہ سالانہ شاہی خاندان کی تعلیم پر مصارف کے ذمہ داری فرمائی ہے۔ اور صاحب ڈپٹی کمشنر بہادر لکھنؤ توجہ دلاتے ہین کہ اونکے والدین پر تاکید کیجائے کہ جنکے بچے نہین پڑھتے ہین وہ پڑھائے جائین یہ ایسی فال نیک ہے کہ جس سے ہمکو امید ہوتی ہے کہ گورنمنٹ شاہی خاندان کے لئے نہین بلکہ کل مومنین ہند کے واسطے کالج کا انتظام فرمائے گی جناب پروفیسر مرزا محمد ہادی صاحب بی اے۔ نے تائیداً فرمایا۔ واقعی جیسا کہ ہمارے نامی رئیس نے فرمایا ہے زیادہ تائید وبیان کی ضرورت نہین ہے ع خاموشی از ثنائے تو حد ثنائے تست جو بات والدین کو کرنا چاہئے وہ گورنمنٹ اپنے ہاتھ سے کرتی ہے اور اپنے خزانہ سے صرف کرتی ہے آئندہ ہمکو بہت امید ہے ابتدا جس اصول سے ہوئی ہے وہ بہت امید افزا ہے بالاتفاق پاس ہوا۔

محرک کے موجود نہونے سے بتحریک مرزا محمد ہادی صاحب بی اے وبتائید سید مظفر علی خانصاحب رزولیوشن دارالترجمہ پاس ہوا۔ بعدہ رزولیوشن وقف علے الاولاد بتحریک نواب مرتضے حسین خانصاحب وبتائید جناب مولوی سید سبط حسن صاحب ممتاز الافاضل پانچواں جناب سید مظفر علے خانصاحب نے حسب اجازت پریزیڈنٹ صاحب حکام عالیمقام کے روبرو حسب ذیل الفاظ سے

شکریہ ادا کیا۔ مجھکو مجلس نے یہ عزت عطا کی ہے بحیثیت صدر اس مجلس بلکہ تمام شیعیان ہند کیطرف سے آپ حضرات کا شکریہ ادا کرون یہ شکریہ بے محل نہین ہے برٹش گورنمنٹ نے جو آزادی ہمکو عطا فرمائی ہے کہ جس کے سبب سے ہم اپنے فرائض مذہبی ادا کرتے ہین اسکے قبل ہمکو ایسی آزادی نصیب نہ تھی یہ ہمارا فرض مذہبی ہے کہ ہم ہمیشہ حکام وقت کی اطاعت کرتے رہین۔ حضور اس ضلع مین برٹش گورنمنٹ کے قائمقام اور افسر اعلےٰ ہین لہٰذا ہمارا فرض ہے کہ حضور کا شکریہ ادا کرین کہ اسطرح ہمیشہ اب حضور اس فرقہ کیطرف توجہ مبذول فرماتے رہین گے اور مین بالخصوص جناب لیڈی صاحبہ کا شکریہ ادا کرتا ہون بجواب اس تقریر کے صاحب کلکٹر صاحب بہادر ممدوح نے حسب ذیل اسپیچ کی حضرات سلام علیکم۔

ہم بڑی خوشی سے اس مجلس شریک ہوا ہے (ہوئے ہین) ہم جونپور مین سیکھا ہے (سیکھے ہین) کہ شیعہ لوگ کیسے ہین۔ کیسی خوشی کا بات ہے کہ تمام قوم کا چیدہ لوگ مفید کام کے لیے یہان جمع ہوا ہے ہم سے ایک صاحب نے کہا تہا کہ اسمین پلیٹکل بات نہین ہے مگر ہم نے دیکھا کہ اسمین پولیٹکل بات ہے اسکا مطلب اب ہم سمجھا۔ اسکا مطلب یہ ہے کہ اسمین لڑائی کا بات نہین ہوتا ہے یہ اچھا ہے اسمین پولیٹکل ہے لیکن سڈیشن نہین ہے لوگون نے پولیٹکل اور سڈیشن کو ایک سمجھا ہے۔ کیونکہ جو بات وقف اور تعلیم کا ہوا ہے وہ پولیٹکل ہے آپ لوگ ضرور اسطرف توجہ کرے جب توجہ نکریگا کام نہ چلے گا (نعرہ درود) انگریزی راج کبھی آپ کے مذہبی بات مین دخل نہین دیتا ہے (نعرہ درود) یہ ممکن نہین ہے کہ انگریزی راج مسئلہ وقف مین دخل دے وہ آپکے مذہب سے واقف نہین ہے جیسا آپ لوگ بتاوے گا وہ منظور کرے گی یہ نہین ہوسکتا کہ مسیحی قانون کو اوس مین دخل دیا جائے

(نعرہ درود) ہماری طرف سے سبکو سلام علیک (نعرہ درود) بعد اس کے جناب محشر لکھنوی نے دو شعر فوراً تصنیف کر کے حسب ذیل پڑھے۔

مبارک ہو ہماری بزم میں حکام وقت آئے
خوشی کا بحر ہے مانند گنگا کے تلاطم پر

قسم عیسیٰ کی اب اقبال اپنا روز افزون ہے
دماغ قوم شیعہ کیون نہو چرخ چہارم پر

(نعرہ درود) حکام وقت کو جلسہ نے باحترام رخصت کیا بعدہ جناب سید شبیہ الحسن صاحب نے حسب ذیل اپنی رپورٹ سنائی۔

رپورٹ سید شبیہ الحسن انریری منیجنگ ڈائرکٹر آل انڈیا شیعہ شوگر کمپنی متعلق اجلاس پنجم شیعہ کانفرنس بنارس

فغان میری دبی فریاد میں شیون ہیں نالے میں
سناؤن درد دل طاقت اگر ہو سننے والے میں

میں پہلے تہ دل سے قوم کا شکریہ ادا کرتا ہون۔ کہ جس نے منیجنگ ڈائرکٹری شیعہ شوگر کمپنی کی اہم ذمہ داریون کا بار احسان میرے سر پر رکھکر مجھے بیحد عزت بخشی اگرچہ میں اپنے آپ میں کوئی ایسی قابلیت نہین پاتا۔ کہ جسکی وجہ سے مین اپنے آپ کو ایسا اہم بار بآسانی اٹھانے کا متحمل سمجھون۔ مگر یہ بھی قوم کی ہمت افزائی پر منحصر ہے۔

حضرات۔ اگر کسی قوم نے دنیا مین اعلے سے اعلے درجہ کے ترقی پائی ہے۔ تو فقط تجارت سے۔ زراعت اور زمینداری کی آمدنی ششماہی۔ اور ملازمت کی ماہوار۔ مگر ایک تجارت ہے ایسی چیز ہے۔ کہ جسکی آمدنی روزانہ ہے وکلا کی آمدنی اگرچہ روزانہ ہے۔ مگر اوسمین بھی ایام تعطیل گویا ایام معطلی ہین مگر تجارت کہ جسکی ہفتہ مین ایک روز بھی تعطیل نہین لیکن تجارت کے واسطے سرمایہ بلکہ کافی اور وافر سرمایہ اور تجربہ کار و دل سوز کارکنونکی ضرورت ہے۔ اگر یہ دونون باتین

جمع ہو گئین تو پھر تجارت کیا ہے۔ گویا خدا کی بے پایان اور لازوال رحمت ہے۔
یہ ضروری اور لازمی امر ہے۔ کہ تجارت کی ابتدائی مراحل نہایت دشوار گذار
ہین۔ اسمین مشنری کی خریداری کارخانہ کی مکانات کی تعمیر۔ اور دوسرے متعلقہ
چیزونکی فراہمی مین سرمایہ کا بہت حصہ مقید اور معطل ہو جاتا ہے۔ کہ بدون جسکے
چارہ نہین اور انھین چیزونکے استعمال و صرف سے منافع ہوتا ہے مگر اس رقم پر
کچھ منافع گنا یا نہین جاتا مثلاً آپکے شیعہ شوگر کمپنی۔ کہ جسنے پہلے سال زیر کار کردگی
محکمہ زراعت کام شروع کیا۔ مشنری اسٹیشنری۔ تعمیر مکان اور اوسکے متعلقات
مین صمعہ عاے روپیہ صرف کئے۔ اور چار ہزار روپیہ کا رس خریدا۔ جس سے
ایک ہزار روپیہ کا منافع ظاہر کیا ہے یہ منافع اگرچہ چار ہزار کے مال پر ظاہر معلوم
ہوتا ہے۔ مگر دراصل معہ عاے پر ہے۔ کیونکہ بغیر مشنری وغیرہ اجراء کار ممکن ہی
نہ تھا۔ اب مین اپنے اور شیعہ شوگر کمپنی کے تعلقات ظاہر کرتا ہون۔ مجھکو آنریری
منیجنگ ڈائرکٹری کی عزت اجلاس چہارم آل انڈیا شیعہ کانفرنس مقام امروہہ
مین عطا کی گئی ہے۔

میری تقرری سے قبل۔ حسب تجویز اجلاس بورڈ آف ڈائرکٹرز منعقدہ ۲۰ جون
۱۹۱۵ء مقام لکھنو کوٹھی جناب شیخ یوسف حسین صاحب بیرسٹرایٹ لا۔
بدفعہ ۴ تجویز ہوا کہ جسقدر روپیہ تقاوی نیشکر بمقام امروہہ تقسیم کی ضرورت ہو
جناب خان بہادر سید محمد ہادی اسسٹنٹ ڈائرکٹر محکمہ زراعت اپنی نگرانی سے
تقسیم کرادین۔ بورڈ منظور کرتا ہے۔

چنانچہ خان بہادر موصوف نے سید محمد مسلم ملازم محکمہ زراعت کے
معرفت دو کھنڈسالیو نسے انکے خرید کردہ رس پر ما صہ منافع
دیکر حسب تفصیل ذیل رس خریدا۔

نام موضع	قیمت رس جو کاشتکارونکو ملی	منافع جو کنندسالین نے لیا	خرچ تحریر و تکمیل دستاویزات	میزان
بھیکن پور فونڈہ	[illegible]	[illegible]		
داسی پور دسوادا امروہہ	[illegible]	[illegible]		
	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

اس خریدرس مین باوجود میرے مشورہ کے یہ غلطی ہوی - کہ رس بدون موقع پر جانچے خریدلیا - جسکا نتیجہ یہ ہوا - کہ رس بہت کم وصول ہوا چلتے بیلون پر [illegible] کا اور رس مین نے خریدا تو یہ کل رقم جو خریداری رس مین علاوہ منافع کنندسالین اور خرچ تحریر و تکمیل دستاویزات کے کاشتکارون کے پاس گے [illegible] تھے جسمین سے [illegible] کا رس کاشتکارونسے وصول ہوا اور [illegible] بذمہ کاشتکاران اس تفصیل سے باقی رہ بذمہ کاشتکاران بھکن پور موندہ [illegible] بذمہ کاشتکاران دوسی پور امروہہ [illegible] کا موندہ نے اپنا رس [illegible] اور کنندسالے کے ہاتھ فروخت کردیا لہذا رس [illegible] کے منجملہ آٹھہ کاشتکارون پر نالشین دائر کرکے ڈگریان حاصل کرلین - باقی کچھہ کاشتکار روپیہ دے گئے - اور کچھہ ابھی باقی ہین - شایدوہ وہ بلانالش روپیہ ادا کردین ورنہ انپر بھی نالش دائر ہوگے - موضع داسی دسوادا امروہہ کا رس پھر [illegible] کا شیعہ شوگر کمپنی نے خریدلیا - لہذا وہ بقایا بھی [illegible] دستاویزون مین شامل ہوگئے - جسکا رس

وہ [illegible] اقساط میں ادا کرین گے۔

وہ رس جسکی خریداری اور بقایا کا ابھی ہوا ہے۔ اسکے رس اور کھانڈ اور شیرہ کی تعداد حسب ذیل ہے۔

کل وصول شدہ	راب جو تیار ہوئی	کھانڈ	بنیا شیرہ جو علیحدہ ہوا
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
کمی خشکی کھانڈ	کھانڈ خشک تیار شدہ	کھانڈ مع قند بنیا	بنیا
[illegible]	[illegible]	[illegible] من	[illegible]

یہ کھانڈ اور شیرہ۔ اس سال کھانڈ اور شیرہ کا بازار مندا ہونے کی وجہ سے ابھی تک فروخت نہین ہوا۔ ورنہ مین حساب منافع بھی ابھی عرض کرتا۔ بلکہ ابتک تقسیم منافع وتکمیل رجسٹری کمپنی سے فراغ پاچکا ہوتا۔

میری تقرری کے بعد۔ جلسہ بورڈ اف ڈائرکٹرز منعقدہ ۳۰۔ اکتوبر ۱۹۱۰ء نمبر ایک مین تجویز ہوا تھا۔ کہ بارہ ہزار روپیہ کا رس خریدلیا جائے یا اُس سے زیادہ جس قدر ممکن ہو۔ اور نمبر چار کارروائی جلسہ مذکور مین زیادہ سے زیادہ [illegible] فی کردہ کے خریداری کی اجازت تھی۔ چنانچہ مین نے اسکی تعمیل میں موضع داراپور وسکت پور پرگنہ سنبھل کا رس فی کردہ تیس روپیہ اور داسی پور پرگنہ امروہہ کا رس فی کردہ [illegible]، اور ہریانہ پرگنہ امروہہ وسواد امروہہ کا رس فی کردہ [illegible]، اور عزیز نگر وسعید آباد کا رس فی کردہ [illegible]، خریدا۔ یہ رس جو خرید جاچکا ہے۔ ملیتے تخمیناً بارہ ہزار روپیہ کا ہے۔ جسکی منجملہ دو قسطوں مین ابتک نہایت کفایت شعاری سے چھہ ہزار آٹھ سو روپیہ بارہ آنہ نقد اور [illegible] بقایا داسی پور والی یعنے کل [illegible] تقسیم کردیے۔ اب کنوار کی قسط مین [illegible] سو روپیہ کے ادائی کی اور ضرورت ہے۔ اور میری تحویل مین

اسوقت لمابلغہٖ اور باقی ہین — مین قوم سے التماس کرتا ہون — کہ وہ سب اللغ عالٰے سر روپیہ فوڑا اون خریداران حصص سے — کہ جنکا روپیا ابھی تک ادا نہین ہوا — وصول کردے ورنہ اس سال ۱۳۱۹ھ مین جسقدر زیادہ نفع کی امید ہے — کاشتکارون کی مخالفت مین اسقدر نقصان ہوجائے گا مین نے اس خریداری رس مین ہرگز خود دہائی نہین کی — بلکہ کارروائی جلسہ بورڈ کی ہدایت کے موافق — کہ جسکا ابھی ذکر چکا ہون نہایت کفایت شعاری سے رس خریدا ہے مین اپنے فرض منصبی سے ادا ہوگیا — قوم کو اپنے نفع اور نقصان کا خود اختیار ہے فروخت شدہ حصص کا روپیہ وصول نہ ہونے — یا باقیماندہ حصص فروخت نہونیکے بابت قوم کے بعض معزز حضرات مثل سید ہادی حسن صاحب ساکن پہیر ریاست بھرت پور چودہری السید نظیر الحسن صاحب ساکن ہماین ضلع متھرا وغیرہ کا یہ خیال ہے — کہ کانفرنس نے یہ کام شوگر کا محض قوم سے افلاس دور کرنے کی نیت سے کہولا ہے — لہذا منافع اگر فیصدی چھہ روپیہ ہووے تو کانفرنس کچھہ نہ لے — کیونکہ اسقدر منافع ہمکو بنک سے بھی مل سکتا ہے ہان جسقدر یعنی صدی چھہ روپیہ سے زیادہ منافع ہو — کانفرنس اُسمین بھی نصف منیجنگ ڈائرکٹر اور تمام ڈائرکٹرز اسکے حصہ دار رہون — پانچسو روپیہ سے کم کا حصہ دار کوئی ڈائرکٹر نہو — ڈائرکٹرز مین تین طبقہ کے حصہ دار حضرات مساوی تعداد مین ہون — ایک طبقہ تجار حضرات کا — دوسرا قانون دان حضرات کا تیسرا امرا حضرات کا — اور حضرات علما اسکے مربی و سرپرست ہون جو ڈائرکٹرز ہمیشہ کارخانہ کے اور چلتے بیلون پر کنڈ سالونکی حالت ملاحظہ فرماتے رہین — جس سے وہ منیجنگ ڈائرکٹرز کو بھی مفید مشورہ دین — اور کارخانہ کے معائنہ سے کارخانہ کی ضرورتونکو بھی محسوس کرین خود کارخانہ سے

کامل اطمینان کرین اور قوم کو بھی اطمینان دلائین۔ کہ جس سے عام بددلی دور ہو۔ اور وسائل فروخت حصص و فراہمی و افزونی سرمایہ کی بہم پہونچائین۔ میری رائے مین وافر سرمایہ سے اگر وافر منافع ہوگا۔ تو کانفرنس کو فیصدی چھ روپیہ منافع بحق شرکاء چھوڑکر۔ زیادہ منافع سے نصف لینے مین۔ جو فائدہ ہوگا۔ وہ اس سے بدرجہا زیادہ ہوگا۔ جو کانفرنس کو قلت سرمایہ مین ملیگا۔ اور بدون بددلی کے اسباب دور کئے اور قوم کے رضامندی حاصل کیے نہ فروخت شدہ حصص کا روپیہ وصول ہوسکتا ہے نہ جدید حصص فروخت ہوسکتے ہین۔ اسبارہ مین جب تک تمام قوم متفق ہوکر کوشش نہ کرے۔ مین بذات خاص کیا کرسکتا ہون۔ کمپنی کی رجسٹری جسقدر جلد ہوجاتی اچھا تھا۔ لیکن جلسہ عام بورڈ آف ڈائرکٹرز منعقدہ ۱۷۔ اپریل ۱۹۱۱ء مقام لکھنؤ دفتر شیعہ کانفرنس مین یہ تجویز ہوا ہے۔ کہ منافع آئندہ سے اس رجسٹری کا خرچ کیا جائے۔ اور جو روپیہ بعد صرف رجسٹری باقی رہے۔ وہ حسب قاعدہ شرکاء پر تقسیم کیا جائے۔ چونکہ کھانڈ اور شیرہ۔ جیسا کہ پہلے عرض کرچکا ابھی فروخت نہین ہوا۔ لہذا کمپنی کی رجسٹری سے مجبور ہون۔ اگر قوم مدد فرماکر چارسو روپیہ خاص اس کام کے واسطے مجھے دیدے۔ تو مین اسیوقت رجسٹری کمپنی کی واسطے موجود ہون۔

کھانڈ اور شیرہ جو ابتک فروخت نہین ہوا۔ یہ کوئی اندیشہ کی بات نہین ہے امروہہ سنبھل مراداباد چندوسی مین ہرجگہ مدہ وار کے سبب سے کھانڈ اور شیرہ رکا ہوا ہے۔ اور تاجرو نمین یہ مثل مشہور ہے کہ مال مین کبھی نقصان نہین ہوتا اگر مالک مین گنجایش ہو حضرات یہ تجارت آپکی قومی تجارت ہے۔ اور یہ اسکے ابتدائی مشکلات ہین۔ جو ہر ایک تجارت مین تاجرونکو

پیش آتے ہین - اگر آپ حضرات ہمت فرماکر روپیہ سے نیک مشورہ سے ہمیشہ اسکی اعانت فرمائینگے - تو یہ کمپنی تجارت کے بہت سے پہلونکو اپنے آغوش مین لیے ہوے قوم کو معراج ترقی پر پہونچا دیگی - اگر ایسا نہ کیا - تو نقصان مایہ وشماتت ہمسایہ کا مصداق بنا پڑیگا -

ان خریداران حصص کو کہ جنکا روپیہ ادا ہوگیا ہے یا جنکا روپیہ ادا ہونا ابھی باقی ہے بلکہ تمام شیعہ پبلک کو اختیار حاصل ہے کہ نہایت اطمینان اور ٹھنڈے دل سے کمال سنجیدگی و مآل اندیشے کے ساتھ اس کمپنی کی نسبت جو اعتراض ہون شوق سے کرین اور تمام عیوب ونقصانات کو جو بعد تحقیق وتنقیح ثابت ہون رفع فرماکر ہرصورت سے اپنا کامل اطمینان حاصل کرلین تاکہ پھر کسی کو کسی قسم کا عذر خریداری حصص اور ادائیگی قیمت حصص مین باقی نہ رہے -

کیونکہ یہ کمپنی ابتدا مین بعض وجوہات سے بے وقت زیربار ہوگئی ہے - مثلاً انجن و بوائیلر وتکمیل کرہاو کے خریداری مین یکمشت الللے ا ا ا ... ... قبل ازوقت صرف ہوگئے - یہ سب چیزین کرایہ پر بھی مل سکتی ہین چنانچہ خاص میرے ساتھ نیز اکثر حضرات کے ساتھ عام طور پر محکمہ زراعت نے یہ احسان کیا ہے اگر اسکے کارکن کوشش کرتے توکوئی وجہ تھی کہ شیعہ شکر کمپنی اس رعایت سے محروم رہتی اور الللے ا ا ... روپیہ تبادلہ تجارت مین صرف ہوتا کہ جس سے ایک معقول رقم منافع کی ملتی -

خیر اب تو جو روپیہ صرف ہونا تھا ہوگیا - کہ جسکا نعم البدل کیا بدل ہونا بھی ممکن نہین - بلکہ سب سے زیادہ افسوسناک بات یہ ہے کہ جسقدر رمال اس سال ۱۹ ف کا شیعہ شوگر کمپنی نے خریدا ہے - اسکے واسطے یہ انجن ومشین ناکافی ہے - اسکی بابت مین نے محکمہ زراعت سے خط کتابت بھی کی

اور خود بھی پرتاب گڈھ جاکر زبانی گفتگو کی۔ لیکن سردست تبادلہ انجن و بوئیلر کا کوئی ذریعہ نہین نکلا۔ اب یہ ہوسکتا ہے کہ اسی انجن و مشین کی مرمت کراکر اس سے کام لیا جاے۔ مستری محکمہ زراعت سے بلایا ہے تخمینہ صرف مستری کے آنے پر معلوم ہوگا۔ لیکن مرمت ہونے پر بھی اسمین وقت زیادہ صرف ہوگا اور خرچ بھی زیادہ پڑیگا۔ جیسا کہ سال گذشتہ مین ہوا کہ الطاف... کا قیمتی رس مختلف دو ... من نہین پکانا پڑا۔ جو ایک دوسرے سے آدھ میل کے فاصلہ پر تھا دو جگہ دو بھٹیان اس قلیل رس کے واسطے لگا مین پورا عملہ رکھنا پڑا۔ جسکی وجہ سے اسقدر خرچ پڑا جو آٹھ دس ہزار کے قیمتی رس پر پڑتا اگرچہ مین نے اسوقت بھی قسم قسم کی کوشش کی اور تمام نشیب و فراز دکھا ئے مگر کہین کچھ سماعت نہوئی ورنہ سال گذشتہ من بھی ممکن تھا۔ کہ دس بارہ ہزار روپیہ کا رس آسانی سے ملجاتا۔ مین کسی کی شکایت نہین کرتا۔ ہان اسقدر ضرور افسوس کرتا ہون کہ یہ بار میرے سرپر ایسے وقت ڈالا گیا۔ جبکہ ابتدائی بے عنوانیون سے قوم بیدل ہو چکی تھی۔ جسکا ثبوت اس سے ملتا ہے۔ کہ پھر نہ کسی صاحب نے کوئی نیا حصہ خریدا۔ اور نہ پہلے خرید کردہ حصص کا روپیہ ادا کیا مجھکو جسقدر قوم کے نقصان کا ملال ہے اُس سے کہین زیادہ اسکا خیال ہے ایسا نہ ہو کہ ان تمام ابتدائی بی عنوانیون کا وبال قوم لاعلمی کے وجہ سے میرے سر لگائے۔

مین قوم سے التماس کرتا ہون کہ آپ حضرات جس صورت سے مناسب سمجھین اس کمپنی کے معقول اصلاحات بعد تحقیق کامل فرما دین۔ مین ہر ایک ارشاد کے تعمیل کو حاضر ہون۔

سوا لاکھ روپیہ کے سرمایہ سے قوم نے یہ کمپنی کھولنے کا قصد فرمایا تھا۔ غالبًا اسی خیال سے فورًا مشنری نقد خرید کر ڈالے مگر اب جن وجہات سے

قوم کو اس قصد سے باز رکھا۔ جب تک انکے اصلاح نہ ہوگی۔ اس کمپنی کا ترقی
کرنا کیا۔ کسی رفتار پر بھی چلنا ناممکن ہے خواہ وہ اصلاحات واقعی ہوں۔
یا خیالی۔ قوم کے بے اطمینان و رضامندی کیلئے کارکن کیا کرسکتے ہیں۔
ساڑہے بارہ ہزار حصص میں سے اسوقت تک تخمیناً محض صرف اٹھارہ سو
حصص فروخت ہوکر روپیہ کمپنی میں آیا ہے دس ہزار سات سو حصص کا روپیہ
آنا ابھی باقی ہے جسمیں دو ہزار تو فروخت شدہ حصص ہیں۔ اور آٹھ ہزار
سات سو غیر فروخت شدہ۔ اسکے متعلق قوم مجھے مدد اور مشورہ دے۔ کہ
جس سے فروخت شدہ حصص کا روپیہ وصول ہو اور غیر فروخت شدہ حصص
فروخت ہوں اب میں ایڈیٹر صاحبان اخبارات کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔
کہ جن حضرات نے بلا کسی معاوضہ کے محض قومی ہمدردی سے شیعہ شوگر کمپنی
کے مشکلات آسان کرنے میں قوم کی نیز میری مدد فرمائی۔ مثلاً خلط رجسٹر کی
صحت میں اصلاح و اثنا عشری و ال انڈیا شیعہ گزٹ نے مجھے بہت مدد دی
اور آل انڈیا شیعہ گزٹ تو خاص طور سے شکریہ کا مستحق ہے کہ جسنے متواتر اہتمام
کرکے رجسٹر وصولی شرکاء معہ تقسیم منافع کو بلا معاوضہ شایع فرماکر اوس بدگمانی کو
رفع کیا کہ جسکی وجہ سے رجسٹر وصولی شرکاء کے موجودہ صحت قابل اطمینان نتصور
تقسیم منافع کے بابت عرض کرتا ہوں۔ محکمہ زراعت نے جو ایکہزار روپیہ منافع
کا ظاہر کیا تھا اور جسکی تقسیم کا مجھے ایجاب ہوا تھا وہ ... آمدہ لغایت
جنوری ۱۹ء پر جسپر منافع دینا قرار پایا تھا۔ تقسیم ہونے میں پائیاں بھی
ہوتی تھیں جو بذریعہ منی آرڈر روانہ نہیں ہوسکتی تہیں اور فی حصہ کے
حساب سے ... پر ... کی رقم بلا پائیونکے تقسیم ہوسکتی تھی
یہی مناسب معلوم ہوا۔ کہ پائیونکی مشکلات سے نجات پانیکو ... شرکاء

تقسیم کردون - چنانچہ ایسا ہی کیا اور السے تقسیم کردیے عا/ پانچ حصوں کے
پانچ حضرات شرکاء کے بوجہ ٹہیک پتہ معلوم نہونیکے ابہی تک بہیجنے سے باقی ہین
جنکے نام مبارک ذیل مین درج ہین - اگر وہ حضرات جلسہ کانفرنس مین تشریف
رکہتے ہون تو اپنا منافع دست بدست لے لین یا شرکاء جلسہ مین سے کوئی صاحب
اونکے ٹہیک پتہ سے واقف ہون تو مجہے ضرور مطلع فرمائین تاکہ اوس پتہ سے
اونکا منافع بہیجدون سید حسین محمد صاحب سہارنپوری - مرزا جعفر علے صاحب
و مرزا ناصر علے صاحب و مرزا باقر علے صاحب و مرزا مظہر علے صاحب الہ آبادی
اس السے تقسیم شدہ کے منجملہ عہ کے منی آرڈر واپس آئے
جسمین سے عہ حکیم فضل حسین خانصاحب لکہنوی کے دفتر کانفرنس مین
بہر دست بدست دیے اور پانچ روپیہ آٹہ آنہ کے دو منی آرڈر بنام محمد احمد
و عطا عباس روانہ کئے عہ منی آرڈرہاے واپس شدہ کے ابہی تقسیم کو
اور باقی ہین جنکو نام بنام مین ہی شیعہ گزٹ مین مشتہر کردیا ہے - مین امید
کرتا ہون کہ حضرات شرکاء آل انڈیا شیعہ گزٹ کے ان پرچون کو کہ جن مین
رجسٹر شرکاء شایع ہے ملاحظہ فرماکر مجہے مطلع فرمائین - اور اپنا ٹہیک پتہ تحریر
فرمائین - تاکہ اس ہفتہ مین پہر منی آرڈر بہیجون - اور جو حضرات اس کانفرنس
کے جلسہ مین موجود ہون کہ جنکے پاس منافع نہین پہونچا ہے - وہ ہمین میرے
خیمہ پر تشریف لاکر اپنا منافع لے لین -

اسقدر اور عرض کرون گا - کہ جو میری تحویل مین لمابعہ باقی ہین - انہین یہ رقم
عہ منافع واپس شدہ اور عہ وظیفہ طلبا ہی شامل ہے - جسکی مجموعی تعداد
ماعہ ہوئی - اسکی منہا ہی کے بعد اصل رقم کمپنی کی جاہیے ہے -
نہایت افسوس سے یہ ہی ظاہر کرتا ہون کہ یہ ایک ہزار روپیہ منافع جو محکمہ

زراعت نے دیا ہے یہ سب ۱۳۰۷ف کا ہے یہ بلا مجرائی و محسوبی خرچ متعلق مینجنگ ڈائرکٹر صاحب نے کردیا ہے۔ اور اس خرچ کی بعض بعض رقمون پر ابھی تک محکمہ زراعت سے جھگڑا ہے سردست وہ سب رقمین دکھاتا ہون کہ جنکو محکمہ زراعت مجرا نہین دیتا۔ اگر اسمین سے کوئی رقم محکمہ زراعت نے مجرا یا واپس دی تو وہ پھر دکھاؤنگا۔ تفصیل انکے یہ ہے۔

صرف معہ جناب حیدر مہدی صاحب — تنخواہ سید افضل علے منو۔

عـــہ/ مالـــہ/

تنخواہ سید آغا حسین — تحویل سید قاسم حسین — صرف متفرق۔

ســہ/ للـــہ/ مالـــہ/

بقایا دی گئی بادل خان ٹھیکہ دار — میزان کل — اصل منافع

مالـــہ/ مالـــہ/ عـــہ/

یہ حساب مجھکو بعد تقسیم منافع پرتاب گڈھ محکمہ زراعت مین جانے سے معلوم ہوا جسکو اب مین ظاہر کرتا ہون — اور ان رقمون مین سے جنکی بابت مجھے عذر ہے وہ محکمہ زراعت کے متعلق حساب شامل رپورٹ ہذا مین مینے مجرا نہین کیے ہین — اس مین ملاحظہ ہون —

حضرات — آپ حضرات ذرا میری طرف متوجہ ہون — محکمہ زراعت نے اگرچہ خرچہ مذکور الصدر مجرا نہین دیا۔ یا مشنری مین خرچ زیادہ ہوگیا — تو یہ وہی ابتدائی مشکلات تجارت ہین — کہ جن کو مین عرض کر چکا ہون — مگر اسکے ساتھ ہی مین آپ کو اطمینان دلاتا ہون کہ اگر آپ صاحبان نے کچھ اور صبر کیا اور وہ بھی صرف اسقدر کہ جو رس خرید کردہ ۱۹۳۰ف ہے اور جس کے کچھ

سیزن کے بعد راب تیار ہوگی - اسکے آنیکے بعد یہ افسوس موجودہ خوشی سے مبدل ہو جائیگا - کیونکہ ۱۳۱۲ف مین [illegible] کے خرید کردہ رس کی تجارت ہوی - اور ۱۳۱۳ف مین [illegible] کے خرید کردہ رس کے اور اب ۱۳۱۹ف مین اگر قوم نے میری مدد کی تو بارہ ہزار روپیہ کی تجارت ہوگی اب قوم خود خیال فرمائے کہ [illegible] اور [illegible] کے مقابل مین [illegible] کی تجارت کیسی نتیجہ خیز اور دلخوش کن ہوگی - اب صرف قوم کی ہمت اور روپیہ کی ضرورت ہے - کہ جس سے قسط کنوا ادا ہو جائے اور بس - مجھے جو کچھ عرض کرنا تھا عرض کرچکا اب قوم کو اختیار ہے چاہے سو کرے -

بر رسولان بلاغ باشد و بس -

حساب متعلق محکمہ زراعت

جو روپیہ شوگر کمپنی کا محکمہ زراعت کو وصول ہوا

	روپیہ	افزون
بذریعہ راجہ سید ابو جعفر صاحب تعلقدار	[illegible]	
بروقت اجلاس کانفرنس	[illegible]	
از یوسف حسین خانصاحب	[illegible]	
از الہ آباد بنگ	[illegible]	[illegible]
بابت منافع ۱۳۱۲ف	[illegible]	[illegible]

وصول از محکمہ زراعت

	روپیہ	افزون
نقد نزد میجک ڈاکٹر [illegible]	[illegible]	
۱۳ نومبر [illegible]		
خرید رس اسی پونڈ ہونگر ۱۳۱۹ف معہ سید [illegible]	[illegible]	
خرید انجن و بوائیلر	[illegible]	
خرید مکمل	[illegible]	
خرید کڑھاؤ	[illegible]	[illegible]
	[illegible]	

وہ خرچ جو محکمہ زراعت میں لیا و رمانگا جاتا ہے		بقیہ رقم دیگی محکمہ زراعت
تنخواہ سید افضل علی محرر	[illegible]	
تنخواہ سید آغا حسین محرر	[illegible]	
باربرداری انجن وغیرہ درسلہ امروہہ	[illegible]	
خرید صندوق برائے انجن وغیرہ	[illegible]	
بقایا دیگی بادنجان شیکدار	[illegible]	
	[illegible]	[illegible]

حساب متعلق میجنگ دائرکٹر ۳۰ - اکتوبر سنہ ۱۹۰۸ء لغایت ۳۰ ستمبر سنہ ۱۹۰۹ء

وصول نزد میجنگ ڈائرکٹر

	روپیہ	افزون
از نزد سکریٹری بدفعات	[illegible]	
از محکمہ زراعت بدفعات	[illegible]	
از الہ آباد بنک	[illegible]	
از نزد راجہ سید ابو جعفر صاحب تعلقدار	[illegible]	[illegible]
از محکمہ سال سابق بابت فاضلات کاشتکاران	[illegible]	
وزر کاشتکاران بابت بقایا شکر تخمی ومعہ سنہ [illegible]		
واپسی منی آرڈر شکر کا	[illegible]	
فروخت کھانڈ باگی	[illegible]	
وظیفہ طلباء شکر محکمہ زراعت	[illegible]	[illegible]
	[illegible]	

خرچ معہ میجنگ دائرکٹر

	روپیہ	افزون
تقاوی کاشتکاران برائے خرید بیج سنہ ۱۹۰۸ء	[illegible]	
خرچ بیل ہای مردو موضع [illegible]	[illegible]	
چھلکے راب بروبیل سنہ [illegible]	[illegible]	
اجرات نکلوائی راب سنہ [illegible]	[illegible]	
تنخواہ ملازمان پنہالی	[illegible]	
کھانڈ و دیسی کھانڈ سنہ [illegible]		
تعمیر ومرمت مکان کارخانہ شکر سازی	[illegible]	
سفر خرچ میجنگ ڈائرکٹر وملازمان کارخانہ تا لکھنؤ [illegible]	[illegible]	
[illegible]		

یہ مکان ایسا تعمیر کیا گیا ہے جسمیں جست کی چادریں کار ذر لکڑی ایسی چیز ہے کہ وہ ہر جگہ اوٹھا لیجائے	خرچ و کرایہ مد انجن و مشین ۔ مکمل و کڑہاؤ	للعہ ۱۰/	
	تیاری الماری و ڈکس و چوکمان فرش کارخانہ	معہ ۱۵/	
	قیمت اخبارات اصلاح و اثنا عشری و شیعہ گزٹ	سے ملے ۴/	
	صرف مہمانان آمدہ محکمہ زراعت	عہ ۱۰/	
	خرید اشیاء متفرق برائے کارخانہ و بیل ہا	عہ ۱۴/	
	لیمپ دستی برائے ہر دو بیل سٹاف	عہ ۱۲/	
	خرید منگے برائے ورشتن شیرہ سٹاف	عہ	
	خرید بوریان برائے داشتن کھانڈ و شکر	لہ ۳/	
	کمیشن الہ آباد بنک	۱۲	
	تنخواہ ملازمان	۸ معہ	امعہ للعہ ۵/
	خرچ معہ میٹنگ ڈائرکٹر		
		روپیہ	افزون
	ٹکٹ و انگ ٹکٹ رسیدات و محصول	معہ ۱۰/	
	خطوط بیرنگ و خرچ روانگی نمونہ کھانڈ		
	چھپائی و تیاری رجسٹر ہائے بیل و دفتر و نوٹس ہائے جلسہ عام و کاغذ سیاہی و قلم	عہ ۱۱/	
	تقسیم منافع تقسیم ابتدائی　مگر تقسیم بعد وصولی منافع الہ ۱/　معہ ۲/	الہ معہ ۳/	العہ عہ
		الہ ۴/	۱۳
	للعہ شکر کمپنی حامد عہ　بقیہ وصولی منافع ادھر کا　وظیفہ طلبہ شکر سازی عہ　عہ ۴/		

ضروری اطلاع منجملہ موضع سرولی کا رس فی کردہ عہ ٹھہرایا ہوا ہے
